من لؤلؤة بيضاء فما ظنكم بحبيب
بين خليلين أخرجه الحاكم وقال
قال الحاكم هذا البورقي يعني لراوي
الحديث قد وضع في المناكير عن
الثقات مالا يحصى

میری خاطر سرخ قبا عرش کے
دائیں جانب اور ابراہیم کے لئے
سبز یاقوت کا قبہ عرش کی بائیں جانب
نصب ہوگا۔ ہمارے قبوں کے
درمیان سفید موتیوں کا قبہ علی بن
ابی طالب کی خاطر نصب ہوگا۔ اس
حبیب کی کیا منزلت ہوگی جو دو
دوستوں کے درمیان ہوگا۔

ذكر ذود علي المنافقين عن حوض النبي صلى الله عليه وسلم،

حضرت علیؑ منافقین کو حوضِ رسولؐ سے بھگائیں گے

عن أبي سعيد الخدري قال
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
يا علي معك يوم القيامة عصي من
عصي الجنة تذود بها المنافقين
عن الحوض أخرجه الطبراني
وعن علي عليه السلام قال لا
ذودن بيدي هاتين القصيرتين

ابو سعید خدری سے مروی ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
یا علی آپ کے پاس جنت کا عصا ہوگا۔
جس کے ذریعہ منافقین کو حوض
سے ہٹاؤ گے۔ علی علیہ السلام سے
مروی ہے۔ کہ میں اپنے ان چھوٹے
ہاتھوں سے حوض رسول اللہ سے
کفار اور منافقین کے جھنڈوں کو ہٹاؤنگا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عن حوض رسول الله صلى الله صلى الله عليه وسلم رايات الكفار والمنافقين كما يذاد غريب الابل عن حياضها أخرجه أحمد في المناقب

جس طرح لاوارث اونٹ کو حوض سے ہٹایا جاتا ہے۔

ذكر ناقته يوم القيامة

قیامت میں آپ کی اونٹنی کا ذکر

عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي يوم القيامة ناقة من نوق الجنة فتركبها وركبتك مع ركبتي وفخذك مع فخذي حتى تدخل الجنة أخرجه أحمد في المناقب

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا۔ قیامت کے روز تم جنت کی ناقہ پر سوار ہو گے۔ میں تمہارے ساتھ اپنی سواری پر سوار ہونگا میرا ران تمہارے ران کے ساتھ ہوگا اس حالت میں تم جنت میں جاؤ گے۔

jabir.abbas@yahoo.com

الفصل التاسع في ذكر نبذ من فضائله

فصل ۹ آپ کے تھوڑے سے فضائل

تقدم أنه أول من أسلم وأول من صلى وأجمعوا أنه صلى الى القبلتين وهاجر وشهد بدرا والحديبية وبيعة الرضوان والمشاهد كلها غير تبوك استخلفه رسول الله صلى الله عليه وسلم فيها على

آپ سب سے پہلے اسلام لائے۔ سب سے پہلے نماز پڑھی اس بات پر اتفاق ہے۔ کہ آپ نے قبلتین کی طرف نماز پڑھی ہجرت کی۔ جنگ بدر صلح حدیبیہ۔ بیعت رضوان۔ تبوک کے علاوہ سب جنگوں میں شرکت کی جنگ تبوک میں رسول اللہ نے آپ کو مدینہ میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

المدينة وعلى عماله بها وأنه أبلى ببدر وأحد والخندق وخيبر بلاء عظيما وأنه أغنى في تلك المشاهد وقام القيام الكريم وكان لواء رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده في مواطن كثيرة منها يوم بدر وعلى خلف فيه ولما قتل مصعب ابن عمير يوم أحد وكان لواء رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده دفعه رسول الله صلى الله عليه وسلم الى على أخرجه أبو عمر ★ وقد تقدم في خصائصه ان لواء رسول الله صلى الله عليه وسلم كان بيده في كل زحف فيحمل الكل على الأكثر تغليبا للكثيرة وهو شائع في كلامهم فيما بين الروايتين وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا لم يغز لم يعط سلاحه الا عليا أو أسامة أخرجه أحمد في المناقب وشهد له النبي صلى الله عليه وسلم بالشهادة في حديث حراء وثبت له فضل

نگران مقرر کیا تھا۔ آپ نے جنگ بدر، احد، خندق اور خیبر میں بہت بڑے کارنامے انجام دیئے تھے۔ ان غزوات میں آپ نے رسول اللہ کی بڑی مدد کی۔ کریم انسان کی طرح آپ کا ساتھ دیا۔ اکثر جنگوں میں رسول اللہ کا علم آپ کے پاس تھا۔ خاص طور پر جنگ بدر میں۔ احد کی جنگ میں مصعب بن عمیر قتل ہو گیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علم علی کو دیا۔ تمام جنگوں میں رسول اللہ کا علم علی کے ہاتھ میں ہوتا تھا۔ کا استعمال کثرت کی وجہ سے کیا ہے۔ اس بنا پر دونوں حدیثوں میں تطبیق ہو جائے گی۔ جب رسول اللہ جنگ نہیں کرتے تھے تو اپنے ہتھیار یا تو علی کو دے دیتے تھے یا اسامہ کو۔ آپ کو آنحضرت نے اپنی دامادی کے شرف سے نوازا جو بہت بڑی فضیلت ہے۔ آپ آنحضرت کے زیادہ قریبی ہیں۔ دونوں احادیث کا بیان پہلے ہو چکا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فضیلة بالمصاهرة وبأقرب القرابة
وقد تقدمت احاديثهما ★ ومن
أدل دليل على عظم منزلته من
رسول الله صلى الله عليه وسلم
صنيعه في المؤاخاة كما تقدم فانه
صلى الله عليه وسلم جعل يضم الشكل الى الشكل
يؤلف بينهما الى ان آخى بين ابي
بكر وعمر وادخر عليا لنفسه وخصه
بذلك فيا لها مفخرة وفضيلة ★
وقد روي ان معاوية قال لضرار
الصدائي صف لي عليا فقال اعفني
يا امير المؤمنين قال لتصفنه
قال اما اذ لا بد من وصفه كان
والله بعيد المدى شديد القوى
يقول فصلا ويحكم عدلا يتفجر
العلم من جوانبه وتنطق الحكمة
من نواحيه يستوحش من الدنيا و
زهرتها ويأنس الى الليل ووحشته
وكان غزير العبرة طويل الفكرة يعجبه
من اللباس ما قصر ومن الطعام
ما خشن كان فينا كاحدنا يجيبنا

رسول اللہ کا علیؑ کو اپنا بھائی بنایا۔
یہ علی کی بہت بھاری فضیلت ہے
آپ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ کہ آنحضرت
نے شکلیں دیکھ کر ایک دوسرے
کو اس میں بھائی بنایا تھا۔ ابو بکر کو
عمر کا بھائی بنایا تھا۔ علیؑ کو آنحضرت
نے اپنی ذات کے لئے مخصوص کر
رکھا تھا۔ یہ کس قدر فخر اور بہت بڑی
فضیلت کی بات ہے۔

معاویہ نے ضرار صدائی سے کہا
کہ علی کے اوصاف بیان کیجئے۔ کہا
مجھے معاف فرمائیے۔ کہا تجھے ضرور
بیان کرنے پڑیں گے۔ کہا۔ اگر
کرنا ضروری ہے تو خدا کی قسم
آپ بہت بڑے بہادر، مضبوط جسم
کے مالک تھے۔ دو ٹوک بات فرماتے
ٹھیک فیصلہ کرتے۔ آپ علم کا بہتا
ہوا چشمہ تھا۔ دنیا اور دنیا کی رونق
سے متنفر تھے۔ آپ کو رات اور
اس کی تاریکی میں علیحدگی پسند تھی۔
پھوٹ پھوٹ کر روتے تھے بہت
سوچ وچار کرتے تھے۔ آپ کو مختصر
لباس پسند تھا۔ روکھا سوکھا طعام تناول فرماتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اذا سألناه ويبيّننا اذا استنبأناه و
نحن واللّٰہ مع تقریبه ایانا وقربه
منا لا نکاد نکلمه هیبة له یعظم
أهل الدین ویقرب المساکین
ولا یطمع القوی في باطله ولا ییأس
الضعیف من عدله وأشهد لقد
رأیته في بعض مواقفه وقد أرخی
اللیل سدوله وغارت نجومه
قابضا علی لحیته یتململ تململ السلیم
ویبکي بکاء الحزین ویقول یا دنیا
غري غیری الی تعرضت أم الی
تشوقت هیهات هیهات قد
طلقتك ثلاثا لا رجعة فیها فعمرك
قصیر وخطرك قلیل آه آه من
قلة الزاد وبعد السفر ووحشة
الطریق فبکی معاویه وقال رحم
اللّٰہ أبا حسن کان واللّٰہ کذلك
فکیف حزنك علیه یا ضرار قال
حزن من ذبح واحدها في حجرها
أخرجه الدولابي وأبو عمر صاحب
الصفوة ★ وعن الحسن بن أبي

ہمارا ایک فرد معلوم ہوتے۔ جب آپ
سے کوئی بات پوچھتے۔ تو آپ جواب
دیتے۔ اگر کوئی خبر دریافت کرتے
تو اس سے آگاہ کرتے۔ خدا کی قسم
نہایت قریبی قرب ہونے کے باوجود
آپ کی رعب کی وجہ سے آپ سے
بات نہیں کر سکتے تھے۔ اہل دین
کی عزت کرتے۔ مساکین کو اپنے قریب
کرتے مساکین آدمی آپ سے
غلط فیصلہ کی توقع نہیں رکھتا تھا۔
کمزور آپ کے انصاف سے مایوس
نہیں تھا۔ میں نے آپ کو بعض اوقات
اس وقت دیکھا جب رات کی
تاریکی نے پردے ڈال دئیے تھے۔
ستارے غروب ہو کر نکل آئے تھے۔ آپ
اپنی ڈاڑھی کو پکڑ مار گزیدہ کی طرح
بے چین ہوتے۔ غمگین صورت میں گریہ
فرماتے۔ دنیا کی اور کو دھوکا دے مجھے تیری
ضرورت نہیں ہے۔ میں نے تجھے تین طلاق
دے دئیے جس سے دوبارہ رجوع نہیں ہو سکتا
تیری عمر کم ہے۔ ہائے افسوس زاد راہ بہت کم ہے
اور راستہ لمبا اجنبی ہے۔ یہ سن کر معاویہ رونے لگا۔ کہا۔

خدا ابو الحسن پر رحم کرے خدا کی قسم آپ ایسے صفات کے مالک تھے۔ معاویہ نے کہا ضرار تجھے ان کی موت کا
کتنا غم ہے۔ کہا اتنا غم ہے جس طرح کسی عورت کا اکلوتا بچہ اس کی گود میں ذبح کر دیا جائے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحسن وقد سئل عن علی بن أبی
طالب قال کان علی واللہ سهما
صائبا من مرامی اللہ علی عدوہ
وربانی هذہ الامة وذا فضلها و
سابقتها وذا قرابتها من رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم لم یکن بالنومة
عن أمر اللہ ولا بالملومة فی دین اللہ
عزوجل ولا بالسروقة لمال اللہ
عزوجل أعطی القرآن عزائمه
ففاز منه بریاض مونقة ذلک
علی بن أبی طالب أخرجه القلعی وقد
تقدم فی باب الاربعة وصفا ابن
عباس له وفضائله أکثر من أن تعد *
قال أحمد بن حنبل والقاضی اسماعیل
بن اسحاق لم یرد فی فضائل أحد من
الصحابة بالاسانید الحسان ما روی
فی فضائل علی بن أبی طالب رضی
اللہ عنه

حسن بن الوالحسن سے مروی ہے۔
کہ کسی شخص نے آپ سے حضرت علیؑ کے
بارے میں پوچھا۔ آپ نے کہا خدا کی
قسم آپ اپنے دشمن کے لئے خدا کا
بے خطا تیر تھے۔ اس امت کی
تربیت کرنے والے تھے۔ امت میں
صاحب نقل صاحب سبقت اور
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرابت
دار تھے۔ خدا کے حکم سے غافل نہیں
تھے۔ خدا کے دین کی خاطر کسی کی پرواہ
نہیں کرتے تھے۔ قرآن کی عزائم
صورتوں میں غور و فکر کیا تو وہاں سے
ثمر دار چیز برآمد کیں ایسے شخص کو علیؑ
بن ابی طالب کہتے ہیں۔ احمد بن حنبل
اور قاضی اسماعیل بن اسحاق نے کہا
کہ فضائل صحابہ میں اس قدر اچھی سند
کے ساتھ احادیث بیان نہیں ہوئیں
جس قدر علیؑ کے فضائل میں بیان
ہوئی ہیں۔

ذکر محبة اللہ عزوجل و رسوله صلی اللہ علیہ وسلم له

"خدا اور رسول کا آپ سے محبت کرنا۔"

تقدم فی الخصائص ذکر الحدیث

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

الله ورسوله له وهي منضمنة المحبة مع الترجيح فيها على الغير ★

عن بريدة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله امرني بحب اربعة واخبرني انه يحبهم قيل يا رسول الله سمهم لنا قال علي منهم يقول ذلك ثلاثا وابوذر وسلمان والمقداد وامرني بحبهم واخبرني انه يحبهم اخرجه احمد والترمذي وقال حسن غريب ★

بریدہ سے مروی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے خداوند عالم نے چار آدمیوں سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے! اور خود بھی ان چار آدمیوں سے محبت کرتا ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ ان کے ناموں سے آگاہ فرمائیے۔ تین دفعہ فرمایا علیؑ ان میں سے ہیں باقی ابوذرؓ سلمانؓ اور مقدادؓ ہیں مجھے ان سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے۔ مجھے آگاہ کیا ہے۔ کہ وہ بذات خود ان سے محبت کرتے ہیں۔

وعن ابن عباس رضي الله عنهما ان عليا دخل على النبي صلى الله عليه وسلم فقام اليه وعانقه وقبل بين عينيه فقال العباس اتحب هذا يا رسول الله فقال يا عم والله لله اشد حبا له مني اخرجه ابو الخير القزويني ★

ابن عباسؓ نے کہا۔ علیؑ رسول اللہ کی خدمت میں تشریف لائے۔ آنحضرتؐ نے کھڑے ہو کر آپ کو گلے لگایا۔ اور دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔

وعن عبد الرحمن ابن ابي ليلى وقد ذكر عنده علي وقول الناس فيه فقال عبد الرحمن قد جالسناه وجاريناه وواكلناه وشاربناه وقمنا له على الاعمال فما سمعته يقول

عبدالرحمن بن ابی لیلی کے سامنے حضرت علیؑ کا ذکر ہوا۔ آپ کے بارے میں لوگوں کے نظریات بھی بیان ہوئے عبدالرحمن نے کہا ہم آپ کے ساتھ بیٹھے، ساتھ رہے آپ کے ساتھ کھایا پیا۔ اور لوگ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شيأ مما يقولون أولا يكفيكم أن يقولوا ابن عم رسول الله صلى الله عليه وسلم وحبيبه وشهد بيعة الرضوان وشهد بدرا أخرجه أحمد في المناقب.

جو باتیں کرتے ہیں میں نے آپ سے ایسی کوئی بات نہیں سنی۔ کیا آپ کی فضیلت کے لئے یہ بات کافی نہیں ہے۔ لوگ کہیں یہ رسول اللہ کے چچا کے فرزند ہیں اور آپ کے حبیب ہیں بیعت رضوان میں موجود تھے اور جنگ بدر میں جہاد کیا۔

ذكر فضل منزلته من رسول الله صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ کے نزدیک آپ کا مقام

عن عبد الله بن الحارث قال قلت لعلي بن أبي طالب أخبرني بأفضل منزلتك من رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نعم قال بينا أنا نائم عنده وهو يصلي فلما فرغ من صلاته قال يا علي ما سألت الله عز وجل من الخير إلا سألت لك مثله وما استعذت الله من الشر إلا استعذت لك مثله أخرجه المحاملي

عبد اللہ بن حارث نے کہا میں حضرت کی خدمت میں عرض کیا۔ کہ رسول اللہ کی طرف سے جو بڑی فضیلت آپ کو حاصل ہوئی وہ آپ بیان فرمائیے۔ فرمایا ایک دفعہ میں رسول اللہ کے ہاں سویا ہوا تھا۔ آپ نماز پڑھ رہے تھے نماز سے فارغ ہونے کے بعد مجھ سے فرمایا میں نے خداوند عالم سے اپنے لئے جو بہتری طلب کی ہے وہ تمہارے لئے بھی طلب کی ہے جس برائی سے اپنے لئے پناہ مانگی ہے۔ اس سے تمہارے لئے بھی پناہ مانگی ہے

ذكر أنه ما اكتسب مكتسب مثل فضله

آپ جیسی فضیلت کسی نے حاصل نہیں کی۔

عن عمر بن الخطاب قال قال

عمر بن خطاب نے کہا۔ کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اکتسب مکتسب مثل فضل علی یھدی صاحبہ الی الھدی ویرد عن الردی اخرجہ الطبرانی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کسی شخص نے علیؑ جیسی فضیلت حاصل نہیں کی۔ آپ اپنے ماننے والے کو سیدھا راستہ دکھلاتے ہیں۔ اس کو ہلاکت سے روکتے ہیں۔

ذکر الحث علی محبتہ والزجر من بغضہ

آپ سے محبت رکھنے کی ترغیب اور بغض رکھنے سے ممانعت

تقدم فی الخصائص فی ذکر من احبک فقد احبنی ومن ابغضک فقد ابغضنی طرف من ذلک ★ وعن علی علیہ السلام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احبنی واحب ھذین وأباھما وأمھما کان معی فی درجتی یوم القیامۃ اخرجہ احمد والترمذی وقال حدیث غایب ★ وعنہ أنہ قال والذی فلق الحبۃ وبرا النسمۃ انہ لعھد النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم لا یحبنی الا مؤمن ولا یبغضنی الا منافق اخرجہ مسلم واخرجہ ابوحاتم وقال ذرا

آپ سے محبت رکھنے کی ترغیب

رسول اللہ نے آپ سے فرمایا۔ جس شخص نے تم سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی۔ اور جس نے تم سے بغض رکھا (علی علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ جس شخص نے مجھے ان دونوں (حسنینؑ) ان کے باپ اور ماں کو دوست رکھا۔ وہ قیامت کے روز میرے درجے میں ہوگا۔ علی علیہ السلام نے فرمایا۔ قسم ہے۔ اس ذات کی جس نے دانے میں تنکا گاف ڈالا۔ اور روح کو زندہ کیا۔ مجھ سے نبی امی نے فرمایا تھا کہ مجھے مومن دوست اور منافق مجھ سے بغض رکھے گا۔ ابوحاتم نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

النسمة انه لعهد النبی صلی اللّٰہ
علیہ وسلم الی ان لا یحبنی الا مومن
ولا یبغضنی الا منافق واُخرجہ
الترمذی ولفظہ عہد الی من
غیر قسم وقال حسن صحیح ★ عن
اُم سلمة رضی اللّٰہ عنہا کان رسول
اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یقول لا یحب
علیاً منافق ولا یبغضہ مومن اخرجہ
الترمذی وقال حسن غریب
(شرح) . ذرأ خلق من ذرأ
اللّٰہ الخلق - النسمة - النفس و
کل ذی روح فھو نسمة ★ عنہا
اَن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
قال لعلی لا یبغضک مومن ولا
یحبک منافق اُخرجہ احمد فی
المسند ★ وعن المطلب بن
عبد اللّٰہ بن حنطب عن اَبیہ قال
قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
یا ایہا الناس اُوصیکم بحب ذی
قربیہا اخی وابن عمی علی بن ابی طالب
فانہ لا یحبہ الا مومن ولا یبغضہ

کہا کہ حضرت نے فرمایا قسم ہے
اس ذات کی جس نے روح کو پیدا کیا۔
مجھے نبی صلعم نے فرمایا تھا کہ مجھے مومن
دوست رکھے گا۔ اور منافق مجھ سے
گا۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے
تھے علی کو منافق دوست نہیں رکھے
گا اور مومن آپ سے نفرت نہیں کرے
گا۔ نیز بی بی ام سلمہ فرماتی ہیں کہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی سے فرمایا۔ تجھ
سے مومن بغض اور منافق تجھ سے محبت
نہیں کرے گا۔ عبد المطلب بن عبد اللہ
بن حنطب اپنے باپ سے روایت
کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اے لوگو! میں
تمہیں اپنی امت کے ذوقربیٰ، اپنے
بھائی اور اپنے ابن عم علی بن ابی
طالب سے محبت کرنے کی وصیت
کرتا ہوں۔ آپ کو مومن دوست
رکھے گا اور منافق آپ سے نفرت
کرے گا۔ جس شخص نے آپ کو
دوست رکھا۔ اس نے
مجھے دوست رکھا۔ جس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الامنافق من أحبه فقد أحبني ومن
أبغضه فقد أبغضني أخرجه أحمد
في المناقب ★ وعن الحارث الهمداني
قال رأيت عليا على المنبر فحمد الله
وأثنى عليه ثم قال قضاء قضاه الله
عزوجل على لسان نبيكم النبي الامي
صلى الله عليه وسلم أن يحبني الامؤمن
ولا يبغضني الامنافق أخرجه ابن
فارس ★ وعن جابر بن عبد الله
رضي الله عنهما قال ماكنا نعرف
المنافقين الا ببغضهم عليا أخرجه
أحمد في المناقب وأخرجه الترمذي
عن أبي سعيد ولفظه قال ان كنا
لنعرف المنافقين نحن معشر
الانصار ببغضهم علي بن أبي
طالب وقال غريب ★ وعن أبي
ذر رضي الله عنه قال ماكنا نعرف
المنافقين على عهد رسول الله
صلى الله عليه وسلم الا بثلاث
بتكذيبهم الله ورسوله والتخلف
عن الصلاة وبغضهم علي بن أبي طالب

نے آپ سے بغض رکھا۔ اس
نے مجھ سے بغض رکھا۔
حارث ھمدانی نے کہا۔
کہ میں نے علی کو منبر پر دیکھا۔ آپ
نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا۔
کہ خداوند عالم نے اپنے نبی امی صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان کے ذریعہ
اس بات کا فیصلہ کیا ہے۔ کہ مجھے
مومن دوست رکھے گا۔ اور منافق
مجھ سے نفرت کرے گا۔ جابر بن عبد اللہ رضہ
نے۔ کہا کہ ہم لوگ منافقین کو علیؑ سے
بغض رکھنے کی وجہ سے پہچانتے تھے
ابو سعید نے کہا ہم گروہ انصار منافقین
کو علیؑ سے بغض رکھنے کی وجہ سے جانتے
تھے۔ ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے
ہیں۔ کہ ہم لوگ رسول اللہ کے
زمانے میں منافقین کو تین باتوں
کی وجہ سے پہچانتے تھے۔ ۱۔ اللہ اور
اس کے رسول کو جھٹلانے سے
۲۔ نماز نہ پڑھنے سے۔
۳۔ علی بن ابی طالبؑ سے
بغض رکھنے سے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أخرجه ابن شاذان ★ وعن زيد بن أرقم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أحب أن يستمسك بالقضيب الأحمر الذي غرسه الله في جنة عدن فليستمسك بحب علي بن أبي طالب أخرجه أحمد في المناقب ★ وعن ابن عباس رضي الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حب علي يأكل الذنوب كما تأكل النار الحطب أخرجه الملاء ★ وعن أنس رضي الله عنه قال دفع علي بن أبي طالب الى بلال درهما يشتري به بطيخا قال فاشتريت به فأخذ بطيخة فقورها فوجدها مرا فقال يا بلال رد هذا الى صاحبه وائتني بالدرهم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لي ان الله أخذ حبك على البشر والشجر والثمر والبذر فما أجاب الى حبك عذب وطاب وما لم يجب خبث ومر واني أظن هذا مما لم يجب أخرجه الملاء وفيه

زید بن ارقم سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ وہ شخص قضیب سرخ کو پکڑے جس کو خدا نے جنت عدن میں لگایا ہے۔ تو وہ علیؑ سے محبت کرے۔" ابن عباس سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ علیؑ کی محبت گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتی ہے۔ انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ علیؑ کی محبت گناہوں کو اس طرح ختم کرتی ہے جس طرح آگ لکڑی کو ختم کر دیتی ہے۔ انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ علی علیہ السلام نے بلالؓ کو تربوز لانے کے لئے ایک درہم دیا۔ بلال نے کہا۔ میں نے تربوز خریدا۔ اور حضرت کی خدمت میں پیش کیا جب حضرت نے توڑا تو وہ کڑوا تھا۔ بلالؓ سے فرمایا۔ اسکو اسکے مالک کے حوالے کرو۔ میرا درہم واپس لے آؤ مجھے رسول اللہ نے آگاہ فرمایا تھا کہ خدا تعالیٰ نے مجھ سے محبت رکھنے کا عہد انسان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دلالة على أن العيب الحادث
اذا كان مما يطلع به على العيب
القديم لا يمتنع من الرد ★ وعن
فاطمة بنت رسول الله صلى الله
عليه وسلم قالت قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم ان السعيد كل
السعيد حق السعيد من أحب عليا
في حياته وبعد موته أخرجه أحمد ★
وعن عمار بن ياسر قال سمعت رسول
الله صلى الله عليه وسلم يقول يا علي
طوبى لمن احبك وصدق فيك وويل
لمن أبغضك وكذب فيك أخرجه
ابن عرفة ★ وعن سعيد بن
المسيب ان رجلا كان يقع في
الزبير وعلى فجعل سعد بن مالك
ينهاه ويقول لا تقع في اخواننا
فأبى فقام سعد وصلى ركعتين ثم قال
اللهم ان كان مسخطا لك ما يقول
فأرني به واجعله آية للناس فخرج
الرجل فاذا هو بختي يشق الناس
فأخذه فوضعه بين كركرته وبين

درخت اور پھل اور تخم سے لیا تھا۔
جس نے اپکی صحبت کا اقرار کیا وہ میٹھا اور
پاک ہوگا۔ جس نے اقرار نہیں کیا وہ خبیث اور
کڑوا ہوگا۔ میرے خیال میں اس نے میری
محبت کا اقرار نہیں کیا تھا۔ اس واقعہ
سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ اگر کسی
چیز میں پہلے سے کوئی نقص موجود ہو۔
تو اس کو واپس کر دینے سے کوئی مضائقہ
نہیں۔ رسول اللہ کی دختر نیک اختر جنابِ
فاطمہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں۔ کہ آنحضرت
نے فرمایا کہ پوری طرح نیک بخت بالکل
نیک بخت وہ ہے۔ جس نے علیؑ کو آپکی
زندگی میں اور آپکے مرنے کے بعد آپ کو
دوست رکھا ہو۔

عمار بن یاسر نے کہا کہ رسول اللہ نے علیؑ سے
فرمایا وہ شخص خوش قسمت ہے جس نے آپکو دوست
رکھا اور آپکی بات کی تصدیق کی وہ
شخص برباد ہو جائیگا جو آپسے بغض
رکھیگا اور آپ کی بات جھٹلائیگا۔

سعید بن مسیب نے کہا۔ کہ ایک شخص علیؑ اور
زبیر کا گلہ کرتا تھا اس شخص کو سعد بن مالک
نے منع کیا کہ ہمارے بھائیوں کا گلہ نہ کرو مگر
اس نے نہ مانا سعد نے کھڑے ہو کر دو رکعت نماز
پڑھی پھر کہا اے معبود اگر اس شخص نے اپنی باتوں سے تجھے ناراض کیا ہے مجھے اس کا انجام اور حشر لوگوں کو دکھلا۔ وہ شخص

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

البلاط فسحبه حتى قتله وجاء الناس
يسعون الى سعد يبشرونه هنيأ لك
أبا اسحاق قد استجيبت دعوتك
أخرجه القلعي وأخرج معناه أبو مسلم
بن عامر عن عامر بن سعد ولفظه
قال بينا سعد يمشي اذ مر برجل وهو
يشتم عليا وطلحة والزبير فقال له
سعد إنك لتشتم قوما قد سبق لهم
من الله ما سبق والله لتكفن عن
شتمهم أو لادعون الله عليك فقال
يخوفني كانه نبي قال فقال سعد اللهم
ان كان قد سب أقواما سبق لهم
منك ما سبق فاجعله اليوم نكالا

قال فجاءت بختية وأفرج الناس
لها فتخبطته قال فرأيت الناس
يبتدرون سعدا فيقولون استجاب
الله لك أبا اسحاق أخرجه الانصاري
وأبو مسلم ★ وعن علي بن زيد ابن
جدعان قال كنت جالسا الى سعيد
بن المسيب فقال يا أبا الحسن مر قائدك
يذهب بك فتنظر الى وجه هذا الرجل

نکلا ہی تھا کہ ایک بختی اونٹ صف چیرتا ہوا آیا
اور اس کو پکڑ کر اپنے سینے اور زمین کے درمیان
رکھ کر ہلاک کر دیا۔ اس کو اس قدر پیسا کہ
وہ مر گیا۔ لوگ دوڑتے ہوئے سعد کے پاس آئے
اور آپ کو یہ خوشخبری سنا ور کہا سعد آپ
کو مبارک ہو۔ خدا نے آپ کی دعا قبول
کر لی ہے۔ عامر بن سعد سے مروی ہے کہ سعد
جا رہے تھے۔ ایک شخص گزرا جو علی، طلحہ
اور زبیر کو گالیاں دیتا تھا۔ سعد نے کہا تم
ایسے اشخاص کو گالیاں دیتے ہو جن کو
اللہ تعالی کی جانب سے بہت بڑا مرتبہ ملا
ہے۔ گالیاں مت دو۔ ورنہ خدا سے
تمہاری شکایت کروں گا۔ اس نے کہا مجھے
ایسے ڈراتے ہو جیسے نبی ڈراتے ہیں۔
سعد نے کہا اے معبود! اس نے ان لوگوں کو
گالیاں دی ہیں جن کی تیرے نزدیک عزت ہے۔
آج اس شخص کو عبرت کا مقام بنا۔ بختیہ اونٹنی
آئی۔ لوگوں نے اس کو جگہ دے دی اور
اس شخص کو پکڑ لیا۔ لوگ دوڑتے ہوئے سعد
کے پاس آئے اور کہا اے ابو اسحاق خدا نے
آپکی دعا قبول کر لی ہے۔ علی بن زید بن
جدعان نے کہا میں سعید بن مسیب کے ہاں بیٹھا
ہوا تھا۔ اس نے کہا اے ابو الحسن اپنے قائد کو حکم دو
جا کر اس شخص کے چہرے اور جسم کو دیکھ لے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

والی جسده فانطلق فاذا وجهه وجه
زنجی وجسده ابیض قال انی اتیت
علی هذا وهو یسب طلحة والزبیر
وعلیا فنهیته فابی فقلت ان کنت
کاذبا یسود الله وجهک فخرج فی
وجهه قرحة فاسود وجهه اخرجه
ابن ابی الدنیا ٭ وعن حوثرة بن
محمد البصری قال رأیت یزید بن هارون
الواسطی فی المنام بعد موته باربع
لیال فقلت ما فعل الله بک قال
تقبل منی الحسنات وتجاوز عنی
السیئات واذهب عنی التبعات قلت وما
کان بعد ذلک قال وهل یکون من
الکریم الا الکرم غفر لی ذنوبی و
ادخلنی الجنة قلت بم نلت الذی
نلت قال بمجالس الذکر وقولی الحق
وصدقی فی الحدیث وطول قیامی فی
الصلاة وصبری علی الفقر قلت
منکر ونکیر حق فقال ای والله الذی
لا اله الا هو لقد اقعدانی وسألانی
فقالا لی من ربک وما دینک ومن

اس نے جا کر ملاحظہ کیا۔ اس کا چہرہ
حبشی کی طرح سیاہ ہو چکا تھا۔ میں اس
شخص کے قریب گیا وہ طلحہ، زبیر اور
علیؑ کو گالیاں دے رہا تھا۔ میں نے
اس کو منع کیا۔ اس نے میری بات ماننے
سے انکار کیا۔ میں نے کہا اگر تم جھوٹے
ہو تو اللہ تعالیٰ تیرا چہرہ سیاہ کر دے گا
اس کے چہرہ پر سیاہ پھوڑا نکلا جس سے
اس کا چہرہ سیاہ ہو گیا۔
٭ حوثرہ بن محمد البصری سے مروی ہے۔
میں نے یزید بن ہارون واسطی کو اس
کی موت کے چار راتیں گزرنے کے بعد
خواب میں دیکھا۔ پوچھا اللہ تعالیٰ نے
تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا ہے۔ کہا میری نیکیاں
قبول کر لی ہیں اور میرے گناہوں سے
درگزر کیا ہے میرا بوجھ کر دیا ہے۔
میں نے پوچھا پھر کیا ہوا۔ کہا کریم سے کرم
ہی صادر ہوتا ہے میرے گناہ بخش دیئے۔
مجھے جنت میں داخل کیا۔ میں نے پوچھا ایسا
کیوں ہوا۔ کہا مجالس ذکر میں شمولیت حق بات کہنے
سچی گفتگو کرنے، نماز شب میں طویل قیام اور
غربت میں صبر کرنے کی وجہ سے حاصل ہوا۔ میں
نے کہا منکر اور نکیر کا قبر میں آنا حق ہے۔ کہا خدا
کی قسم یہ سچ ہے۔ منکر نکیر نے مجھے قبر میں بٹھا کر پوچھا

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نبيك فجعلت أنفض لحيتي البيضاءُ من التراب فقلت مثلي يسأل أنا يزيد بن هارون الواسطي وكنت في دار الدنيا ستين سنة أعلم الناس قال أحدهما صدق وهو يزيد بن هارون نم نومة العروس فلا روعة عليك بعد اليوم قال أحدهما أكتبت عن حريز بن عثمان قلت نعم وكان ثقة في الحديث قال ثقة ولكن كان يبغض عليا أبغضه الله عزوجل أخرجه ابن الطباخ في أماليه

تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے؟ تیرا نبی کون ہے؟ میں اپنی سفید داڑھی سے مٹی صاف کرتا تھا اور دل میں کہتا میں یزید بن ہارون واسطی ہوں قبر میں مجھ سے سوال کیا جاتا ہے۔ میں دنیا میں ساٹھ سال رہا ہوں میں تمام لوگوں سے بڑا عالم تھا منکر اور نکیر میں سے ایک نے کہا۔ دلھن کی طرح سو جا۔ آج کے بعد کسی چیز سے خوف نہ کرو۔ ان میں ایک نے کہا۔ حریز بن عثمان سے روایت کرتا تھا۔ میں نے کہا ہاں وہ حدیث میں ثقہ تھے کہا ثقہ تو تھے لیکن علیؑ سے بغض رکھتے تھے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ اس سے بغض رکھتا ہے۔

ذكر شفقته صلى الله عليه وسلم عليه ورعايته ودعائه له

”علیؑ سے رسول اللہ کی شفقت رعایت اور دعا۔“

عن ابراهيم بن عبيد بن رفاعة بن رافع الانصاري عن أبيه عن جده قال أقبلنا من بدر ففقدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فنادت الرفاق بعضها بعضا أفيكم رسول الله صلى الله عليه وسلم فوقفوا حتى جاءُ

ابرہیم بن عبید بن رفاعہ بن رافع انصاری اپنے باپ سے وہ آپ کے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ کہ ہم بدر سے واپس آ رہے تھے۔ راستے میں رسول اللہ صلعم گم ہو گئے۔ آپس میں احباب نے اعلان کیا کیا تم میں رسول اللہ موجود ہیں۔ ٹھہر جاؤ۔ آنحضرت آ جائیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسول الله صلی الله علیه وسلم ومعه
علی ابن ابی طالب فقالوا یا رسول
الله فقدناک قال ان ابا حسن وجد
مغصا فی بطنه فتخلفت علیه اخرجه
ابو عمر ★ وعن ام عطیة قالت
بعث رسول الله صلی الله علیه وسلم
جیشا فیهم علی بن ابی طالب قالت
فسمعت رسول الله صلی الله علیه
وسلم وهو رافع یدیه یقول اللهم
لا تمتنی حتی ترینی علیا اخرجه الترمذی
وقال حسن غریب وعن علی قال
کنت اذا سألت النبی صلی الله
علیه وسلم اعطانی واذا سکت ابتدانی
اخرجه الترمذی وقال حسن غریب *
وعنه قال کنت شاکیا فمر بی رسول
الله صلی الله علیه وسلم وانا اقول اللهم
ان کان اجلی قد حضر فارحنی وان
کان متاخرا فارفع عنی وان کان
بلاء فصبرنی فقال رسول الله صلی الله
علیه وسلم کیف قلت فاعدت علیه
فضربنی برجله وقال اللهم عافه

علی علیہ السلام آنحضرت کے ساتھ تھے
احباب کہنے لگے یا رسول اللہ آپ گم ہو
گئے تھے۔ فرمایا علیؑ کے پیٹ میں تکلیف
تھی۔ تو میں نے آپ کی تیمارداری کی تھی۔
ام عطیہ نے کہا رسول اللہ نے ایک
لشکر جنگ پر روانہ کیا۔ علی علیہ السلام لشکر
کے ساتھ تھے۔ رسول اللہ کو میں نے
فرماتے ہوئے سُنا۔ پالنے والے مجھے
اس وقت تک موت نہ دینا جب
تک علی کو نہ دیکھ لوں۔
حضرت علیؑ سے مروی ہے کہ جب
میں رسول اللہ سے سوال کرتا تھا تو
جواب دیتے میں خاموش ہو جاتا۔ تو
آپ باتیں شروع کر دیتے علی علیہ
السلام سے روایت ہے مجھے تکلیف
تھی میں کہہ رہا اے پالنے والے اگر میری
موت قریب ہے۔ تو مجھے راحت دے۔
اگر ابھی دُور ہے تو مجھے خیریت دے۔
اگر اس تکلیف میں میرا امتحان مقصود
ہے۔ تو مجھے صبر کی توفیق دے رسول اللہ
میرے پاس سے گزرے فرمایا کیا کہہ رہے
تھے۔ میں نے دوبارہ کہا۔ آپ نے مجھے اپنے
پاؤں سے ٹھوکر لگائی معبود اسکو خیریت عطا فرما۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أو اشفه شعبة الشك قال فما
اشتكيت وجعي ذلك بعد أخرجه
أبو حاتم ★ وعنه قال لي رسول
الله صلى الله عليه وسلم يا علي إياك
ودعوة المظلوم فإنما يسأل الله
حقه وإن الله لا يمنع ذا حق حقه
أخرجه المخلص ★ وعن أنس رضي الله
عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم بعث
عليا ثم بعث رجلا خلفه وقال ادعه
ولا تدعه من ورائه أخرجه الدارقطني

یا فرمایا۔ اس کو شفا عطا فرما پھر مجھے
درد کی کبھی تکلیف نہ ہوئی۔ علی علیہ
السلام سے روایت ہے۔ کہ مجھے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا۔
مظلوم کی مدد کرنا۔ قیامت کے روز
خدا تعالیٰ اس کے بارے میں پوچھے گا
اللہ تعالیٰ حقدار کا حق نہیں روکتا۔
انس نے کہا۔ رسول اللہ نے علی کو
کہیں بھیجا۔ ایک آدمی کو آپ کے پیچھے
بھیجا فرمایا آپ کو جلد لاؤ۔ آپ کو
پیچھے سے ڈرانا نہیں۔

ذكر طروق النبي صلى الله عليه وسلم عليا ليلا يأمره بصلاة الليل

رسول اللہ کا ایک رات علی کے پاس آنا اور آپ کو نماز شب کا حکم دینا۔

عن علي أن النبي صلى الله
عليه وسلم طرقه وفاطمة ليلا فقال
الا تصلون فقلت يا رسول الله
انما أنفسنا بيد الله عز وجل
فإذا شاء أن يبعثنا بعثنا فانصرف
رسول صلى الله عليه وسلم حين قلت

علی علیہ السلام نے کہا۔ ایک رات
رسول اللہ آپ کے اور جناب فاطمہ کے پاس
تشریف لائے فرمایا۔ نماز کیوں نہیں پڑھتے
عرض کیا ہماری جان اللہ تعالیٰ کے قبضہ
میں ہے۔ جب وہ چاہتا ہے۔ کہ ہم اٹھیں
ہم اٹھتے ہیں۔ جب میں نے یہ بات
کہی تو رسول اللہ واپس تشریف لے گئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذلك نسمعته وهو يضرب فخذه ويقول وكان الانسان اكثر شئ جدلا اخرجه مسلم والترمذى والنسائى ★ وفي رواية انه قال قوما فصليا ثم رجع الى منزله فلما مضى هوى من الليل رجع فلم يسمع لنا حسا فقال قوما فصليا فقمت وانا اعرك عيني فقلت ما نصلي الا ما كتب لنا الحديث اخرجه ابو القاسم في الموافقات

آپ واپس جا رہے تھے۔ ران پر ہاتھ مارتے تھے۔ فرماتے تھے۔ انسان بڑا جھگڑالو ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ آپ نے دونوں سے فرمایا۔ اُٹھو اور نماز پڑھو۔ پھر اپنے گھر تشریف لے گئے۔ جب رات کا کچھ حصہ گزرا تو آپ پھر تشریف لائے۔ ہم نے آپ کے آنے کی آہٹ تک نہ سنی۔ فرمایا۔ اُٹھو اور نماز پڑھو۔ میں اُٹھا لیکن میری آنکھ میں تکلیف تھی عرض کیا جو نماز ہمارے مقدر میں لکھی ہے ہم وہی پڑھیں گے۔

ذكر كسوة النبي صلى الله عليه وسلم عليا ثوب حرير

عن علي عليه السلام قال كساني رسول الله صلى الله عليه وسلم حلة سيراء فخرجت بها فرأيت الغضب في وجهه فشققتها بين نسائي اخرجاه ★ وفي افراد مسلم عنه ان أكيدر دومة اهدى الى النبي صلى الله عليه وسلم ثوب حرير فأعطاه عليا وقال شققه خمرا بين

نبی کریم کا علی کو ریشمی لباس پہنانا

علی علیہ السلام نے کہا مجھے آنحضرت نے ریشمی لباس پہنایا۔ میں پہن کر باہر نکلا میں نے رسول اللہ کے چہرے پر ناراضگی کے آثار ملاحظہ کئے۔ (خود پہنانے کے بعد ناراض ہونے کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی) میں نے اس کو اپنی عورتوں میں تقسیم کر دیا۔ انہی سے کہ دومہ کے اکیدر نے رسول اللہ کے پاس ریشم کا کپڑا ہدیہ کے طور بھیجا۔ آپ نے دے دیا کر فاطمہ نامی عورتوں میں تقسیم کر دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الفواطم ★ وعنه قال اهدى لرسول الله صلى الله عليه وسلم حلة مسيرة بحرير لما سداها واما لحمتها فبعث النبي صلى الله عليه وسلم بها الى فقلت يا رسول الله ما اصنع بها قال لا ارضى لك شيا واكره لنفسي اجعلها خمرا بين الفواطم فشققت منها اربعة اخمرة خمارا لفاطمة بنت اسد أم علي وخمارا لفاطمة بنت محمد صلى الله عليه وسلم وخمارا لفاطمة بنت حمزة وذكر فاطمة اخرى نسيتها اخرجه ابن الضحاك

علی علیہ السلام نے فرمایا۔ رسول اللہ کو ریشم سے بنا ہوا جوڑا کسی شخص نے بطور ہدیہ دیا۔ اس کو آنحضرت نے میرے پاس بھیج دیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں اس کو کس کام میں لاؤں فرمایا جو چیز میں اپنے لئے پسند نہیں کرتا۔ وہ تمہارے لئے بھی پسند نہیں کرتا۔ فواطم میں دوپٹے بنا کر تقسیم کر دو۔ میں نے اس کے چار دوپٹے بنائے ایک فاطمہ بنت اسد مادر علیؑ کو ایک فاطمہ بنت محمدؐ کو ایک فاطمہ بنت حمزہ کو ایک اور فاطمہ کو دیا جس کا نام میں بھول گیا۔ بول دیا۔

ذکر تعمیمه ایاه صلی الله علیه وسلم بیده

رسول اللہ کا اپنے ہاتھ سے علی کو عمامہ باندھنا

عن عبد الاعلى بن عدي النهرواني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم دعا عليا يوم غدير خم فعممه وارخى عذبة العمامة من خلفه

عبد اللہ علی بن عدی نہروانی نے کہا۔ رسول اللہ نے غدیر خم کے روز علی علیہ السلام کو بلا کر عمامہ باندھا۔ اور اس کا شملہ آپ کے پشت کی طرف کر دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذكر الزجر عن الغلو فيه

عن علي السلام قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فيك مثل من عيسى عليه السلام أبغضته يهود حتى بهتوا أمه وأحبته النصارى حتى أنزلوه بالمنزلة التي ليس بها ثم قال يهلك في رجلان محب مفرط يقرظني بما ليس في ومبغض يحمله شنآني على أن يبهتني ★ أخرجه أحمد في المسند

وعنه قال ليحبني أقوام حتى يدخلوا النار في حبي ويبغضني أقوام حتى يدخلوا النار في بغضي أخرجه أحمد في المناقب

(شرح) بهتوه - أي كذبوا عليه من البهت الكذب وقول الباطل - والشنآن بهمزة بالتحريك بالفتح والإسكان وتعبير همز محركا بالفتح البغض تقول منه شنئته شنآ بالفتح الشين

علی کے بارے میں غلو کرنے سے روکنا

علی علیہ السلام نے کہا کہ رسول اللہ صلعم نے مجھے فرمایا تمہاری مثال عیسےٰ علیہ السلام کی طرح ہے عیسےٰ سے یہودیوں نے بغض رکھا آپ کی ماں پر بہتان باندھا نصارا نے آپ سے محبت کی۔ آپ کو اس مقام پر لے گئے جس کے آپ اہل نہیں تھے پھر فرمایا میرے بارے میں دو آدمی گمراہ ہوں گے ایک وہ شخص جو مجھ سے زیادہ محبت کرے گا میرے متعلق وہ بات کہیگا جو مجھ میں موجود نہیں ہوگی۔ دوسرا مجھ سے بغض رکھنے والا اس کو میری دشمنی مجھ پر بہتان باندھنے کی وجہ پر لے جائے گی۔

علی علیہ السلام سے مروی ہے فرمایا مجھے لوگ دوست رکھیں گے۔ میری دوستی ان کو دوزخ میں لے جائیگی اور ایک قوم مجھ سے بغض رکھے گی۔ مجھ سے بغض رکھنے کی وجہ سے وہ بھی دوزخ میں جائے گی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دكسرها وضعها وشنا دشنانا
بالتحريك والاسكان كما تقدم
قاله الجوهري ★ وعن السدى
قال قال علي اللهم العن كل
مبغض لنا وكل محب لنا غال
أخرجه أحمد في المناقب

سدی نے کہا کہ علی علیہ السلام نے
کہا اے معبود جو شخص ہم لوگوں سے
سے بغض رکھے۔ اس پر اور ہر اس شخص
پر جو ہمیں ہماری حد سے زیادہ دوست
رکھے لعنت فرما۔

ذكر احراق علي قوما اتخذوه إلها دون الله عز وجل

علیؑ کا ایک قوم کو جلاتا

عن عبيد بن شريك العامري
عن أبيه قال أتى علي بن أبي طالب
فقيل ان ههنا قوما على باب
المسجد يزعمون انك ربهم
فدعاهم فقال لهم ويلكم ما تقولون
قالوا أنت ربنا وخالقنا ورازقنا
فقال ويلكم انما أنا عبد مثلكم آ
كل الطعام كما تأكلون وأشرب
مما تشربون ان أطعت الله أثابني ان
شاء وان عصيته خشيت أن يعذبني
فاتقوا الله وارجعوا فأبوا فطردهم

عبید بن شریک عامری نے اپنے
والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ علی علیہ
السلام کی خدمت میں حاضر ہوا عرض
کیا کہ مسجد کے دروازے پر کچھ لوگ
موجود ہیں جو کہتے ہیں کہ آپ ان کے
رب ہیں۔ آپ نے ان کو بلایا اور
فرمایا۔ تمہارے لئے ہلاکت ہو میرے بارے
کیا کہتے ہو۔ کہنے لگے آپ ہمارے رب خالق اور
رازق ہیں فرمایا تمہارے لئے ہلاکت ہو میں
تمہاری طرح ایک بندہ ہوں میں اس طرح کھاتا
ہوں جس طرح تم کھاتے ہو اور اسطرح پیتا ہوں
جسطرح تم پیتے ہو اگر میں خدا کی اطاعت کروں گا
اگر وہ چاہے گا تو مجھے ثواب دے گا۔ اگر میں اس
کی نافرمانی کروں تو مجھے ڈر لگتا ہے کہ وہ مجھے عذاب دیگا۔ خدا سے توبہ کرو اور لوٹ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فلما كان من الغد غدوا عليه فجاء
قنبر فقال والله رجعوا يقولون
ذالك الكلام فقال ادخلهم على
فقالوا له مثل ما قالوا وقال لهم
مثل ما قال الا انه قال انكم ضالون
مفتونون فأبوا فلما ان كان اليوم
الثالث أتوه فقالوا له مثل ذالك
القول فقال والله لئن قلتم لأ
قتلنكم بأخبث قتلة فأبوا الا ان
يتموا على قولهم فخد لهم اخدودا
بين باب المسجد والقصر واوقد
فيه نارا وقال انى طارحكم فيها
أو ترجعون فأبوا فقذف بهم فيها
خرجه المخلص الذهبي وتزيدهم
محمول على الاستتابة واحراقهم
مع النهي عنه محمول على رجاء
رجوعهم أو رجوع بعضهم

آپ نے ان کو بھگا دیا۔ دوسرے روز
پھر صبح کو آ گئے قنبر حضرت کی خدمت
میں آیا عرض کیا وہ لوگ پھر آ گئے ہیں۔
خدا کی قسم پھر وہی بات کی جو پہلے روز کی تھی۔
آپ نے ان سے وہی پہلے والی بات فرمائی
صرف اور اتنا کہا تم گمراہ ہو اور بھٹکے
ہوئے ہو۔ انہوں نے آپ کی نصیحت
نہ مانی تیسرے روز پھر آ گئے وہی رٹ
لگائی فرمایا اگر تمہارا یہی عقیدہ ہے تو
میں تمہیں بری طرح قتل کر دوں گا وہ
اپنی بات پر اڑے رہے حضرت نے
ان کے لئے مسجد کے دروازے
اور قصر کے درمیان خندقیں کھدوا ڈالیں۔
اور ان میں آگ جلوائی۔ فرمایا توبہ
کرو ورنہ میں تمہیں آگ میں پھینک دوں گا۔
اپنی ضد پر قائم رہے۔ حضرت نے
انہیں آگ میں جھونک دیا۔

ذكر شبهه بخمسة من الانبياء عليهم السلام في مناقبهم

عن ابي الحمراء قال قال

"فضائل میں پانچ انبیاء کی مانند ہونا۔"

ابو الحمراء نے کہا۔ کہ رسول اللہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسول الله صلى الله عليه وسلم من أراد ان ينظر الى آدم في علمه والى نوح في فهمه والى ابراهيم في حلمه والى يحيى بن ذكريا في زهده والى موسى بن عمران في بطشه فليبنظر الى علي بن أبي طالب أخرجه القزويني الحاكمي ☆ وعن ابن عباس رضي الله عنهما أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من أراد أن ينظر الى ابراهيم في حلمه والى نوح في حكمه والى يوسف في جماله فلينظر الى علي بن أبي طالب خرجه الملاء في سيرته

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص آدم کا علم، نوح کا فہم، ابراہیم کا حلم، یحیٰ بن ذکریا کا زہد اور موسیٰ بن اور موسیٰ بن عمران کا البطش دیکھنا چاہے۔ اس کو علی بن ابی طالب کی طرف دیکھنا چاہیئے۔ صرف اکیلے علی میں یہ تمام صفات موجود ہیں ☆ ابن عباس رض نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص ابراہیم کا علم، نوح کا حکم اور یوسف کا جمال دیکھنا چاہے۔ اس کو علی کی طرف دیکھنا چاہیئے۔

ذكر رؤيته جبريل وكلام جبريل له عليهما السلام

عن علي قال دخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو مريض فاذا رأسه في حجر رجل أحسن ما رأيت من الخلق والنبي صلى الله عليه وسلم نائم فلما دخلت عليه قال ادن الى ابن عمك فانت

آپ کا جبرئیل کو دیکھنا اور اس سے کلام کرنا۔

علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ بیمار تھے۔ آپکا سر ایک شخص کی گود میں تھا ایسا خوبصورت شخص میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ رسول اللہ سوئے ہوئے تھے جب میں اس کے قریب گیا تو اس نے کہا اپنے ابن عم کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أحق به مني فدنوت منهما فقام
الرجل وجلست مكانه فقال
النبي صلى الله عليه وسلم فهل تدري
من الرجل قلت لا بأبي وأمي قال
النبي صلى الله عليه وسلم ذالك
جبرئيل كان يحدثني حتى خف عني و
جعي ونمت ورأسي في حجره أخرجه
أبو عمر محمد اللغوي وعن ابن
عباس رضي الله عنهما وقد ذكر
عنده علي قال إنكم لتذكرون
رجلا كان يسمع وطء جبرئيل
فوق بيته أخرجه أحمد في المناقب

قریب ہو جاؤ۔ تم مجھ سے زیادہ اس بات کے
حق دار ہو۔ میں دونوں کے قریب ہو گیا۔
میں اس کی جگہ بیٹھ گیا۔ آنحضرت نے فرمایا
جانتے ہو یہ شخص کون تھا عرض کیا
میرے ماں باپ قربان میں نہیں جانتا
فرمایا یہ جبرائیل تھے۔ مجھ سے باتیں
کر رہے تھے میرا سر آپ کی گود میں تھا۔
حتیٰ کہ میرے سر کا درد ختم ہو گیا۔ ابن عباس
نے کہا۔ کہ میرے پاس علی کا ذکر ہوا۔
میں نے کہا تم ایسے شخص کا ذکر کرتے ہو۔
جس کے گھر کی چھت پر جبرائیل
ہوتے تھے اور آپ سورۃ طٰہٰ
سنتے تھے۔

ذكر ان النظر اليه عبادة

عن عائشة رضي الله عنها
قالت رأيت أبا بكر يكثر النظر إلى
وجه علي فقلت يا أبة رأيتك تكثر
النظر إلى وجه علي فقال يا بنية
سمعت رسول الله صلى الله عليه
وسلم يقول النظر إلى وجه علي
عبادة أخرجه ابن السمان في

علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے

عائشہ نے کہا کہ میں نے ابوبکر کو علی کے
کے چہرے کی طرف زیادہ نظر کرتے ہوئے
دیکھا عرض کیا ابا جان آپ علی کے
چہرے کی طرف زیادہ دیکھتے ہیں۔
فرمایا۔ بیٹی اس کی وجہ یہ ہے کہ میں
نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کو فرماتے سنا علیؑ کے چہرے کی طرف
دیکھنا عبادت ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الموافقة ★ وعنها قالت كان اذا دخل علينا علی و آبي عند نا لا يمل النظر اليه فقلت له يا أبة انك لتديمن النظر الی علی فقال يا بنية سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم يقول النظر الی علی عبادة أخرجه الخجندی ★ وعن عبد اللّٰه بن مسعود قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم النظر الی وجه علی عبادة أخرجه أبو الحسن الحربی ★ وعن عمر بن العاص مثله أخرجه الابهری ★ وعن معاذة الغفارية قالت كان لی أنس بالنبي صلی اللّٰه علیه وسلم أخرج معه في الاسفار وأقوم علی المرضی وأداوی الجرحی فدخلت الی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم في بيت عائشة وعلی خارج من عنده فسمعته يقول يا عائشة ان هذا أحب الرجال الی وأكرمهم علی فاعرفي له حقه وأكرمي مثواه

عائشہ نے کہا جب میرے باپ آتے اور علی گھر میں ہوتے تو آپ برابر علی کے چہرے کو دیکھتے رہتے تھے۔ عرض کیا بابا جان اس کی وجہ کیا ہے۔ کہ آپ ٹکٹکی باندھے علی کی طرف ہیں فرمایا۔ میری بیٹی اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ معاذہ غفاریہ نے کہا۔ کہ مجھے رسول اللہ صلعم سے خاص انس تھا۔ میں سفر میں آپ کے ساتھ ہوتی تھی۔ مریضوں کی خدمت اور زخمیوں کی مرہم پٹی کیا کرتی۔ عائشہ کے گھر رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ علی علیہ السلام جب وہاں سے اٹھ کر باہر چلے گئے۔ تو رسول اللہ علیہ فرمانے لگے۔ مجھے سب آدمیوں سے یہ شخص زیادہ محبوب ہیں۔ میرے نزدیک زیادہ مکرم ہیں۔ آپ کا مرتبہ جانو اور آپ کی عزت کیا کرو۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فلما ان جرى بينها بين علي بالبصرة
ماجرى رجعت عائشة الى المدينة
فدخلت عليها فقلت لها يا أم
المؤمنين كيف قلبك اليوم بعد
ما سمعت رسول الله صلى الله
عليه وسلم يقول لك فيه ما قال
قالت يا معاذة كيف يكون قلبي
لرجل كان اذا دخل علي وأبي
عندنا لايمل من النظر اليه فقلت
له يا أبة إنك لتديمن النظر الى
علي فقال يا بنية سمعت رسول
الله صلى الله عليه وسلم يقول
النظر الى وجه علي عبادة أخرجه
الخجندی ☆ وعن جابر رضي
الله عنه قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم لعلي عد
عمران بن الحصين فانه مريض
فأتاه وعنده معاذ وابو هريرة
فأقبل عمران يحد النظر الى علي
فقال له معاذ لم تحد النظر اليه
فقال سمعت رسول الله صلى الله

جنگ جمل میں عائشہ اور علی
کے درمیان جو بات ہوئی۔ اس کے بعد جب
عائشہ مدینہ میں آئیں تو میں اس کے
پاس گئی۔ کہا۔ آج آپ کے دل کا کیا حال
ہے حالانکہ آپ علیؑ کے بارے میں رسول
اللہ کا پیغام سن چکی تھیں مجھ سے
کہنے لگیں میرے دل میں ایسے شخص کے بارے
میں کیا ہونا چاہیئے جب علیؑ ہمارے
پاس آتے۔ میرے والد میرے گھر میں ہوتے
تو آپ لگاتار علیؑ کی طرف دیکھتے رہتے
ہیں۔ فرمایا میری بیٹی اس کی وجہ یہ ہے
کہ میں نے رسول اللہ کو فرماتے سنا علیؑ
کے چہرہ کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ رسول اللہ نے علیؑ سے فرمایا
عمران بن حصین کی عیادت کرو۔ جو مریض
تھے علی علیہ السلام تشریف اس کے پاس
پہلے سے معاذ اور ابو ہریرہ بیٹھے ہوئے تھے
عمران نے علیؑ کی طرف گہری نگاہ سے
دیکھنا شروع کیا۔ معاذ نے اس سے
کہا کہ کیوں گہری نظر سے علیؑ کی طرف
دیکھ رہے ہیں۔ کہا میں نے رسول اللہ کو
فرماتے ہوئے سنا۔ علیؑ کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیہ وسلم یقول النظر الی علی عبادۃ قال معاذ و انا سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقال ابو ھریرۃ و انا سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخرجہ ابن ابی الفرات ☆ وعن ابن لعلی بن ابی طالب انہ قیل لہ وقد ادام النظر الی وجہ علی ما لک تدیم النظر الیہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول النظر الی وجہ علی عبادۃ اخرجہ ابو الخیر الحاکمی

طرف دیکھنا عبادت ہے معاذ نے کہا۔ میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا۔ ابو ھریرہ نے کہا۔ میں نے رسول اللہ کو فرماتے سنا تھا۔
علی بن ابی طالب کے ایک فرزند نے کہا۔ کہ مجھ سے کسی شخص نے پوچھا۔ تم علی کی طرف برابر کیوں دیکھتے ہو۔ میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا۔ علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

ذکر اشتیاق اھل السماء والانبیاء الذین فی السماء الیہ

آسمان پر رہنے والے انبیاءؑ اور اہلِ آسمان علیؑ کو دیکھنے کے مشتاق ہیں

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما مررت بسماء الا و اھلھا یشتاقون الی علی بن ابی طالب و ما فی الجنۃ نبی الا و ھو یشتاق الی علی بن ابی طالب اخرجہ الملا فی سیرتہ

ابن عباس نے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ معراج کی رات جس آسمان سے میرا گزر ہوا وہ علی کی زیارت کے مشتاق تھے۔ جنت میں جو بھی رہتا تھا۔ وہ علیؑ کی زیارت کا مشتاق تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذكر انه من خير البشر

عن عقبة بن سعد العوفي قال دخلنا على جابر بن عبد اللهؒ وقد سقط حاجباه على عينيه فسألناه عن علي قال فرفع حاجبيه بيده فقال ذاك من خير البشر أخرجه أحمد في المناقب.

"علیؑ خیر البشر ہیں"

عقبہ بن سعد عوفی نے کہا کہ ہم جابر بن عبداللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ کے ابرو آپ کی دونوں آنکھوں پر پڑے ہوئے تھے۔ ہم نے آپ سے علیؑ کے بارے میں پوچھا۔ آپ نے اپنی ابروں کو اٹھاتے ہوئے فرمایا۔ آپ بہترین انسان ہیں۔

ذكر مباهاة الله عز وجل به حملة العرش

عن ابن عباس رضي الله عنهما ان رسول الله صلى الله عليه وسلم صف المهاجرين والانصار صفين ثم أخذ بيد علي والعباس فمرا بين الصفين فضحك صلى الله عليه وسلم فقال له رجل من اليث ضحكت يا رسول الله فداك أبي وأمي قال هبط علي جبريل عليه السلام بأن الله باهى بالمهاجرين والانصار أهل

"اللہ تعالیٰ کا حاملانِ عرش سے علیؑ کے ذریعہ فخر کرنا"

ابن عباس نے کہا کہ رسول اللہؐ نے مہاجر انصار کی صفیں بنائیں۔ علیؑ اور عباس کے ہاتھ کو پکڑ کر صفوں کے درمیان چلنے لگے رسول اللہؐ ہنسے اور ایک شخص نے آپ کے ہنسنے کا سبب پوچھا۔ فرمایا کہ جبرئیل نازل ہوئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ مہاجر اور انصار کے ذریعے ایمان والوں سے فخر کرتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

السموات العلا و باهي بي و بك يا علی و بك يا عباس حملة العرش أخرجه أبو القاسم في فضائل العباس۔

ذكر أخبار المصطفى صلى الله عليه وسلم بأنه مغفور له

عن علی علیہ السلام قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا أعلمك كلمات اذا قلتهن غفر الله لك مع انك مغفور لك لا إله إلا الله الحليم الكريم لا اله إلا الله العلى العظيم لا اله الا الله رب السموات السبع ورب العرش العظيم والحمد لله رب العالمين أخرجه أحمد والنسائى وأبو حاتم وأخرجه ابن الضحاك وزاد بعد الحمد لله رب العالمين ★ اللهم اغفر لى اللهم ارحمنی اللهم اعف عنى انك غفور رحيم أو عفو غفور۔ وقال ان رسول الله صلى الله

اے علی میری اور تیری اے عباس تیری وجہ سے حاملان عرش سے فخر کرتا ہے۔

ان اخبار کا ذکر کہ آپ مغفور ہیں۔

علی علیہ السلام نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں تجھے وہ کلمات کیوں نہ تعلیم کروں اگر ان کو پڑھو گے تو بخش دیے جاؤ گے۔ والانکہ آپ بخشے ہوئے ہیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم لا الہ الا اللہ العلی العظیم ۔ لا الہ الا اللہ رب السموات السبع ورب العرش العظیم والحمد للہ رب العالمین

ابن ضحاک نے رب العالمین کے بعد یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں۔ اے معبود بخش دے مجھ پر رحم فرما اے معبود مجھے معاف فرما بے شک تو بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔ یا درگزر کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عليه وسلم علمني هؤلاء الكلمات

ذكر علمه وفقهه

وقد تقدم في ذكر أعلميته مطلقا وأعلميته بالسنة وأنه باب دار العلم وان أحدا من الصحابة لم يكن يقول سلوني غيره وإحالة جمع من الصحابة عليه تقدم معظم أحاديث هذا الذكر وعن علي عليه السلام قال قلت يا رسول الله أوصني قال قل ربي الله ثم استقم فقلت ربي الله وما توفيقي إلا بالله عليه توكلت واليه أنيب قال ليهنك العلم أبا الحسن لقد شربت العلم شربا أخرجه ابن البختري والرازي وزاد ونهلته نهلا ومعنى نهلته هنا شربته وكرر لاختلاف اللفظ ونحو ذلك قول الشاعر

الطاعن الطعنة يوم الوغى
ينهل منها الأسل الناهل

فرمایا۔ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کلمات کی تعلیم دی۔

آپ کے علم اور فقہ کا ذکر

آپ کی علمیت مطلق اور علمیت بالسنہ کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

آپ علم کے گھر کا دروازہ ہیں صحابہ میں سے کسی شخص نے اس بات کا دعویٰ نہیں کیا کہ مجھ سے جو چاہو پوچھ لو۔ تمام صحابہ مشکل مسائل کے حل کی خاطر آپ سے رجوع کرتے تھے۔ اس بات کی بڑی بڑی احادیث کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

علی علیہ السلام نے کہا کہ میں نے رسول اللہ کی خدمت میں عرض کیا۔ مجھے کوئی نصیحت فرمائیے۔ فرمایا یہ کہو کہ میرا رب اللہ تعالیٰ ہے پھر اس بات پر ثابت قدم رہو۔ میں نے کہا۔ میرا رب اللہ ہے۔ میری توفیق نہیں ہے مگر اللہ کے ساتھ اس پر بھروسہ کرتا ہوں۔ اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ یہ سن کر رسول اللہ نے فرمایا اے ابو الحسن آپ کو علم مبارک ہو۔ آپ نے علم کو پوری طرح حاصل کیا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

قال أبو عبيد الناهل هنا بمعنى الريان
وإذا أجاز في اسم الفاعل جاز في
الفعل وكان قياسه أن يقول د
نهلت منه نهلا لأنه إنما يتعدى
بحرف الجر أي رويت منه ريا
ويجوز أن يكون الناهل في البيت
بمعنى العطشان وهو من الأضداد
يطلق على الريان والعطشان
وهو أنسب لأنه أكثر شربا ويكون
نهل منه أي يشرب ✱ وعن أبي
الزهراء عن عبد الله قال علماء
الأرض ثلاثة عالم بالشام وعالم
بالحجاز وعالم بالعراق فأما عالم
الشام فهو أبو الدرداء وأما عالم
أهل الحجاز فهو علي بن أبي طالب
وأما عالم العراق فأخ لكم وعالم
أهل الشام وعالم العراق يحتاجان
إلى عالم أهل الحجاز وعالم أهل
الحجاز لا يحتاج إليهما أخرجه
الحضرمي ويريد والله أعلم بالعالم
هنا الأعلم ويكون أعلم من كان في

ابو زہراء نے کہا کہ عبداللہ نے کہا زمین
پر عالم صرف تین ہیں۔ ایک عالم شام میں
ایک عراق میں ایک مدینہ میں موجود
ہے۔ شام کا عالم ابو داؤد ہیں۔
مدینہ کے عالم علی ابن ابی طالب ہیں
عراق کا عالم تمہارا بھائی ہے۔
شام اور عراق کے عالم دونوں کے
دونوں عالم مدینہ کے محتاج ہیں۔
مدینہ کا عالم ان کا محتاج
نہیں ہے۔ حضرمی نے کہا خدا کی
قسم عالم سے مراد اعلم ہیں۔ بہت
بڑے عالم مراد ہیں۔ جو تینوں
مقامات پر سب سے زیادہ علم
والے ہوں عبداللہ کی مراد بھی
ہے۔ وہ علی علیہ السلام ہیں جب
یہ بات ثابت ہو گئی۔ کہ مدینہ
کا عالم شام اور عراق
کے عالم سے بڑا ہے۔
وہ حضرت علی کی ذات ہے
اس سے واضح ہوا۔ کہ
آپ اعلم تھے۔ سب سے
بڑے عالم۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

كل موضع ذلك المذكور وان جاز
ان يكون بالحجاز من هو أعلم من
عالمي الشام والعراق دون علي والله
أعلم ★ وعن عبد الله بن عياش
الزرقي وقد قيل له أخبرنا عن هذا
الرجل علي بن أبي طالب فقال ان لنا
أخطارا وأحسابا ونحن نكره أن
نقول فيه ما يقول بنو عمنا قال كان
علي رجلا تلعابة يعني مزاحا وكان
إذا فزع فزع على ضرس من حديد
قال قلت وما ضرس من حديد قال
قراءة القرآن وفقه في الدين وشجاعة
وسماحة أخرجه أحمد في المناقب ★
وعن سعيد ابن عمرو بن سعيد بن
العاص قال قلت لعبد الله بن عياش
بن أبي ربيعة الا تخبرني عن أبي بكر
وعلي رضي الله عنهما فان أبا بكر كان
له السن والسابقة مع النبي صلى الله
عليه وسلم ثم ان الناس صاغية
الى علي فقال اي ابن أخي كان له
والله ما شاء من ضرس قاطع السطة

عبداللہ بن عیاش زرقی سے
روایت ہے۔ آپ سے کسی نے
پوچھا۔ کہ علی ابن ابی طالب کے بارے
میں ہمیں آگاہ کیجئے۔ کہا ہم لوگ
عالی نسب اور بڑے شرف
کے مالک ہیں۔
میں مناسب نہیں سمجھتا کہ آپ
کے بارے میں کچھ کہوں جس طرح
ہمارے بنو عم نے کہا ہے۔ آپ مزاح
والے شخص تھے جب آپ بیان
فرماتے تو لوہے کی داڑھ سے بیان
فرماتے میں نے پوچھا لوہے کی داڑھ
کا کیا مطلب ہے۔ کہا اس سے مراد قرآن
مجید کی تلاوت دین میں آپ کی
سمجھ بوجھ آپ کی بہادری اور سخاوت
مراد ہے۔ سعید بن عمر بن عاص
عاص کا بیان ہے۔ کہ میں نے
عبداللہ بن عیاش بن ابی ربیعہ سے
پوچھا کہ آپ ہمیں ابوبکر اور علی
کی منزلت کے بارے میں کیوں
آگاہ نہیں کرتے کہا ابوبکر عمر رسیدہ
کے علاوہ رسول اللہ پر ایمان لائے پھر لوگ
علی کے ساتھ ہو گئے میرے بھتیجا نے کہا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

في النسب وقرابته من رسول الله صلى الله عليه وسلم ومصاهرته والسابقة في الاسلام والعلم بالقرآن والفقه والسنة والنجدة في الحراب والجود في الماعون كان له والله ما يشاء من ضرس قاطع أخرجه المخلص الذهبي وعن محمد بن كعب القرظي قال كان ممن جمع القرآن على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو حي عثمان و علي بن أبي طالب وعبد الله بن مسعود من المهاجرين وسالم مولى أبي حذيفة مولى لهم أخرجه أبو عمر ★ وعن محمد بن قيس قال دخل ناس من اليهود على علي بن أبي طالب فقال له صبرتم بعد نبيكم الا خمسا وعشرين سنة حتى قتل بعضكم بعضا قال فقال علي قد كان صبر وخير قد كان صبر وخير ولكنكم ما جفت أقدامكم من البحر حتى قلتم يا موسى اجعل لنا إلها كما لهم آلهة أخرجه أحمد في المناقب ★

آپ کا نسب بلند ہے۔ آپ رسول اللہ کے قریبی رشتہ دار ہیں۔ آنحضرت کے داماد ہیں۔ آپ سب سے پہلے اسلام لائے ہیں۔ آپ قرآن، فقہ اور سنت رسول کے عالم ہیں جنگ میں بہادری کے کارنامے انجام دینے والے ہیں غربا کی مدد کرنے میں سخی ہیں۔ محمد بن کعب قرظی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زندگی میں جن مہاجرین نے قرآن جمع کیا۔ وہ عثمان، علی، اور عبداللہ بن مسعود ہیں۔ اور ابوحذیفہ کا غلام سالم (تنزیل الہی کے مطابق قرآن صرف حضرت علی نے جمع کیا تھا۔) محمد بن قیس نے کہا۔ کہ کچھ یہودی علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور کہنے لگے آپ نے صرف پچیس سال صبر کیا پھر ایک دوسرے کو قتل کیا فرمایا مگر صبر بھلائی پر مبنی تھا۔ مگر تم لوگوں کے سمندر کے نکلنے کے بعد ابھی قدم خشک نہ ہوئے تھے تو موسی سے کہنے لگے۔ کہ جس طرح ان لوگوں کے خدا ہیں۔ ہمارے بھی بنا دیجئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال
ما انتفعت بکلام بعد النبی صلی اللہ
علیہ وسلم الا شئ کتب بہ الی علی
بن ابی طالب فانہ کتب بسم اللہ
الرحمن الرحیم ★ اما بعد یا اخی فانک
تسر بما یصل الیک مما لم یکن یفوتک
ویسوؤک ما لم تدرکہ فما نلت یا اخی
من الدنیا فلا تکن بہ فرحا وما فاتک
فلا تکن علیہ حزنا ولیکن عملک
لما بعد الموت والسلام اخرجہ
المخلص ۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا۔
کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے کلام کے بعد اگر کسی کے کلام سے
فائدہ حاصل کیا ہے۔ وہ ابن ابی
طالب کا ایک خط ہے جو آپ
نے تحریر فرمایا تھا۔ وہ یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم "میرے بھائی
جو چیز آپ کو مل جائیگی۔ اس سے تم خوش
ہو جاؤ گے اور جو چیز نہیں ملے گی اس
سے مجھے تکلیف ہو گی۔ اے بھائی
اگر دنیا میں تجھے کوئی چیز مل جائے تو
اس سے خوش نہ ہو جا۔ اگر کوئی چیز فوت
ہو جائے تو اس سے غمگین نہ ہو جا تمہارا
عمل مرنے کے بعد کے لئے ہونا چاہیئے

ذکر کراماتہ

عن الاصبغ قال اتینا مع علی
فمررنا بموضع قبر الحسین فقال علی
ھھنا مناخ رکابھم وھھنا موضع
رحالھم وھھنا مھراق دمائھم فتیۃ
من آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم یقتلون
بھذہ العرصۃ تبکی علیھم السماء
والارض ★ وعن جعفر بن محمد عن ابیہ
قال عرض لعلی رجلان فی خصومۃ

آپ کے کرامات

اصبغ سے مروی ہے۔ ہم لوگ
علی علیہ السلام کے ساتھ اس مقام پر آئے
جہاں اس وقت حسین علیہ السلام کی قبر ہے آپ
نے فرمایا۔ یہاں ان لوگوں کی سواریاں
ٹھہریں گی اور اس جگہ ان کے کجاوے اتریں گے۔
اس جگہ ان لوگوں کا خون بہایا جائیگا اور یہ
میدان میں آل محمد کے نوجوان شہید ہونگے۔
جن پر آسمان اور زمین آنسو بہائیں گے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فجلس في أصل جدار فقال رجل يا
أمير المؤمنين الجدار تقع فقال
له علي امض كفى بالله حارسا فقضى
بين الرجلين وقام فسقط الجدار ★
وعن الحارث قال كنت مع علي بن أبي
طالب بصفين فرأيت بعيرا من أهل
الشام جاء وعليه راكبه ثقيله فألقى
ما عليه وجعل يتخلل الصفوف حتى
انتهى الى علي فوضع مشفره ما بين
رأس علي ومنكبه وجعل يحرك بجرانه
فقال علي انها والله لعلامة بيني وبين
رسول الله صلى الله عليه وسلم قال
فجد الناس في ذلك اليوم واشتد
قتالهم ★ وعن علي بن زاذان أن
عليا حدث حديثا فكذب به رجل
فقال علي ادعو عليك ان كنت صادقا
قال نعم فدعا عليه فلم ينصرف حتى ذهب
بصره ★ وعن أبي ذر رضي الله عنه
قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم
ادعو عليا فأتيت بيته فناديته فلم
يجبني فعدت فأخبرت رسول الله

حضرت دیوار کے پاس بیٹھ گئے۔
ایک شخص نے عرض کیا یا امیر المومنین
دیوار آپ پر گر جائے گی۔ فرمایا۔
تم اپنا راستہ لو۔ خدا میرا نگہبان
ہے۔ آپ نے دونوں آدمیوں
کے درمیان فیصلہ کیا۔ آپ فیصلے
کر کے اٹھے اور دیوار گر پڑی۔ حارث
نے کہا میں صفین میں حضرت علی علیہ
السلام کے ساتھ تھا میں نے ایک شامی
اونٹ کو دیکھا۔ جو حضرت کی خدمت
میں حاضر ہوا۔ جس پر ایک شخص سوار تھا۔
اس پر بھاری بوجھ تھا۔ اس نے
اس کو پھینک دیا۔ صفوف طے کرتا
ہوا حضرت علی کی خدمت میں حاضر ہوا۔
اب آپ کے سر اور شانے میں رکھ
کر ان کو حرکت دینے لگا۔ آپ نے
فرمایا۔ خدا کی قسم یہ میرے اور رسول
کے درمیان ایک علامت ہے۔ اس
روز لوگوں نے لڑائی تیز کر دی تھی۔
علی بن زاذان نے کہا کہ علی علیہ السلام
نے ایک بات بیان کی ایک شخص نے آپ
کی بات کو جھٹلا دیا فرمایا اگر میں سچا ہوں
تو تیرے خلاف بددعا کروں۔ کہا ہاں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی عد الیہ
ادعہ فانہ فی البیت قال فعدت انادیہ
فسمعت صوت رحی تطحن فشارفت
فاذا الرحی تطحن ولیس معہا احد
فنادیتہ فخرج الی منشرحا فقلت لہ
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یدعوک فجاء ثم لم ازل انظر الی رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وینظر الی
ثم قال یا ابا ذر ما شانک فقلت یا رسول
اللہ عجیب من العجب رایت رحی
تطحن فی بیت علی ولیس معہا احد
یرحی فقال یا ابا ذر ان للہ ملائکۃ سیاحین
فی الارض وقد وکلوا بمعونۃ آل محمد
صلی اللہ علیہ وسلم اخرجہ الملاء
فی سیرتہ واخرج احمد فی المناقب حدیث
علی بن زاذان خاصۃ ★ وعن فضالۃ
بن ابی فضالۃ قال خرجت مع ابی الی
ینبع عائدا لعلی وکان مریضا فقال لہ
ابی ما یسکنک بمثل ھذا المنزل لو
ھلکت لم یلک الا الاعراب اعراب
جہینۃ فاحتمل الی المدینۃ فان

ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے رسول اللہ
نے فرمایا کہ جا کر علی کو بلاؤ۔ میں آپ کے گھر آیا
اور آپ کو بلایا اور مجھے کسی نے کوئی جواب نہ دیا۔
میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور
حالات سے آگاہ کیا فرمایا پھر جاؤ۔ آپ گھر
میں موجود ہیں میں نے پھر آکر آپ کو آواز
دی مجھے چکی چلنے کی آواز سنائی دی۔ اندر
جا کر دیکھا چکی چل رہی تھی لیکن چکی کو کوئی
نہیں چلا رہا تھا میں نے پھر آپ کو آواز
آپ خوش ہو کر باہر تشریف لائے۔ عرض کیا
آپ کو رسول اللہ بلا رہے ہیں۔ آپ آنحضرت
کے پاس حاضر ہوئے میں رسول اللہ کی طرف دیکھ
رہا تھا اور آپ میری طرف دیکھ رہے تھے۔
آنحضرت نے فرمایا کیا بات ہے؟ عرض کیا
یا رسول اللہ عجیب حیرانی کی بات ہے گھر
میں چکی بغیر چلانے والے کے چل رہی تھی
فرمایا اللہ تعالیٰ کے سیر کرنے والے فرشتے موجود
ہیں جن کی ڈیوٹی یہ ہے کہ وہ آل محمد کا
کام میں ہاتھ بٹائیں۔
فضالہ بن ابو فضالہ سے روایت ہے میں اپنے
باپ کے ساتھ ینبع کے مقام پر حضرت علی کی عیادت
کو گیا۔ میرے باپ نے عرض کیا آپ یہیں کیوں
قیام فرما ہیں اگر آپ فوت ہو جائیں تو آپ کی
تجہیز و تکفین جہینہ کے اعرابی کریں گے۔ آپ مدینہ تشریف لے چلیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أصابك بها فقد رويت أصحابك وصلوا
عليك وكان أبو فضالة من أهل بدر
فقال له علي إني لست بميت من وجعي
هذا إن رسول الله صلى الله عليه وسلم
عهد إلي أن لا أموت حتى أضرب ثم تخضب
هذه يعني لحيته من هذه يعني هامته
فقتل أبو فضالة معه بصفين أخرجه
ابن الضحاك

آپ مدینہ میں تشریف لے چلیں، اگر آپ کو وہاں
آپ کو موت آگئی تو آپ کے اصحاب تجہیز و تکفین
کے امور بجا لائیں گے اور آپ کی نماز جنازہ پڑھیں گے
ابو فضالہ وہ صحابی ہے جو جنگ بدر میں شریک تھا
آپ نے فرمایا کہ میں اس درد سے فوت نہیں ہونگا رسول
اللہ نے مجھے آگاہ فرمایا تھا کہ میں ضرب لگنے سے مرونگا
میری ڈاڑھی میرے سر کے خون سے خضاب ہوگی ابو
فضالہ جنگ صفین میں آپ کی طرف سے جہاد کر کے شہید ہوا

ذكر اتباعه للسنة

آپ کا سنت کی پیروی کرنا

عن جابر رضي الله عنه حديثه
الطويل في صفة حج النبي صلى الله عليه
وسلم وفيه أن عليا قدم من اليمن ببدن
رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال له
رسول الله صلى الله عليه وسلم ماذا
قلت حين فرضت الحج فقال قلت اللهم
إني أهل بما أهل به رسولك صلى الله عليه
وسلم أخرجاه * وعن علي عليه السلام
قال رأينا رسول الله صلى الله عليه وسلم
قام فقمنا وقعد فقعدنا يعني في الجنازة
أخرجه مسلم * وعن أبي ساسان حصين
بن المنذر قال شهدت عثمان بن عفان وقد
أتي بالوليد وقد شرب الخمر فقال يا علي

جابر رضی اللہ عنہ ایک طویل حدیث میں رسول اللہ
کے حج کی صفت بیان کرتے ہیں، علی یمن سے
رسول اللہ کے قربانی کے جانور لیکر آئے آنحضرت
نے آپ سے کہا کہ جب حج فرض ہوگا تو اس وقت کیا
کہو گے عرض کیا میں کہوں گا "اے معبود میں اس طرح
تیری تسبیح کرتا ہوں جس طرح تیرا رسول تسبیح کرتا ہے
علی علیہ السلام نے کہا کہ ہم لوگوں نے رسول اللہ کو
دیکھا، آپ کھڑے ہوتے تو ہم کھڑے ہو گئے آپ
بیٹھ گئے تو ہم بیٹھ گئے، یعنی نماز جنازہ کے وقت
ابو ساسان حصین بن منذر نے کہا کہ میں عثمان بن
عفان کے پاس گیا، آپ کے پاس ولید کو لایا گیا جس
نے شراب پی تھی، عثمان نے علی سے کہا اٹھو اور
اس کو کوڑے لگاؤ، آپ نے امام حسن علیہ السلام سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قم فأجلده فقال علي قم يا حسن فاجلده
فقال الحسن ولي حارها من تولى قارها
فكأنه وجد عليه فقال يا عبد الله بن جعفر
قم فاجلده فجلده وعلي يعد حتى بلغ أربعين
فقال أمسك ثم قال جلد رسول الله
صلى الله عليه وسلم أربعين وابو بكر
أربعين وعمر ثمانين وكل سنة وهذا
أحب إلي أخرجه مسلم * وعن أبي
مطر البصري قال رأيت عليا اشترى
ثوبا بثلاثة دراهم فلما لبسه قال الحمد
لله الذي رزقني من الرياش ما أتجمل
به في الناس وأواري به عورتي ثم قال
هكذا سمعت رسول الله صلى الله عليه
وسلم أخرجه في المناقب * وعن علي انه
كان يقول إني لست بنبي ولا يوحى إلي
ولكن أعمل بكتاب الله وسنة نبيه ما
استطعت فما أمرتكم من طاعة الله
فحق عليكم طاعتي فيما احببتم وكرهتم أخرجه
احمد في المناقب * وعنه وقد شاوره
أبو بكر في قتال أهل الردة بعد أن
شاور الصحابة فاختلفوا عليه فقال
له ما تقول يا أبا الحسن؟ فقال: أقول
لك ان تركت شيئا مما أخذ رسول الله

فرمایا اٹھو اور کوڑے لگاؤ، عرض کیا اس کام کو وہ
سرانجام دے جس نے اس کو اس بات کا عادی بنایا
آپ نے عبداللہ بن جعفر کو کوڑے لگانے کو کہا۔
جناب عبداللہ کوڑے لگانے گئے اور حضرت علی گنتے
گئے، جب چالیس تک پہنچ گئے تو حضرت علی نے
کہا رک جاؤ۔ فرمایا رسول اللہ اور ابوبکر نے چالیس
اور عمر نے اسی کوڑے لگانے کا حکم دیا تھا۔ یہ سب
سنت ہے۔ مجھے یہ بات پسند ہے۔ ابو مطر
بصری سے مروی ہے کہ علی نے تین درہم میں کپڑا
خرید کر زیب تن کیا۔ اور کہا خدا کا شکر ہے
جس نے مجھے لباس عطا کیا جس کو پہن کر لوگوں
میں عزت حاصل کی اور اپنی ستر پوشی کی پھر فرمایا میں
نے اسی طرح رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے
علی علیہ السلام نے فرمایا، میں نبی نہیں ہوں جس
کو وحی ہوتی ہو۔ بلکہ مقدور بھر کتاب خدا اور سنت
رسول پر عمل کرتا ہوں۔ خدا کی طاعت کا تمہیں
حکم دیتا ہوں، اس پر میری طاعت تم پر واجب
ہے، خواہ تم اس کو پسند کرو یا نہ کرو۔
ابوبکر نے اہل ردہ کے بارے میں صحابہ سے
مشورہ کیا، انہوں نے ابوبکر کی رائے سے اختلاف
کیا، آپ نے علی علیہ السلام سے مشورہ کیا۔
فرمایا اگر رسول اللہ ان سے جو چیز لیا کرتے تھے اس
کو آپ نے چھوڑ دیا ہے تو سنت رسول کے خلاف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صلی اللہ علیہ وسلم منہم فانت علی خلاف سنة رسول اللہ صلی اللہ وسلم قال: أما أن قلت ذالا لأ قاتلنہم وان منعونی عقالا أخرجه ابن اسمان وقد سبق فی خصائص أبی بکر مستوفی

کام کیا ہے، کہا اگر مجھے اونٹ کا عقال دینے سے انکار کردیں تو میں ان سے ضرور جہاد کروں گا

ذکر شجاعته

تقدم فی خصائصه فی ذکر اختصاصه بدفع الرایه له طرف منه وشہرته بالبلاء یوم بدر وأحد وخیبر واکثر المشاهد قد بلغت حد التواتر حتی صارت شجاعته معلومة لکل أحد بحیث لا یمکنه دفع ذالك عن نفسه

حدیث ابن عباس فی ذکر علمه متضمنا ذکر شجاعته ٭ وعن صعصعة بن صوحان قال خرج یوم صفین رجل من أصحاب معاویة یقال له کریز بن الصباح الحمیری فوقف بین الصفین وقال: من یبارز؟ فخرج الیه رجل من أصحاب علی فقتله فوقف علیه ثم قال: من یبارز؟ فخرج الیه آخر فقتله وألقاه علی الآخرین وقال من یبارز فأحجم الناس عنه وأحب من کان فی الصف الأول أن یکون فی الآخر فخرج

آپ کی بہادری

آپ کے خصائص میں بیان ہو چکا ہے کہ آپ کو کئی دفعہ علم دیا گیا۔ آپ نے بدر، احد، خیبر اور کئی دیگر غزوات میں بہت بڑے کارنامے انجام دیئے آپ کی بہادری تواتر کا درجہ اختیار کر گئی۔ آپ کی شجاعت کا کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا۔

صعصعہ بن صوحان نے کہا کہ صفین کی جنگ میں معاویہ کا ایک آدمی، جسکا نام کریز بن صباح تھا۔ دونوں صفوں کے درمیان آکر للکارنے لگا علی علیہ السلام کا ساتھی لڑنے کے لئے نکلا، اس نے اس کو قتل کر دیا پھر للکارنے لگا، دوسرا آدمی نکلا اس کو بھی قتل کر کے پہلے آدمی پر ڈال کر کہا اور کوئی لڑنے کے لئے ہے؟ تیسرا آدمی نکلا اس کو بھی قتل کر کے پہلے دونوں آدمیوں کی لاشوں پر ڈال کر کہا کوئی اور لڑنے کے لئے ہے۔ لوگ ڈر گئے، پہلی صف والے چاہتے تھے کہ وہ آخری صف میں چلے جائیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی علیہ السلام علی بغلۃ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم البیضاء فشق الصفوف فلما
انفصل منہا نزل عن البغلۃ وسعی الیہ
فقتلہ وقال من یبارز؟ فخرج الیہ رجل
فقتلہ ووضعہ علی الآخر. ثم قال من یبارز؟
فخرج الیہ رجل فقتلہ ووضعہ علی
الثلاثۃ ثم قال یا ایہا الناس إن اللہ
عز وجل یقول الشہر الحرام بالشہر الحرام
والحرمات قصاص ولو لم تبدأوا
بہذا ما بدأنا ثم رجع إلی مکانہ. وعن
ابن عباس رضی اللہ عنہما وقد سألہ
رجل أکان علی یباشر القتال یوم صفین؟
فقال واللہ ما رأیت رجلا أطرح لنفسہ
فی متلف من علی ولقد کنت أراہ یخرج
حاسر الرأس بیدہ السیف إلی رجل
الدارع فیقتلہ، أخرجہا الواحدی ۲
وقال ابن ہشام حدثنی من أثق بہ
من أہل العلم أن علی بن أبی طالب
صاح وہم محاصرو بنی قریظۃ یا کتیبۃ
الإیمان وتقدم ہو والزبیر بن العوام
وقال واللہ لأذوقن ما ذاق حمزۃ أو لأ
فتحن حصنہم فقالوا یا محمد تنزل علی
حکم سعد بن معاذ ۔ وعن علی قال

علی علیہ السلام رسول اللہ کے سفید خچر پر سوار ہو کر
صفوں کو چیرتے ہوئے روانہ ہوئے دور جا کر
خچر سے اتر پڑے، دوڑ کر اس کو قتل کر دیا فرمایا
میرے مقابلہ میں کون آتا ہے، ایک شخص نکلا،
آپ نے اس کو قتل کر کے پہلے شخص پر ڈال دیا پھر
مقابلہ کے لئے آواز دی، ایک شخص لڑنے کیلئے
نکلا آپ نے اس کو قتل کر کے پہلے دونوں پر ڈال
دیا، پھر مقابلہ کے لئے بلایا۔ ایک اور شخص آیا آپ
نے اس کو بھی قتل کر کے پہلے قتل شدہ تینوں آدمیوں
پر ڈال دیا۔ پھر فرمایا اے لوگو! اللہ تعالیٰ کہتا ہے
الشہر الحرام بالشہر الحرام اگر تم نے لڑنے کی ابتداء
کی ہوتی تو ہم بالکل نہ لڑتے۔ ابن عباس نے کہا کہ
اس سے کسی شخص نے پوچھا کہ کیا علیؑ نے جنگ
صفین میں بذات خود حصہ لیا تھا؟ کہا خدا کی قسم
علیؑ سے زیادہ کوئی شخص اپنے آپ کو ہلاکت میں
نہ ڈالتا تھا۔ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ برہنہ سر
تھے ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے ایک زرہ پوش
شخص کی طرف بڑھے اور اس کو قتل کر دیا۔
ابن ہشام نے کہا ایک صاحب علم شخص نے
مجھے بتایا جس پر مجھے اعتماد ہے کہ صحابہ بنو قریظہ
کا محاصرہ کئے ہوئے تھے، علی بن ابی طالب نے
بلند آواز سے فرمایا "اے گروہ ایمان" حضرت
علی اور زبیر بن عوام آگے بڑھے، حضرت علیؑ نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قاتلت يوم بدر قتالا ثم جئت الى النبي صلى الله عليه وسلم فإذا هو ساجد يقول يا حيّ يا قيوم ففتح الله عز وجل عليه اخرجه النسائي والحافظ الدمشقي في الموافقات.

فرمایا یا تو میں اس چیز کا مزہ چکھوں گا، جس کا حمزہؓ نے مزہ چکھا تھا، یا ان لوگوں کے قلعہ کو فتح کروں گا، بنو قریظہ نے کہا کہ یا محمدؐ ہمیں سعد بن معاذ کا حکم منظور ہے۔

علی علیہ السلام سے مروی ہے میں جنگ بدر میں جہاد کرنے کے بعد رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ سجدہ میں یا حیّ یا قیوم فرما رہے تھے اللہ تعالیٰ نے آنحضرتؐ کو فتح دی۔

ذكر شدته في دين الله عز وجل

آپ کا خدا کے دین میں سختی کرنا

عن سويد بن غفلة قال. قال علي عليه السلام إذا حدثتكم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم حديثا فوالله لئن أخر من السماء أحب إلي من أن أكذب عليه وفي رواية أن أقول عليه ما لم يقل أخرجاه. وعن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال، اشتكى الناس عليا يوما. فقام رسول الله فينا فخطبنا فسمعته يقول، أيها الناس لا تشكوا عليا فوالله انه لاخشن في ذات الله عز وجل أو قال في سبيل الله أخرجه أحمد. وعن كعب بن عجرة رضي الله عنه. قال، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

سوید بن غفلہ نے کہا کہ علی علیہ السلام نے فرمایا کہ جب میں آپ سے رسول اللہؐ کی کوئی حدیث بیان کرتا ہوں، تو اگر میں آسمان سے زمین پر گروں تو یہ میرے لئے اس بات سے بہتر ہے کہ میں رسول اللہؐ پر جھوٹ باندھوں ایک اور روایت میں ہے کہ میں وہ بات کہوں جو رسول اللہؐ نے نہ کہی ہو۔

ابو سعید خدریؓ سے مروی ہے کہ لوگوں نے علیؓ کی رسول اللہؐ سے شکایت کی۔ آپ نے ہمیں خطبہ دیا، فرمایا اے لوگو! علیؓ کی شکایت نہ کرو آپ خدا کی ذات میں بہت زیادہ سخت ہیں۔

کعب بن عجرہ نے کہا رسول اللہؐ نے فرمایا علیؓ خدا کی ذات میں بہت زیادہ سخت ہیں۔

علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ میں اور اسا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

إن علياً مخشوشن في ذات الله عزوجل

أخرجه أبو عمر

• شرح • الأخشن مثل المخشن قاله الجوهري. تقول منه خشن بالضم فهو خشن واخشوشن للمبالغة أي اشتدت خشونته

وعن علي عليه السلام قال، كنت أنطلق أنا وأسامة إلى أصنام قريش التي حول الكعبة فأتي بالعذرات التي حول البيوت . فنأخذ كل صواية جرد وبزاق بأيدينا ننطلق به إلى أصنام قريش فنلطخها . فيصيحون ويقولون . من فعل هذا بآلهتنا . فيطلون النهار يغسلونها بالماء واللبن أخرجه أبو القزويني الحاكمي (شرح) المذرات جمع عذرة وهي فناء الدار

کعبہ کے باہر صحن میں جا کر گندگی اور تھوک لیکر قریش کے بتوں کو مل دیتے تھے، جب ان کو پتہ چلتا تو چلا کر کہتے ہمارے معبودوں کیساتھ کون شخص برا سلوک کر گیا، صبح کو بتوں کو پانی اور دودھ کے ذریعہ غسل دے کر صاف کرتے۔

ذكر سوخ قدمه في الإيمان

عن ابن عباس رضي الله عنهما أن علياً كان يقول في حياة النبي صلى الله عليه وسلم الله عزوجل يقول . أفإن مات أو قتل انقلبتم على أعقابكم . والله لا ننقلب على أعقابنا بعد إذ هدانا الله ولئن مات أو قتل انقلبتم على أعقابكم ، والله لا ننقلب على أعقابنا بعد إذ هدانا الله ولئن مات أو قتل لأقاتلن على ما قاتل عليه حتى أموت

ایمان میں آپکے قدم راسخ تھے

ابن عباس نے کہا کہ علی رسول اللہ کی زندگی میں فرمایا کرتے کہ خدا کہتا ہے کیا اگر محمد مر جائیں یا قتل ہو جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے۔ خدا کی قسم ہم ہدایت کے بعد الٹے پاؤں نہیں پھریں گے۔ اگر آپ مر گئے یا قتل ہو گئے میں اس بات پر جہاد کروں گا، جس پر آپ جہاد فرماتے تھے، حتیٰ کہ مر جاؤں گا۔ خدا کی قسم میں رسول اللہ کا بھائی ولی، ابن عم اور وارث ہوں، ایسا کام میرے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

والله إني لأخوه ووليه وابن عمه ووارثه ومن أحق به مني؟ أخرجه أحمد في المناقب ۔ وعن عمر بن الخطاب رضي الله عنه أنه قال. أشهد على رسول الله صلى الله عليه وسلم لسمعته وهو يقول لو أن السموات السبع والأرضين السبع وضعت في كفة ووضع إيمان علي في كفة لرجح إيمان علي أخرجه ابن السمان والحافظ السلفي في المشيخة البغدادية والفضائلي

سوا کون کر سکتا ہے؟
عمر بن خطاب نے کہا میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر سات آسمان اور سات زمینیں ایک پلڑے میں اور علی کا ایمان دوسرے پلڑے میں ہو تو علیؑ کا ایمان وزن میں زیادہ ہوگا۔

ذكر تعبده

تقدم في حديث ضرار في أول الفصل طرف منه ۔ وعن حارثة بن أبي وقاص عن أبيه رضي الله عنه قال. كان لعلي بيت في المسجد يتحدث فيه كما كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم أخرجه الحضرمي

آپ کی عبادت

حارثہ بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جس طرح رسول اللہ کا گھر مسجد میں تھا۔ اسی طرح علیؑ کا گھر مسجد میں تھا۔ جہاں آپ عبادت کرتے تھے۔

ذكر أذكاره وأدعيته

عن جعفر الصادق قال. كان أكثر كلام علي عليه السلام. الحمد لله أخرجه الجندي ۔ وعن عبد الله بن الحارث الصمداني أن عليا كان يقول في ركوعه اللهم

آپ کے اذکار اور دعائیں

جعفر صادق علیہ السلام نے کہا کہ حضرت علی علیہ السلام اکثر الحمد للہ کہا کرتے تھے۔ عبداللہ بن حارث صمدانی نے کہا علی علیہ السلام رکوع میں فرماتے "اے معبود" تیری

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لك ركعت وبك آمنت، وأنت ربي
ركع سمعي وبصري ولحمي ودمي وشعري
وعظمي. تقبل مني إنك أنت السميع العليم
فإذا رفع رأسه من الركوع وأراد أن يسجد
قال. لك أركع وأسجد، وأقوم، وأقعد
وإذا سجد قال. اللهم لك سجدت، وبك
آمنت، وأنت ربي، سجد وجهي للذي
خلقه، وشق سمعه وبصره، تبارك الله
أحسن الخالقين. الحمد لله رب العالمين
ويقول بين السجدتين. اللهم اغفر لي
وارحمني واهدني وارزقني أخرجه أبو
نعق الهفاني . وعن أبي إسحاق
السبيعي عن علي عليه السلام وخرج من باب
القصر قال، فوضع رجله في الغرز فقال
بسم الله. فلما استوى على الدابة قال
الحمد لله الذي كرمنا وحملنا في البر والبحر
ورزقنا من الطيبات. وفضلنا على كثير
من خلق تفضيلا. سبحان الذي سخر لنا
هذا وما كنا له مقرنين وإنا إلى ربنا لمنقلبون
رب اغفر لي ذنوبي إنه لا يغفر الذنوب إلا
أنت أخرجه الترمذي وأبو داود والنسائي
والحافظ في الموافقات

خاطر رکوع کیا، تجھ پر ایمان لایا، تو میرا رب ہے
میرا کان، میری آنکھ، میرا گوشت، میرا خون،
میرے بال اور ہڈی تیرا رکوع کرتی ہے تو میری
اس بات کو قبول فرما تو سننے والا اور جاننے والا ہے
جب رکوع سے سر اٹھا کر سجدہ کا ارادہ کرتے
تو فرماتے تیرے لئے رکوع کرتا ہوں اور تیرے
لئے سجدہ کرتا ہوں اور تیری خاطر اٹھتا بیٹھتا
ہوں، جب سجدہ میں جاتے تو فرماتے معبودا!
تجھے سجدہ کرتا ہوں، تجھ پر ایمان لایا ہوں، تو
میرا رب ہے، میرا چہرہ اس کو سجدہ کرتا ہے
جس نے اس کو پیدا کیا۔ میری سماعت اور بصارت
بھی اس کو سجدہ کرتی ہے، کس قدر برکت والا
اور بہترین پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے، تمام
تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں، دو سجدوں کے
درمیان فرماتے "اے اللہ مجھے بخش، مجھ پر رحم
فرما۔ مجھے ہدایت عطا کر اور مجھے رزق عنایت
فرما"

علی علیہ السلام جب گھر سے نکل کر گھوڑے
کی رکاب میں پاؤں رکھتے تو فرماتے بسم اللہ
جب پشت پر بیٹھ جاتے تو فرماتے خدا کا شکر
ہے جس نے ہمیں بزرگی دی، خشکی اور سمندر
کی سیر کرائی، بہت سی مخلوق پر فضیلت دی
پاک ہے وہ ذات جس نے اس کو ہمارا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مطلع کیا، حالانکہ یہ ہماری جنس سے نہیں ہے
ہم خدا کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں، پالنے
والے میرے گناہ بخش، ان کو تیرے سوا کوئی
نہیں بخش سکتا۔"

ذکر صدقته

عن علي عليه السلام قال. رأيتني مع رسول الله صلى الله عليه وسلم، وإني لأربط الحجر على بطني من الجوع. وإن صدقتي اليوم لأربعون ألفا. وفي رواية وإن صدقة مالي لأربعون ألف دينار أخرجهما أحمد وربما يتوهم متوهم أن مال علي عليه السلام تبلغ زكاته هذا القدر وليس كذلك - والله أعلم - فإنه رضي الله عنه كان أزهد الناس على ما علم من حاله ما تقدم وما سيأتي في ذكر زهده فكيف يقتني مثل هذا؟ قال أبو الحسن بن فارس اللغوي سألت أبي عن هذا الحديث، فقال معناه أن الذي تصدقت به منه كان لي مال إلى اليوم كذا وكذا ألفا. قلت. وذكر ذلك يحتمل أن يكون في معرض التوبيخ لنفسه يتنقل المال إلى مثل هذا بصدقته المال ويحتمل أن يكون في معرض الشكر

آپ کا صدقہ

علی علیہ السلام نے فرمایا تم مجھے رسول اللہ کے ساتھ اس حالت میں دیکھتے کہ میں شدت بھوک کی وجہ سے پیٹ پر پتھر باندھے ہوئے ہوتا تھا، حالانکہ میں چالیس ہزار کا صدقہ دیتا ہوں۔ ایک دیگر روایت میں ہے کہ میرے مال کا صرف صدقہ چالیس ہزار دینار ہے دونوں احادیث کو امام احمد بن حنبل نے بیان کیا ہے، بعض لوگوں کا خیال اس طرف جاتا ہے۔ کہ آپ کے مال کی زکوٰۃ اس قدر تھی، حالانکہ یہ درست نہیں ہے، آپ بہت زیادہ تارک الدنیا شخص تھے، اس کا ذکر عنقریب آپ کے زہد کے بارے میں آئے گا۔

عبداللہ بن سلام کا بیان ہے کہ حضرت بلال نے ظہر کی نماز کی اذان دی، لوگ نماز میں مصروف ہو گئے، کوئی شخص رکوع میں تھا اور کوئی سجدہ کر رہا تھا۔ اسی دوران سائل نے آکر سوال کیا۔ علیؑ نے رکوع کی حالت میں سائل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

على سد الخلة وعظم الاكترات بما خرج لله تعالى وأن إخرجه أبلغ فى الزهد من عدمه ÷ وعن عبدالله بن سلام قال أذن بلال بصلاة الظهر . فقام الناس يصلون ، فمن بين راكع وساجد وسائل يسأل فأعطاه على خاتمه وهو راكع فأخبر السائل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقرأ علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم (إنما وليكم الله ورسوله والذين آمنوا الذين يقيمون الصلاة ، ويؤتون الزكاة وهم راكعون) أخرجه الواحدى وأبو الفرج والفضائلى ومعنى أن الولاية هنا النصرة على ما تقدم تقريره فى الخصائص ÷ وعن جعفر بن محمد عن أبيه . وقد سئل عن قوله تعالى (إنما وليكم الله ورسوله والذين آمنوا) قال هم أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قال . قلت إنهم يقولون . إنه على بن أبى طالب . فقال . على منهم . أخرجه ابن السمان فى الموافقه ÷ وعن ابن عباس رضى الله عنهما فى قوله تعالى (ويطعمون الطعام على حبه مسكينا ويتيما وأسيرا) قال . أجر على نفسه بسقى نخله بشئ من شعير ليلة حتى أصبح فلما

کو اپنی انگوٹھی عطا فرمائی، سائل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اس بات سے آگاہ کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے آیت انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین آمنوا....... کی تلاوت فرمائی۔ بس تمہارا حاکم اللہ تعالیٰ اس کا رسولؐ اور وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے ہیں نماز قائم کرتے ہیں اور رکوع کی حالت میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔ جعفر بن محمد علیہما السلام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، آپ سے انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین آمنوا... کے بارے میں دریافت کیا گیا تو فرمایا اس سے مراد اصحاب رسولؐ ہیں میں نے عرض کیا کہ لوگ کہتے ہیں اس سے مراد علی بن ابی طالبؑ ہیں، فرمایا علیؑ ان میں شامل ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آیت " وہ لوگ جو خدا کی محبت میں مسکین، یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں "، کی تفسیر میں فرمایا کہ علیؑ نے صبح سے لیکر شام تک کھجوروں کی آبیاری کے عوض کچھ جو لینے کی مزدوری کی صبح کو جو لئے اور ان کو پیس کر تین حصے کر لئے ایک حصہ کا حریرہ (بغیر گھی کے آٹا) پکا کر تیار کیا، مسکین یتیم نے سوال کیا، اس کو کھلا دیا، پھر دوسرے حصہ کو تیار کیا، مسکین یتیم نے سوال کیا اس کو کھلا دیا، پھر تیسرے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أصبح قبض الشعير فطحن منه فجعلوا
منه شيئا ليأكلوه يقال له الحريرة (دقيق
بلا دهن) فلما تم إنضاجه أتى مسكين
فسأل فأطعموه إياه ثم صنعوا الثلث الثاني
فلما تم إنضاجه أتى يتيم مسكين فسأل
فأطعموه إياه. ثم صنعوا الثلث الثالث فلما
تم إنضاجه أتى أسير من المشركين
فأطعموه إياه وطووا يومهم. فنزلت
وهذا قول الحسن وقتادة أن الأسير
كان من المشركين. قال أهل العلم: وهذا
يدل على أن الثواب موجود فيهم وإن
كانوا من غير أهل الملة. وهذا إذا
أعطوا من غير الزكاة والكفارة
وقال سعيد بن جبير: الأسير المحبوس
من أهل القبلة ذكره الواحدي وعن
جعفر بن محمد عن أبيه أن عمر اقطع عليا
ينبع، ثم اشترى أرضا إلى جنب قطعته
فحفر فيها عينا، فبينا هم يعلمون فيها إذا
تفجر عليهم مثل عنق الجزور من الماء فأتى
علي فبشر بذلك، فقال: بشروا الوارث، ثم
تصدق بها على الفقراء والمساكين وابن
السبيل وفي سبيل الله للقريب والبعيد
في السلم والحرب، ليوم تبيض وجوه وتسود

حصہ کو تیار کیا، مشرک قیدی نے سوال کیا اس
کو کھلا دیا سب گھر والے بھوکے رہ گئے یہ
آیت نازل ہوئی۔ یہ حسن اور قتادہ کا قول ہے
قیدی مشرک تھا۔ اہل علم کہتے ہیں کہ اگر زکواۃ
اور کفارہ کے مال کے علاوہ غیر مذہب کو صدقہ
دیا جائے تو اس کا ثواب ملتا ہے، سعید بن
جبیر نے کہا قیدی مسلمان تھا، محمدؐ بن جعفر اپنے
باپ سے روایت کرتے ہیں کہ عمرؓ نے علیؑ کو
ایک چشمہ دیا، حضرتؑ نے اس کے پہلو میں کچھ
زمین خرید کر چشمہ کھودا، جب لوگ چشمہ کھود رہے
تھے تو ان پر آسمان سے اونٹ کی گردن کی مانند
کوئی چیز نمودار ہوئی، علیؑ تشریف لائے آپ کو اس
کی بشارت دی گئی، فرمایا تمہیں خوش حالی کی
بشارت ہو، پھر آپ نے فقرا مساکین، مسافر، خدا
کی راہ میں، قریب اور بعید کو صلح اور جنگ میں
چشمہ تصدق کر دیا، اس روز کے لئے جس دن
چہرے سفید ہوں گے اور سیاہ ہوں گے
(فرمایا) تاکہ اس کے ذریعے خدا میرے چہرے
کو آگ سے اور آگ کو میرے چہرے سے دُور
کرے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وجهه، ليصرف الله بها وجهي عن النار وليصرف النار عن وجهي أخرجه ابن السمان في الموافقة

ذكر فكه رهان ميت بتحمل دين عنه

عن علي أبي طالب قال، كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أتي بجنازة لم يسأل عن شيء من عمل الرجل ويسأل عن دينه فإن قيل عليه دين كف عن الصلاة عليه وإن قيل ليس عليه دين صلى عليه، فأتي بجنازة فلما قام يكبر سأل صلى الله عليه وسلم أصحابه هل على صاحبكم دين؟ قالوا ديناران. فعدل صلى الله عليه وسلم وقال صلوا على صاحبكم. فقال علي: هما علي، بري منهما فتقدم صلى الله عليه وسلم فصلى عليه ثم قال لعلي جزاك الله خيرا. فك الله رهانك كما فككت رهان أخيك إنه ليس من ميت إلا وهو مرتهن بدينه ومن يفك رهان ميت فك الله رهانه يوم القيامة فقال بعضهم، هذا لعلي خاصة أو للمسلمين عامة؟ فقال بل للمسلمين عامة أخرجه الدارقطني، وأخرجه أيضا، عن أبي سعيد، وفيه، فقال علي أنا ضامن لدينه. وأخرجه الحاكمي عن ابن عباس

میت کو قرض سے آزاد کرنا
قرض اپنے ذمہ لے لینا

علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جنازہ آتا تو آپ میت کے اعمال کے بارے میں نہیں پوچھتے تھے. بلکہ اس کے قرض کے بارے میں دریافت کرتے تھے اگر کہا جاتا کہ اس پر قرض ہے تو آپ نماز جنازہ نہیں پڑھتے تھے۔ اگر کہا جاتا کہ اس کے ذمے کوئی قرض نہیں ہے تو آپ نماز جنازہ پڑھتے تھے آپ کے پاس ایک جنازہ لایا گیا جب تکبیر کہنے کے لئے کھڑے ہوئے تو صحابہ سے پوچھا۔ تمہارے صاحب پر قرض تو نہیں ہے عرض کیا دو دینار قرض ہے، آپ نے جنازہ نہ پڑھا، فرمایا اپنے ساتھی کا جنازہ پڑھو علی علیہ السلام نے عرض کیا قرض کے دو دینار میں اپنے ذمہ لیتا ہوں پھر آپ آگے بڑھے اور جنازہ پڑھا، علی سے فرمایا خدا تمہیں جزائے خیر عطا کرے، اللہ تعالیٰ تمہیں آزاد کرے جس طرح تم نے اپنے بھائی کو آزاد کیا ہے، جو میت قرض میں گروی ہو کوئی شخص اس کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرض سے رہائی دلائے خدا اس کو قیامت کے دن رہائی دے گا۔ بعض نے کہا یہ خصوصیت صرف علیؓ کے لئے ہے یا عام مسلمان اس میں شامل ہیں، فرمایا بلکہ عام مسلمان اس میں شامل ہیں، ابو سعید نے کہا کہ علیؓ نے عرض کیا کہ میں اس شخص کے قرض کا ضامن ہوں۔

ذكر أنه كان من أكرم الناس على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم

عن أبي إسحاق السبيعي قال: سألت أكثر من أربعين رجلاً من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم من كان أكرم الناس على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قالوا الزبير وعلي رضي الله عنهما أخرجه الفضائلي

علیؓ رسول اللہؐ کے زمانہ میں سب سے زیادہ باعزت تھے

اسحاق سبیعی نے کہا کہ میں نے اصحاب رسول کے چالیس آدمیوں سے زیادہ اشخاص سے دریافت کیا کہ رسول اللہ کے زمانہ میں سب سے زیادہ عزت والے کون تھے، انہوں نے کہا کہ زبیر اور علیؓ تھے۔

ذكر زهده

تقدم في مسند الفضل حديث عمار وفيه طرف منه .. وعن عمار بن ياسر رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي إن الله قد زينك بزينة لم يزين العباد بزينة أحب منها هي زينة الأبرار عند الله: الزهد في

حضرتؓ کا زہد

عمار بن یاسرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا خدا نے آپ کو ایک ایسی زینت سے مزین کیا جو کسی اور کو مزین نہیں کیا، یہ خدا کے نزدیک نیک لوگوں کی زینت ہے، آپ کو دنیا میں زہد عطا کیا۔ دنیا تم سے کوئی چیز نہ لے گی اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الدنيا. فجعلك لا ترزأ من الدنيا ولا ترزأ الدنيا منك شيئا ترضى بهم أتباعا ويرضون بك إماما. أخرجه أبو الخير الحاكمي

(شرح) ترزأ تصيب والرزء المصيبة ووصب لك، أي أدام ومنه وله الدين واصبا.

وعن علي عليه السلام قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا علي. كيف أنت إذا زهد الناس في الآخرة ورغبوا في الدنيا وأكلوا التراث أكلا لما وأحبوا المال حبا جما واتخذوا دين الله دغلا ومال الله دولا؟ قلت أتركهم وما اختاروا وأختار الله ورسوله والدار الآخرة. وأصبر على مصيبات الدنيا وبلواها حتى ألحق بكم إن شاء الله تعالى. قال صدقت اللهم افعل ذلك به. أخرجه الحافظ الثقفي في الاربعين. وعن علي بن أبي ربيعة أن علي بن أبي طالب جاءه ابن النباح فقال يا أمير المؤمنين. امتلأ بيت المال من صفراء وبيضاء فقال: الله اكبر. فقام متوكئا على ابن النباح حتى قام على بيت المال وأمر فنودي في الناس، فأعطى جميع ما في بيت المال للمسلمين وهو يقول يا صفراء يا بيضاء غري غيري،

نہ تم دُنیا سے کچھ لو گے، تمہارے پیلے میں مساکین باندھ دیئے ہیں، تم اِن سے اِن کے اتباع پر خوش ہو اور وہ تمہارے امام ہونے پر راضی ہیں،

علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا علیؑ اس وقت تمہاری کیا حالت ہو گی جب لوگ آخرت کو چھوڑ کر دُنیا کو اختیار کریں گے، میراث کے مال کو خوب کھائیں گے، مال و دُنیا کو بہت پسند کریں گے، دینِ خُدا کو بازیچۂ طفلاں بنا دیں گے، مال و دولت کے حصُول میں غرق ہو جائیں گے، میں نے عرض کیا میں ان لوگوں کو چھوڑ دوں گا، میں خدا اور اس کے رسولؐ کے رستے پر چلوں گا۔ اور آخرت کو اختیار کروں گا۔ میں دُنیا کی مصیبتوں اور آزمائشوں پر صبر کروں گا۔ حتیٰ کہ آپ سے مل جاؤں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

آنحضرتؐ نے فرمایا۔ آپ نے سچ کہا، اے معبود علیؑ کو اس رتبہ پر فائز فرما۔

علی بن ابی ربیعہ نے کہا علی علیہ السلام کی خدمت میں ابن نباح آیا۔ عرض کیا، یا امیر المومنین مال خانہ سونے چاندی سے بھر گیا ہے، فرمایا " اللہ اکبر" ابن نباح کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

هاء وهاء، حتى ما بقي فيه دينار ولا درهم
ثم أمر بنضحه وصلى فيه ركعتين. أخرجه
أحمد في المناقب. والملاء وصاحب الصفوة
وأخرج أحمد من طريق آخر والفضائلي معناً
عن أبي صالح السمان، ولفظه: رأيت عليا
دخل بيت المال فرأى فيه شيئا، فقال لا أرى
هذا ههنا وبالناس إليه حاجة فأمر به
فقسم، وأمر بالبيت فكنس ونضح فصلى
فيه. أو قال فيه يعني نام. وفي رواية
عند أحمد فصلى فيه رجاء أن يشهد له يوم
القيامة وأخرجها القلعي

(شرح) نضحه: أي رشه. قوله
هاء وهاء، أي هاك. وهاك. وقال الخطابي
أصحاب الحديث يروونه: ها وها ساكن
الألف، والصواب مدها وفتحها لأن
أصلها هاك فحذفت الكاف وعوضت
منها المدة والهمزة يقال للواحد ها
وللاثنين هاؤما وللجميع هاؤم وغير الخطابي
يجيز فيه السكون على حذف العوض وينزل
منزلة ها التي للتنبيه. وعن أبي السوار
قال: رأيت عليا اشترى ثوبين غليظين
فخير قنبر في أحدهما. أخرجه أحمد وصاحب
الصفوة، وقد تقدم في ذكر اتباعه للسنة

سہارا لیے بیت المال میں آئے، مال دینے کا
لوگوں میں اعلان کرایا۔ تمام مال مسلمانوں میں
تقسیم فرما دیا اور کہا اے سونا، اے چاندی کسی
اور کو دھوکا دینا، بیت المال کا تمام مال تقسیم
فرمایا، ایک دینار اور ایک درہم تک کوئی
چیز باقی نہ رکھی، بیت المال میں جھاڑو دیکر
چھڑکاؤ کرا دیا، اس میں دو رکعت نماز پڑھی
ابو صالح کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا کہ علی علیہ
السلام بیت المال میں تشریف لائے اس
میں مال ملاحظہ فرمایا، فرمایا اس کو یہاں نہیں
رہنا چاہیئے، اس کی مسلمانوں کو ضرورت ہے
لوگوں میں مال تقسیم کرنے کا حکم دیا۔ جھاڑو
دلایا، پانی چھڑکوایا، نماز پڑھی، اس میں سو
گئے۔

احمد بن حنبل کی روایت میں ہے کہ نماز اس
لئے ادا فرمائی تاکہ قیامت کے روز بیت المال
اس بات کی گواہی دے۔

ابو سوار سے روایت ہے کہ میں نے علی علیہ
السلام کو دیکھا، آپ نے دو موٹے کپڑے
خرید کئے اور قنبر سے فرمایا، ان میں سے ایک
تم چن لو، پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ آپ نے تین درہم
میں ایک کپڑا خرید فرمایا۔

عبداللہ بن ابی ہذیل سے روایت ہے کہ میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

إنه اشترى ثوبا بثلاثة دراهم . وعن عبد الله بن أبي الهذيل قال: رأيت عليا خرج وعليه قميص غليظ رازي إذا مده بلغ الظفر، وإذا أرسله صار إلى نصف الساعد. وعن الحسن بن جرموز عن أبيه قال: رأيت علي بن أبي طالب يخرج من مسجد الكوفة وعليه قطريتان متزر بواحدة ، مرتد بالأخرى وإزاره إلى نصف الساق وهو يطوف بالأسواق ومعه درة . يأمرهم بتقوى الله عز وجل وصدق الحديث وحسن البيع والوفاء بالكيل والميزان أخرجهما القلعي .

(شرح) القطر: والقطرية ضرب من البرد

وعن أبي سعيد الأزدي قال: رأيت عليا في السوق وهو يقول: من عنده قميص صالح بثلاثة دراهم ؟ فقال رجل: عندي فجاء به فأعجبه فأعطاه ثم لبسه فإذا هو يفضل عن أطراف أصابعه . فأمر به فقطع ما فضل عن أصابعه أخرجه الإمام في سيرته وأخرج صاحب الصفوة معناه عن فضل بن مسلم عن أبيه ، ولفظه . إن عليا اشترى قميصا ثم قال : اقطعه لي من هاهنا من أطراف الأصابع . وفي رواية لبسه فإذا يفضل

نے علی علیہ السلام کو دیکھا۔ کھدر کی قمیض پہنے ہوئے، جب اُسے کھینچتے تو ناخن تک جب چھوڑ دیتے تو کلائی تک پہنچ جاتی تھی۔

حسن بن جرموز اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام کو مسجد کوفہ سے نکلتے ہوئے دیکھا آپ نے دو چادریں زیب تن کر رکھی تھیں، ایک چادر کو باندھ رکھا تھا اور دوسری کو شانہ اقدس پر ڈال رکھا تھا، جو چادر باندھ رکھی تھی وہ نصف پنڈلی تک جاتی تھی، بازاروں کا طواف فرماتے اور آپ کے ہاتھ میں کوڑا تھا۔ لوگوں کو پرہیز گاری، صدق مقال، صحیح تولنے اور ناپنے کا حکم دیتے تھے

ابو سعید ازدی سے روایت ہے کہ میں نے علی علیہ السلام کو سر بازار فرماتے ہوئے سُنا کہ آیا کسی شخص کے پاس کوئی ایسی قمیض ہے، جو ٹھیک ہو اور اس کو تین درہم میں فروخت کرے ایک شخص نے عرض کیا، ایسی قمیض میرے پاس موجود ہے، حضرت اس کے ساتھ چل پڑے، آپ نے قمیض کو پسند فرمایا، اس شخص نے قمیض دے دی، آپ نے جب زیب تن کی تو وہ انگلیوں کی پوروں سے بڑھ جاتی تھی جس قدر انگلیوں کی پوروں سے بڑھ جاتی تھی آپ نے اس کے کاٹ دینے کا حکم دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عن أطراف أصابعه فأمر بقطع ما فضل
عن أطراف الأصابع * وعن ابن عباس
رضي الله عنهما قال: اشترى علي بن أبي
طالب قميصا بثلاثة دراهم وهو خليفة .
وقطع كمه من موضع الرسغين . وقال
الحمد لله الذي هذا من رياشه أخرجه
السلفي .

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے
کہ علی علیہ السلام نے خلیفۃ المسلمین ہوتے
ہوئے صرف تین درہم میں قمیص خرید فرمائی
اس کی آستین کو کہنیوں سے کاٹ دیا۔ فرمایا
خدا کا شکر ہے اللہ تعالیٰ نے یہ عمدہ لباس
عطا فرمایا ہے۔

(شرح) الرسغ: موصل الوظيف من الرجل واليد تكين بينه وتحرك بأنهم
كاليسر والعسر، والوظيف: مستدق الذراع والساق من الخيل والابل ثم استعمل الرسغ
في الآدمي اتساعا والريش والرياش: اللباس الفاخر، كالحرم والحرام واللبس واللباس

وعن أبي مطر عن شيخ قال: رأيت
علي علي إزارا غليظا ثمنه خمسة دراهم، وقد
اشتراه بخمسة دراهم، قال: رأيت معه
دراهم مصرورة، قال هذه بقية نفقتنا
من ينبع * وعن علي بن ربيعة قال: كان
لعلي امرأتان، فكان إذا كان يوم هذه
اشترى لحما بنصف درهم، وإذا كان يوم
هذه اشترى لحما بنصف درهم * وعن
ابن أبي مليكة قال: لما أرسل عثمان إلى
علي في العاقب وجده مؤتزرا بعباءة
محتجزا بعقال وهو يهنأ بعيرا له

ابو مطر ایک بزرگ سے روایت کرتے ہیں کہ
میں نے علی علیہ السلام کو ایک موٹی چادر
پہنے ہوئے دیکھا، جس کی قیمت پانچ درہم تھی
میں نے آپ کے پاس چند درہم دیکھے فرمایا
ہمارے ینبع کی آمدنی سے خرچ کے لئے ہمارے
پاس یہی درہم رہ گئے ہیں۔

علی بن ربیعہ سے روایت ہے کہ علی
علیہ السلام کے پاس دو بیویاں تھیں، جس
کی باری کا دن ہوتا۔ آپ اس کی خاطر نصف
درہم کا گوشت منگواتے تھے،

ابو ملیکہ سے روایت ہے کہ عثمان نے
ایک شخص کو عواقب میں علی علیہ السلام کی
خدمت میں بھیجا۔ اس شخص نے جا کر آپ کو

(شرح) يهنأ: أي يطليه بالهناء وهو
القطران

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وعن عمرو بن قيس قال: قيل لعلي يا أمير المؤمنين لم ترقع قميصك؟ قال: يخشع القلب ويقتدي به المؤمن. وعن زيد بن وهب ان الجعد بن بعجة عاتب عليا في لبوسه، فقال: وما لك وللبوس؟ ان لبوسي هذا أبعد من الكبر، وأجدر ان يقتدي به المسلم. وعن عدي بن ثابت ان عليا أتي بالفالوذج فلم يأكله. وعن حبة العرني ان عليا أتي بالفالوذج فوضع قدامه فقال والله إنك لطيب الريح حسن اللون طيب الطعم، ولكني أكره ان أعود نفسي مالم تعتده. وعن أم سليم — وقد سئلت عن لباس علي — قالت: كان لباسه الكرابيس السنبلانية. وعن الضحاك بن عمير قال: رأيت قميص علي أبي طالب الذي أصيب فيه كرباس سنبلاني، ورأيت أثر دمه فيه كأنه ردي. أخرج من حديث أبي سعيد الازدي الى هنا أحمد في المناقب

دیکھا کہ آپ نے اپنی عبا کو بطور چادر باندھ رکھا تھا۔ اس کے اوپر عقال کو کسا ہوا تھا اونٹ پر تارکول مل رہے تھے۔

عمرو بن قیس سے روایت ہے کہ کسی نے علی علیہ السلام سے پوچھا کہ آپ چھوٹی قمیض کیوں پہنتے ہیں؟ فرمایا خشوع قلب کی خاطر اور مومن اس کی پیروی کرے۔

زید بن وہب سے روایت ہے کہ جعد بن بعجہ نے علی علیہ السلام سے آپ کے لباس پر اعتراض کیا، فرمایا تم میرے لباس کے درپے کیوں ہو گئے، یہ ایسا لباس ہے جو تکبر کرنے سے دور رکھتا ہے، یہ ایسا ہے کہ مسلمان کو اس کی نقل کرنی چاہیے، عدی بن ثابت سے مروی ہے کہ علی علیہ السلام کی خدمت میں فالودہ پیش کیا گیا۔ آپ نے کھانے سے انکار کر دیا۔

حبۃ العرنی سے روایت ہے کہ علی علیہ السلام کے آگے فالودہ رکھا گیا، آپ نے فالودہ سے فرمایا۔ تیری خوشبو اچھی، تیرا رنگ خوبصورت کھانے میں لذیذ، لیکن میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ تجھے کھانے سے اپنے نفس کو عادی بناؤں، جس کی اس کو عادت نہیں ہے۔

ام سلیم سے مروی ہے کہ مجھ سے کسی نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیؑ کے لباس کے بارے میں دریافت کیا تو میں نے کہا کہ آپ کا لباس موٹا سنبلانی تھا۔ ضحاک بن عمیر سے مروی ہے کہ میں علی علیہ السلام کو قمیص پہنے ہوئے دیکھا جس میں کرباس سنبلانی ملا ہوا تھا۔ جس میں خمن لگا ہوا تھا۔

ذكر ما كان فيه من ضيق العيش مع استصحاب الصبر الجميل

عن علي عليه السلام قال: أصبت شارفاً من مغنم بدر، وأعطاني رسول الله صلى الله عليه وسلم شارفاً، فأنختهما عند باب رجل من الأنصار أريد أن أحمل عليهما إذخراً أبيعه وأستعين به على وليمة فاطمة، ومعي رجل صائغ من بني قينقاع، وحمزة بن عبد المطلب في البيت، وقينة تغنيه فقالت: ألا يا حمز للشرف النواء، فثار إليهما بالسيف فجب أسنمتهما وبقر خواصرهما ثم أخذ من أكبادهما قال فنظرت إلى أمر أفظعني فأتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه زيد بن حارثة فخرجت معه حتى قام على حمزة فتغيظ عليه، فرفع حمزة بصره وقال، هل أنتم

آپ کا تنگی کی زندگی میں صبر جمیل سے کام لینا

علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ مجھے جنگ بدر کے مال غنیمت میں ایک بوڑھی اونٹنی دستیاب ہوئی، اور رسول اللہؐ نے بھی مجھے ایک بوڑھی اونٹنی عنایت فرمائی، میں نے ان دونوں کو انصار کے ایک شخص کے دروازے پر بٹھا دیا۔ میرا خیال تھا کہ میں ان کو مال تجارت کے کام میں لاؤں گا، یا ان کو فروخت کر کے ان کی قیمت جناب فاطمہؑ کے ولیمہ پہ خرچ کروں گا۔ میرے ساتھ بنو قینقاع کا صائغ آدمی تھا حمزہ بن عبد المطلب گھر میں موجود تھے اور مغنیہ گانا گا رہی تھی اور کہہ رہی تھی "اے صاحب شرف حمزہ" اس نے تلوار لیکر دونوں اونٹنیوں کے دانت کاٹ دیئے، دونوں کے پہلو کو قطع کیا اور ان کے جگر نکال لیے جب میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

إلا أعبد آبائي؟ فرجع رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه زيد بن حارثة فخرجت معه حتى قام على حمزة فتغيظ عليه فرفع حمزة بصره وقال: هل أنتم إلا أعبد آبائي؟ فرجع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقهقر عنه متفق على صحته. وعنه قال: جعت بالمدينة جوعا شديدا فخرجت أطلب العمل في عوالي المدينة. فإذا أنا بامرأة قد جمعت مدرا فظننتها تريد بله، فأتيتها فعاطيتها كل دلو بتمرة فمددت ستة عشر ذنوبا حتى مجلت يدي ثم أتيتها فقلت بكلتي يدي هكذا بين يديها. وبسط إسماعيل راوي الحديث يديه جميعا. فعدت لي ست عشرة تمرة فأتيت النبي صلى الله عليه وسلم فأخبرته. فأكل معي منها وقال لي خيرا ودعا لي. أخرجه أحمد وصاحب الصفوة والفضائل.

(شرح) عوالي المدينة: أعاليها وهي منازل معروفة بها عاطيتها يجوز أن يكون من قولهم هو يعاطيني بالتشديد ويعاطيني إذا كان يخدمك ويجوز أن يكون من المعاطاة المناولة فكل واحد منهما أخذ يد صاحبه على ذلك إذا عاقده عليه، وإن لم يوجد أخذ اليد حسا. والذنوب: الدلو الملآن ماء وقال ابن السكيت: فيها ماء ما قرب من ملئها يؤنث ويذكر ولا يقال لها وهي فارغة ذنوب وجمعه في القلة أذنبة والكثير ذنائب مجلت يدي

نے یہ دیکھا، آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کے پاس زید بن حارثہ موجود تھے۔ آنحضرتؐ حمزہ کے پاس آئے، میں ساتھ تھا، آپؐ ناراض ہوئے حمزہ نے سر اٹھا کر کہا تم کون ہوتے ہو میں اپنے باپ دادا کے طریقہ پر چلتا ہوں۔ آنحضرتؐ واپس چلے آئے اور اس کو کچھ نہ کہا۔ علیؓ سے روایت ہے کہ مجھے مدینہ میں سخت بھوک سے دوچار ہونا پڑا۔ میں عوالی مدینہ کی طرف کام کی تلاش میں نکل کھڑا ہوا۔ ایک عورت کے پاس آیا، جس نے مٹی جمع کر رکھی تھی جس کو پانی سے بھگونا چاہتی تھی، اس نے مجھے ایک مشک پانی لانے کے عوض میں ایک کھجور دینا طے کی میں نے سولہ مشکیں پانی کی بھریں، جس سے ہاتھ زخمی ہو کر کام کرنے سے جواب دے گئے ہیں عورت کے پاس آیا اس نے مجھے سولہ کھجوریں دیں۔ جن کو لیکر رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ کو تمام واقعہ سے آگاہ کیا۔ آپ نے میرے ساتھ کھجوریں تناول فرمائی اور میرے حق میں دعائے خیر فرمائی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقلائص ومجلات: تنقطت بين العمل

وعن سهل بن سعد أن علي بن أبي طالب دخل على فاطمة والحسن والحسين يبكيان فقال: ما يبكيهما؟ قالت: الجوع، فخرج علي فوجد دينارا فى السوق فجاء إلى فاطمة فأخبرها، فقالت: اذهب إلى فلان اليهودي فخذ لنا به دقيقا، فجاء إلى اليهودي فاشترى به دقيقا فقال اليهودي: أنت ختن هذا الذي يزعم انه رسول؟ قال نعم قال فخذ دينارك ولك الدقيق فخرج علي حتى جاء به فاطمة فأخبرها فقالت: اذهب إلى الجزار فخذ لنا بدرهم لحما، فذهب فرهن الدينار بدرهم على لحم، فجاء به وعجنت ونصبت وخبزت وأرسلت إلى أبيهما، فجاءهم، فقالت: يا رسول الله أذكر لك، فإن رأيته حلالا أكلنا وأكلت، من شأنه كذا وكذا، فقال: كلوا بسم الله، فأكلوا، فبيناهم مكانهم إذا غلام ينشد الله والإسلام الدينار فأمر رسول الله صلى الله عليه وسلم فدعي له، فسأله فقال: سقط مني فى السوق. فقال النبي صلى الله عليه وسلم: يا علي اذهب إلى الجزار، فقل له إن رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لك: أرسل إلي بالدينار ودرهمك

سہل بن سعد نے کہا علیؑ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے پاس تشریف لائے حسنؑ اور حسینؑ رو رہے تھے، فاطمہؑ سے فرمایا یہ کیوں روتے ہیں عرض کیا بھوک کی وجہ سے۔

علی علیہ السلام باہر تشریف لائے بازار میں ایک دینار پایا جس کو لیکر فاطمہؑ کے پاس آئے اور آپ کو اس بات سے آگاہ کیا، سیدہؑ نے عرض کیا فلاں یہودی کے پاس تشریف لیجاکر آٹا خرید لاؤ، یہودی نے کہا آپ اس شخص کے داماد ہیں جو کہتا ہے کہ میں خدا کا رسولؐ ہوں فرمایا ہاں ایسا ہی ہے، یہودی نے کہا دینار بھی لے جاؤ اور آٹا بھی، آپ آٹا لیکر فاطمہؑ کے پاس آئے اور تمام حالات سے آگاہ کیا، عرض کیا قصاب کے پاس جاکر ایک درہم کا گوشت خرید لاؤ۔

آپ گوشت خرید لائے، سیدہ نے گوشت پکایا اور روٹیاں تیار کیں، اپنے باپ کو بلوایا، عرض کیا، یا رسول اللہؐ میں آپ سے واقعہ عرض کرتی ہوں اگر اس کا کھانا حلال ہے تو ہم کھائیں گے۔ فرمایا خدا کا نام لیکر کھاؤ، سب نے مل کر کھانا کھایا

ابھی آپ حضرات بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک غلام نے خدا اور اسلام کی قسم دیکر کہا کہ میرا دینار گم ہو گیا ہے، آنحضرتؐ نے غلام کو بلوایا، اس سے دینار کے گم ہونے کا واقعہ پوچھا، عرض کیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی. فأرسل به فدفع إليه - أخرجه أبو داود

وعن أسماء بنت عميس عن فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أتاها يوما فقال أين ابناي؟ يعني حسناً وحسيناً. قالت: قلت أصبحنا وليس في بيتنا شيء نذوقه. فقال علي أذهب بهما. فإني أتخوف أن يبكيا عليك وليس عندك شيء، فذهب بهما إلى فلان اليهودي. فوجه إليه رسول الله صلى الله عليه وسلم فوجدهما يلعبان في مربة. بين أيديهما فضل من تمر. فقال: يا علي ألا تقلب ابني قبل أن يشتد الحر عليهما؟ قال فقال علي: أصبحنا وليس في بيتنا شيء فلو جلست يا رسول حتى أجمع لفاطمة تمرات؟ فجلس رسول الله صلى الله عليه وسلم وعلي ينزع لليهودي كل دلو بتمرة حتى اجتمع له شيء من تمر فجعله في حجزته، ثم أقبل فحمل رسول الله صلى الله عليه وسلم أحدهما وحمل علي عليه السلام الآخر
أخرجه الدولابي في الذرية الطاهرة

بازار میں گر گیا تھا۔ آنحضرتؐ نے علیؑ سے کہا کہ قصاب سے جاکر کہو کہ رسول اللہ آپ سے دینار طلب کرتے ہیں، اس کے درہم میں تم کو اور ادا کروں گا۔ اس نے آپ کو دینار دے دیا۔

اسماء بنت عمیس فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ ایک دن رسول اللہؐ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے پاس آئے اور فرمایا میرے بیٹے یعنی حسنؑ اور حسینؑ کہاں ہیں؟ عرض کیا صبح کو ہمارے گھر میں کھانے کی کوئی چیز موجود نہ تھی، علی علیہ السلام نے فرمایا، میں دونوں کو اپنے ساتھ لے جاتا ہوں، کیونکہ تمہارے پاس کوئی چیز موجود نہیں ہے مجھے خوف لاحق ہے کہیں تمہارے سامنے رونے نہ لگ جائیں۔ آپ دونوں شہزادوں کو لیکر فلاں یہودی کے پاس گئے ہیں۔ رسول اللہ علیؑ کی طرف روانہ ہو گئے، آپ نے دونوں کو بالاخانہ میں کھیلتے ہوئے پایا، دونوں کے ہاتھوں میں کافی کھجوریں موجود تھیں، آنحضرتؐ نے علیؑ سے فرمایا، میرے بیٹوں کو سخت دھوپ سے پہلے گھر نہیں لے جاؤ گے؟ عرض کیا گھر میں کوئی چیز نہیں ہے۔ یا رسول اللہ اگر آپ تشریف رکھیں تو میں فاطمہ کے لئے کھجوریں اکٹھی کر لوں، آنحضرتؐ بیٹھ گئے، علیؑ ایک کھجور کے عوض ایک ڈول

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فی مسند أسماء بنت عميس عن فاطمة

(شرح) المربة . بالفتح والضم الغرفة وحجزة الإزار : معقده وحجزة السراويل التي فيها التكة

وعن أبي سويد المدني قال : لما أهديت فاطمة إلى علي لم تجد عنده إلا رملا مبسوطا ووسادة وجرة وكوزا فأرسل رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقرب امرأتك حتى آتيك . . . وذكر قصة دخوله عليه

وقد تقدمت في الخصائص * وعن علي عليه السلام أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما زوجه فاطمة بعث معها بخميلة ووسادة من أدم حشوها ليف ورحائين وسقاء وجرتين

فقال علي لفاطمة ذات يوم ، والله لقد سنوت حتى لقد اشتكيت صدري وقد جاء الله أباك بسبي ، فاذهبي فاستخدميه فقالت وأنا والله قد طحنت حتى مجلت يداي فأتت النبي صلى الله عليه وسلم فقال : ما حاجتك يا بنية ؟ قالت جئت لأسلم عليك واستحييت أن تسأله ، ورجعت . فقالت استحييت أن أسأله . فأتيناه جميعا فقال علي يا رسول الله . لقد سنوت حتى اشتكيت صدري . وقالت فاطمة : وقد طحنت حتى

پانی کا یہودی کے لیے نکالنے ، آپ نے کچھ کھجوریں جمع کر کے شلوار کے ازار بند کے اندر ڈال دیں ، پھر ایک شہزادہ کو رسول اللہ نے اور دوسرے کو علیؑ نے اٹھا لیا ۔ گھر تشریف لائے)

ابو سوید مدنی نے کہا کہ جب فاطمہؑ علیؑ کے گھر میں تشریف لائیں تو آپ کے گھر میں ریت پھیلی ہوئی تھی ، علیؑ کے پاس صرف ایک تکیہ ، ایک گھڑا ، اور ایک پیالہ موجود تھا ،

علی علیہ السلام نے کہا کہ جب فاطمہؑ کی رسول اللہ نے میرے ساتھ شادی کی تو فاطمہؑ کو مندرجہ ذیل چیزیں عطا کیں ، ایک گدا ، کھجور کی پتیوں سے بھرا ہوا ایک تکیہ ، دو چکیاں ، پانی پینے کا پیالہ اور دو گھڑے ۔

ایک روز علیؑ نے فاطمہؑ سے کہا خدا کی قسم پانی بھرنے بھرتے تھک گیا ہوں آپ کے باپ کے پاس قیدی آئے ہیں ، جا کر آپ ایک نوکر لے آؤ ، عرض کیا چکی پیستے پیستے میرے ہاتھ جواب دے گئے ہیں رسول اللہ کے پاس آئیں آنحضرتؐ نے پوچھا بیٹی کیوں آئی ہو ؟ عرض کیا سلام کرنے آئی ہوں ، شرم کے مارے سوال نہ کیا ، اور واپس ہوئی ، علیؑ سے کہا میں نے شرم کے مارے سوال نہیں کیا ۔ دونوں آنحضرتؐ کے پاس آئے ۔ علیؑ نے عرض کیا یا رسول اللہ پانی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجلت یدای، وقدجاء الله بسبی وسعة فلخد منا قال: والله لا أعطيكما وأدع أهل الصفة تطوى بطونهم لا أجد ما أنفق عليهم، ولكن أبيعه وأنفق عليهم أثمانهم فرجعا فأتاهما صلى الله عليه وسلم وقد دخلا في قطيفتهما إذا غطت رؤسهما انكشفت أقدامهما، وإذا غطت أقدامهما انكشفت رؤسهما، فثارا فقال: مكانكما. ثم قال: ألا أخبركما بخير مما سألتماني؟ قالا: بلى، قال: كلمات علمنيهن جبريل عليه السلام، فقال تسبحان دبر كل صلاة عشرا وتحمدان عشرا وتكبران عشرا، وإذا أويتما إلى فراشكما فسبحا ثلاثا وثلاثين، واحمدا ثلاثا وثلاثين، وكبرا أربعا وثلاثين. قال علي فما تركتهن منذ علمنيهن رسول الله صلى الله عليه وسلم. فقيل له: ولا ليلة صفين؟ قال: ولا ليلة صفين. أخرجه أحمد

(شرح) الخميلة: لعله أراد بها الطنفسة ويقال لها الخمل، وسنوت استقيت. والسانية: الناضحة التي يستقى عليها، ومجلت: تنفطت من العمل والسبي والسبا: الأسرى، قاله الجوهري وقال غير: السبي: النهب وأخذ الناس

جس نے مجھ نے میرا سینہ زخمی ہو گیا ہے، فاطمہؑ نے عرض کیا چکی پیستے پیستے میرے ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو قیدی اور مال دیا ہے، ہمیں ایک نوکر عطا فرمائیے۔ فرمایا میں تم کو کچھ نہیں دوں گا۔ یہ سارا مال اہل صفہ پر خرچ کروں گا، جن کے پیٹ بھوک کی وجہ سے پیٹ سے لگ گئے ہیں۔ دونوں واپس آگئے اور اپنے لحاف میں لیٹ گئے، اگر دونوں اپنے سروں کو چھپاتے تو پاؤں برہنہ ہو جاتے، اگر پاؤں چھپاتے تو سر برہنہ ہو جاتے۔ رسول اللہ تشریف لائے دونوں اٹھ کر کھڑے ہو گئے، فرمایا اپنی جگہ بیٹھے رہو، کیا میں تمہیں ایک ایسی بات سے آگاہ کروں جس کا تم نے مجھ سے سوال نہیں کیا، عرض کیا، کیوں نہیں۔ فرمایا جبرائیلؑ نے مجھے کچھ کلمات تعلیم کئے ہیں، جن کو ہر نماز کے بعد تلاوت کرنا، دس دفعہ سبحان اللہ، دس دفعہ الحمد للہ اور دس دفعہ اللہ اکبر، جب بستر پر سونے لگو تو ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہنا۔ علی علیہ السلام نے فرمایا جب سے مجھے رسول اللہ نے ان کلمات کی تعلیم دی ہے میں نے آج تک ان کی تلاوت ترک نہیں کی، کسی نے پوچھا صفین کی رات کو بھی ان کو ترک نہیں کیا، فرمایا صفین کو رات کو بھی ان کلمات کی تلاوت نہیں چھوڑی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبيدا. وأما السبية: المرأة المنهوبة فعيلة
بمعنى مفعولة وجمعه سبايا

وعنه أن فاطمة شكت ما تلقى من
أثر الرحا. فأتى النبي صلى الله عليه وسلم
سبي فانطلقت فلم تجده فوجدت عائشة
فأخبرتها. فلما جاء النبي صلى الله عليه
وسلم أخبرته عائشة بمجي فاطمة فجاء
النبي صلى الله عليه وسلم إلينا وقد أخذنا
مضاجعنا. فذهبت لأقوم فقال: على
مكانكما، فقعد بيننا حتى وجدت برد
قدميه على صدري. فقال ألا أعلمكما خيرا
مما سألتماني؟ إذا أخذتما مضاجعكما
فكبرا أربعا وثلاثين وسبحا ثلاثا وثلاثين
وأحمدا ثلاثا وثلاثين. فهو خير لكما من خادم
يخدمكما. أخرجه البخاري وأبو حاتم

وعنه قال: شكت إلى فاطمة من الطحين
فقلت: لو أتيت أباك فسألته خادما؛
قال: فأتت النبي صلى الله عليه وسلم فلم
تصادفه. فرجعت مكانها. فلما جاء أخبر
فأتى وعلينا قطيفة إذا لبسناها طولا خرجت
منها جنوبنا وإذا لبسناها عرضا خرجت
منها أقدامنا ورؤسنا فقال: يا فاطمة
أخبرت أنك جئت. فهل كانت لك

علی علیہ السلام نے کہا فاطمہؑ نے آنحضرتؐ
سے چکی پیسنے کی تکلیف کی شکایت کی، رسول اللہؐ
کے پاس قیدی آئے تو آپ آنحضرتؐ کے پاس
تشریف لائیں لیکن آپ کو گھر میں نہ پا کر واپس چلی
گئیں، اور بی بی عائشہ کو آگاہ فرمائیں۔ آنحضرتؐ
تشریف لائے تو بی بی عائشہ نے آپ کو آگاہ کیا
آپ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم بستروں پر
لیٹ چکے تھے، ہم بستروں سے اٹھنے لگے تو فرمایا
دونوں لیٹے رہو، آپ ہمارے درمیان بیٹھ گئے میں
نے آپ کے قدموں کی ٹھنڈک اپنے سینہ میں محسوس
کی، فرمایا تمہیں ایسی بھلائی سے آگاہ کروں جس کا
تم نے مجھ سے سوال نہیں کیا۔ عرض کیا کیوں نہیں
فرمایا (رات کو) سونے لگو تو ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر،
۳۳ مرتبہ سبحان اللہ اور ۳۳ مرتبہ الحمد للہ کہنا
یہ تمہارے لئے خادم ملنے سے بہتر چیز ہے۔

علی علیہ السلام نے فرمایا فاطمہؑ نے مجھ سے
چکی پیسنے کی تکلیف کی شکایت کی، میں نے
کہا باپ سے نوکر کیوں نہیں لے آتیں؟ آنحضرتؐ
کے پاس آئیں مگر آپ سے ملاقات نہ ہوئی۔
جب آنحضرتؐ آئے تو آپ کو آگاہ کیا گیا، آپ
ہمارے پاس تشریف لائے، ہم ایک لحاف کے
اندر لیٹ چکے تھے، جب ہم اس کو طول میں اوڑھتے
تو ہمارے جسم کا جنوبی حصہ برہنہ ہوتا، اگر ہم اس کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حاجة؟ قالت: لا. قلت: بلى، شكت إلي من الطحين فقلت لو أتيت أباك فسألته خادماً، فقال: أفلا أدلكما على ما هو خير لكما؟ إذا أخذتما مضاجعكما ثم ذكر معناه أخرجه أبو حاتم

وعن أم سلمة رضي الله عنها قالت: جاءت فاطمة إلى النبي صلى الله عليه وسلم تشتكي أثر الخدمة وتسأله خادماً، قالت: يا رسول الله لقد مجلت يداي من الرحا، أطحن مرة وأعجن مرة، فقال لها: إن يرزقك الله شيئاً سيأتيك، وسأدلك على خير من ذلك إذا لزمت مضجعك فسبحي الله ثلاثاً وثلاثين، وكبري الله ثلاثاً وثلاثين واحمدي الله أربعاً وثلاثين، فتلك مائة، فهو خير لك من الخادم. أخرجه الدولابي

عرض کے لحاظ سے اوڑھتے تو ہمارے قدم اور سر برہنہ ہو جاتے، آنحضرتؐ نے فاطمہؑ سے فرمایا مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ میرے پاس آئی تھیں، کسی حاجت کی خاطر آئیں تھیں، عرض کیا نہیں ہیں نے کہا ہاں ایک ضرورت کی خاطر آئیں تھیں، چکی پیسنے کی مجھ سے شکایت کی، ہیں نے کہا اپنے باپ سے نوکر کیوں نہیں لائیں؟ آنحضرتؐ نے فرمایا تمہیں ایسی چیز سے کیوں نہ آگاہ کر دوں جو نوکر سے بہتر ہو؟ جب رات کو سونے لگو تو پڑھے تلاوت کرو......

ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ فاطمہؑ آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں، کام کرنے کی شکایت کی اور آنحضرتؐ سے نوکر طلب کیا، کہ چکی پیسنے سے میرے ہاتھ زخمی ہو گئے ہیں۔ ایک دفعہ چکی پیستی ہوں اور ایک دفعہ آٹا گوندھتی ہوں۔ فرمایا جب بستر پر سو جاؤ تو ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر اور ۳۴ مرتبہ الحمد للہ پڑھو، یہ یکصد مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ یہ تمہارے لئے خادم سے بہتر چیز ہے۔

ذكر تواضعه

تقدم في زهده طرف منه، ويأتي في ذكر ورعه طرف منه أيضاً وعن

آپ کا تواضع

ابو صالح بارچہ فروش اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں، علی علیہ السلام نے کھجوریں خریدیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أبي صالح بياع الأكسية عن جده قال:
رأيت عليا اشترى تمرا بدرهم فحمله في
ملحفته، فقيل: يا أمير المؤمنين ألا نحمله
عنك؟ فقال أبو العيال أحق بحمله أخرجه
البغوي في معجمه

وعن زيد بن وهب أن الجعد بن
بعجة من الخوارج عاتب عليا في لباسه
فقال: ما لكم وللباس؟ هذا هو أبعد من
الكبر، وأجدر أن يقتدي به المسلم
أخرجه أحمد وصاحب الصفوة. وقد
تقدم في زهده، وقوله أجدر أي
أحق وأولى، وجدير وخليق وحرى بمعنى

وعن زاذان قال: رأيت عليا يمشي في
الأسواق فيمسك الشسوع بيده فيناول
الرجل الشسع، ويرشد الضال ويعين
الحمال على الحمولة وهو يقرأ الآية تلك
الدار الآخرة نجعلها للذين لا يريدون
علوا في الأرض ولا فسادا والعاقبة للمتقين
ثم يقول: هذه الآية نزلت في ذي القدرة
من الناس. أخرجه أحمد في المناقب

وعن أبي مطر البصري أنه شهد
عليا أتى أصحاب التمر وجارية تبكي عند التمار
فقال: ما شأنك؟ قالت: باعني تمرا بدرهم

ان کو بچھلے میں ڈال کر اُٹھا لیا، میں نے عرض کیا
یا امیرالمومنین کیا ان کو میں اُٹھا سکتا ہوں؟
فرمایا عیال دار ان کے اٹھانے کا زیادہ حقدار ہے

زید بن وہب نے کہا کہ جعد بن بعجہ خارجی نے علیؑ
کے لباس پر اعتراض کیا، فرمایا تم میرے لباس
کے پیچھے کیوں پڑ گئے ہو، یہ تکبر سے دُور رکھتا
ہے مسلمان کے لئے مناسب ہے کہ وہ ایسا لباس
زیب تن کرے"

زاذان سے روایت ہے کہ میں نے علی علیہ
السلام کو بازار میں چلتے ہوئے دیکھا، آپ
نے ہاتھ میں جوتی کا تسمہ پکڑا ہوا تھا، آدمی کو
تسمہ دے دیتے، بھٹکے ہوئے کو راستہ دکھلاتے
باربردار کی بوجھ اٹھانے میں مدد کرتے اور اس
آیت کی تلاوت فرماتے: "یہ آخرت کا گھر جسکو
ہم نے پرہیزگاروں کے لئے بنایا ہے جو زمین
میں تکبر اور فساد نہیں کرتے، عاقبت پرہیز
گاروں کے لئے ہے"

ابو مطر بصری سے مروی ہے کہ میں نے
علی علیہ السلام کو خرما فروش کے ہاں دیکھا
اور خرما فروش کے پاس ایک نوکرانی رو رہی تھی
آپ نے نوکرانی سے پوچھا کیا بات ہے؟ عرض
کیا کہ میں نے اس شخص سے ایک درہم میں یہ
کھجوریں لیں، اور میرا مالک ان کو نہیں لیتا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرده مولاي، فأبى أن يقبله. فقال: يا صاحب التمر خذ تمرك وأعطها درهمها فإنها خادم وليس لها أمر. فدفعه. فقال المسلمون: تدري من دفعت؟ قال: لا قالوا أمير المؤمنين. فصب تمرها وأعطاها درهمها وقال: أحب أن ترضى عني فقال: ما أرضاني عنك إذا أوفيت الناس حقوقهم. أخرجه أحمد في المناقب

حضرتؑ نے خرما فروش سے کہا اپنی کھجوریں لے لو اور اس کا درہم واپس کر دو، یہ نوکرانی ہے اس کے بس میں کوئی بات نہیں ہے۔ خرما فروش نے حضرت کی بات کو ٹھکرا دیا۔ مسلمانوں نے اس سے کہا جانتے ہو یہ کون شخص ہے؟ کہا مجھے علم نہیں ہے، انہوں نے کہا یہ تو امیر المومنینؑ ہیں۔ اس نے کھجوریں لیکر درہم واپس کر دیا حضرتؑ سے کہا آپ مجھ سے راضی ہو جائیں، فرمایا، میں اس وقت تک تم سے راضی نہیں ہونگا، جب تک تو لوگوں کے حقوق پورے نہیں کرے گا۔"

ذكر حيائه من النبي صلى الله عليه وسلم

آپ رسول اللہؐ سے حیا کرتے تھے

عن علي عليه السلام قال: كنت رجلا مذاءً فكنت أستحي أن أسأل رسول الله صلى الله عليه وسلم لمكان ابنته مني. فأمرت المقداد بن الأسود فقال: يغسل ذكره ويتوضأ. أخرجاه

علی علیہ السلام نے کہا، مجھے مذی بہت آیا کرتی تھی، میرے پاس رسول اللہؐ کی دختر تھیں، اس لئے یہ مسئلہ شرم کی وجہ سے آپ سے نہیں پوچھ سکتا تھا، میں نے یہ کام مقداد کے ذمہ لگایا، اس نے آنحضرتؐ سے پوچھا، فرمایا ذکر دھو کر وضو کر لے۔

ذكر غيرته على النبي صلى الله عليه وسلم

نبی علیہ السلام کو احساس دلانا

عن علي عليه السلام قال: قلت لرسول الله صلى الله عليه وسلم: مالك تتوق قريش

علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے آنحضرتؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ قریش کی عورتوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وتدعنا ؟ قال: وعندكم شيء ؟ قلت: نعم بنت حمزة، فقال صلى الله عليه وسلم إنها لا تحل لي إنها ابنة أخي من الرضاعة أخرجه مسلم، وقوله: تنوق: لعله بمعنى تأنق، ويجوز ذلك، أو يتخذ ترقا وكنى به عن النساء

کی طرف رغبت کرتے ہیں اور ہم لوگوں کو چھوڑ دیا؟ فرمایا تمہارے پاس کوئی عورت موجود ہے؟ عرض کیا، جناب حمزہؓ کی بیٹی موجود ہے، فرمایا یہ میرے لئے حلال نہیں ہے، یہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔

ذكر خوفه من الله عز وجل

آپ کا اللہ تعالیٰ سے خوف کرنا

تقدم وصف ضرارله في أول الفضل في النثر معنى ذلك

اس کا بیان پہلے ہو چکا ہے۔

نوٹ:۔ یہ کتاب اہل سنت کی ہے اس کے کل مندرجات سے علماء امامیہ کو اتفاق نہیں ہے۔ اس کتاب میں بعض ایسی احادیث نقل کی گئی ہیں جو عصمت کے منافی ہیں۔ ہم ایسی احادیث کو نہیں مانتے، وہ محض تنقیصِ آلِ محمدؐ کی خاطر بنو امیہ کی خانہ ساز ٹکسال نے وضع کی ہیں۔

ذكر ورعه

آپ کی پرہیزگاری

عن عبد الله بن الزبير قال: دخلت على علي ابن أبي طالب يوم الأضحى فقرب إلينا خزيرة، فقلت: أصلحك الله لو قربت إلينا من هذا البط، يعني الإوز، فإن الله قد أكثر الخير، فقال: يا ابن زبير سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: لا يحل للخليفة من مال الله إلا قصعتان: قصعة

عبداللہ بن زبیر نے کہا کہ میں علی علیہ السلام کی خدمت میں بقر عید کے دن حاضر ہوا، آپ نے گوشت اور آٹے سے پکا ہوا کھانا دیا، میں نے عرض کیا، خدا آپ کا بھلا کرے، اگر آپ بطخ کا گوشت کھلاتے تو اللہ تعالیٰ آپ کو بہت نیکی دیتا، فرمایا "زبیر کے فرزند میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ خلیفہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

يأكلها هو وأهله وقصعة يقصعها بين أيدي الناس. أخرجه أحمد

(شرح) الخزيرة: أن ينصب القدر بلحم يقطع صغارا على ماء كثير فإذا نضج ذرّ عليه الدقيق. وإن لم يكن فيها لحم فهي عصيدة

وعن ابن عمر رضي الله عنهما قال: حدثني رجل من ثقيف ان عليا قال له اذا كان عند الظهر فرح علي قال: فرحت اليه فلم أجد عنده حاجبا يحجبني دونه، ووجدته وعنده قدح وكوز من ماء، فدعا بظبية، فقلت في نفسي: لقد أمنني حين يخرج إلى جوهرا ولا أدري ما فيها، فإذا عليها خاتم فكسر الخاتم. فإذا فيها سويق فأخذ منه قبضة في القدح وصب عليه ماء، فشرب وسقاني فلم أصبر فقلت: يا أمير المؤمنين أتصنع هذا بالعراق وطعام العراق أكثر من ذلك؟ فقال والله ما أختم عليه بخلا به ولكني أبتاع قدر ما يكفيني، فأخاف أن يفنى فيوضع فيه من غيره، وإنما حفظي لذلك، وأكره أن يدخل بطني إلا طيبا. أخرجه في

کو اللہ تعالیٰ کے مال سے دو پیالے لینے چاہئیں ایک پیالہ سے خود اور اپنے عیال کا گزارہ کرے اور دوسرے پیالہ سے لوگوں کی تواضع کرے،

ابن عمر سے روایت ہے کہ مجھے ثقیف کے ایک آدمی نے کہا کہ مجھے علی علیہ السلام نے کہا کہ ظہر کے وقت میرے پاس آنا، میں حاضر ہوا، کوئی دربان نہیں تھا۔ آپ کے پاس ایک پیالہ اور پانی کا کوزہ رکھا ہوا تھا۔ اپنے چمڑے کا تھیلا منگوایا، جو مہر شدہ تھا، آپ نے مہر کو توڑا۔ اس میں ستو موجود تھا۔ اس میں سے ایک مٹھی لیکر پیالے میں ڈال دی، اس میں پانی ملا کر پیا اور ہمیں بھی پلایا۔

نوٹ

(آجکل کتنے مسلمان ہیں، جو علی علیہ السلام کی سُنت پر عمل کرتے ہیں۔

مجھ سے رہا نہ گیا۔ عرض کیا یا امیر المومنین عراق میں ایسا کرتے ہیں، حالانکہ یہاں کھانے پینے کی چیزیں وافر مقدار میں موجود ہیں، فرمایا خدا کی قسم میں بخل کی وجہ سے مہر نہیں لگاتا بلکہ اس سے اپنی ضرورت کے مطابق لیتا ہوں مجھے اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ جب ختم ہونے لگے تو اس میں اور نہ ڈال دیا جائے، اس لیے اس کی حفاظت کرتا ہوں۔ میں پسند کرتا ہوں کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الصفوة والملاء في سيرته

وعن ابن حيان التيمي عن أبيه قال: رأيت علي بن أبي طالب على المنبر يقول: من يشتري مني سيفي هذا؟ فلو كان عندي ثمن إزار ما بعته فقام إليه رجل وقال أسلفك ثمن إزار

قال عبد الرزاق: وكانت بيده الدنيا كلها إلا ما كان من الشام. أخرجه أبو عمر، وأخرج معناه بزيادة صاحب الصفوة عن علي بن الأرقم عن أبيه، ولفظه قال رأيت عليا وهو يبيع له سيفا في السوق ويقول من يشتري مني هذا السيف؟ فوالذي فلق الحبة لطالما كشفت به الكروب عن وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم ولو كان عندي ثمن إزار ما بعته

وعن هارون بن عنترة عن أبيه قال: دخلت على علي بن أبي طالب في الخورنق وهو يرعد تحت سمل قطيفة فقلت: يا أمير المؤمنين، إن الله قد جعل لك ولأهل بيتك في هذا المال، وأنت تصنع بنفسك ما تصنع؟ فقال: ما أرزؤكم من مالكم، وإنها لقطيفتي التي خرجت بها من منزلي - أو قال: من المدينة

میرے شکم میں پاک چیز داخل ہو۔

ابن حیان تیمی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا۔ میری یہ تلوار کون شخص خریدے گا اگر میرے پاس تہمد کی قیمت ہوتی تو میں اس کو ہرگز فروخت نہ کرتا، ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا، تہمد کی قیمت میں دیتا ہوں۔

عبدالرزاق نے کہا یہ اس وقت کی بات ہے جب شام کو چھوڑ کر تمام اسلامی سلطنت آپ کے قبضہ میں تھی۔

علی بن ارقم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام کو بازار میں اپنی تلوار فروخت کرتے ہوئے دیکھا۔ فرماتے تھے میری یہ تلوار کون خریدے گا! قسم ہے اس ذات کی جس نے دانہ میں شگاف ڈالا، میں نے اس تلوار کے ذریعے بہت سی جنگیں رسول اللہ سے دور کی تھیں، اگر میرے پاس تہمد کی قیمت ہوتی تو میں اس کو فروخت نہ کرتا۔

ہارون بن عنترہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں خورنق میں علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ پرانے لحاف میں کانپ رہے تھے، عرض کیا امیر المومنین خداوند عالم نے آپ کا اور آپ کے گھر والوں کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(شرح) السمل: الخلق. والقطيفة: دثار مخمل، والجمع قطائف وقطف أيضا كصحيفة وصحف — أرزئكم: أصيب منكم؛ أصيب منكم، والرزء المصيبة والجمع أرزاء

وعن ابن مطرف قال: رأيت عليا مؤتزرا بإزار، مرتديا برداء، ومعه الدرة كأنه أعرابي بدوي، حتى بلغ سوق الكرابيس فقال: يا شيخ أحسن بيعي في قميص بثلاثة دراهم، فلما عرفه لم يشتر منه شيئا، فأتى غلاما حدثا فاشترى منه قميصا بثلاثة دراهم ثم جاء أبو الغلام فأخبر، فأخذ أبوه درهما ثم جاء به فقال: هذا الدرهم يا أمير المؤمنين، فقال: ما شأن هذا الدرهم؟ قال: كان القميص ثمن درهمين قال: باعني رضاي وأخذ رضاه. أخرجها صاحب الصفوة، وخرج الثاني أحمد في المناقب

(شرح) الكرباس: فارسي معرب بكسر الفاء، والكرباسة أخص منه، والجمع كرابيس، وهي ثياب خشنة

وعن عمرو بن يحيى عن أبيه قال:

اس مال میں حق مقرر کیا ہے، اور آپ اپنی ذات کیساتھ کیا سلوک کر رہے ہیں۔ فرمایا میں تمہارے مال کو کوئی نقصان نہیں دینا چاہتا یہ میرا وہ پھٹا ہوا لحاف ہے جس کو لیکر میں گھر سے نکلا تھا۔ یا مدینہ سے نکلا تھا۔

ابن مطرف نے کہا کہ میں نے علی علیہ السلام کو ایک چادر باندھے ہوئے اور دوسری چادر شانے پر ڈالے ہوئے۔ ہاتھ میں کوڑا لئے ہوئے آپ دیہاتی معلوم ہوتے تھے دیکھا۔ آپ کھدر بیچنے والوں کے بازار میں تشریف لائے اور فرمایا اے شیخ مجھے تین درہم میں صرف ایک قمیض دیدو، جب دکاندار نے آپ کو پہچان لیا تو آپ نے اس سے کوئی چیز نہ خریدی۔ اور ایک لڑکے کی دکان پر آئے اس سے تین درہم میں قمیض خرید فرمائی، جب لڑکے کا والد آیا تو لڑکے نے اسے آگاہ کیا۔ لڑکے کا والد درہم لیکر حضرتؑ کی خدمت میں آیا، عرض کیا یا امیر المومنینؑ یہ درہم لے لو، فرمایا کیوں؟ عرض کیا قمیض کی قیمت دو درہم تھی، فرمایا میں نے اپنی مرضی سے خریدی تھی۔

عمر بن یحیی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ کی خدمت میں گھی اور شہد کی مشکیں پیش کی گئیں، ایک روز آپ نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أهدي إلى علي بن أبي طالب أزقاق سمن
وعسل، فرآها قد نقصت، قال: فقيل له
بعثت أم كلثوم فأخذت منه، فبعث إلى
المقومين، فقوموا خمسة دراهم، فبعث
إلى أم كلثوم: إبعثي لي خمسة دراهم
أخرجه في الصفوة * وعن عاصم بن
كليب عن أبيه قال: قدم على علي ابن أبي
طالب مال من أصبهان، فقسمه سبعة
أسباع، فوجد فيه رغيفا، فقسمه سبع
كسر وجعل على كل جزء كسرة، ثم أقرع بينهم
أيهم يعطى أول؛ أخرجه أحمد والقلعي
وعن الأعمش قال: كان يغدي
ويعشي، ويأكل هو من شئ يجيئه من
المدينة * وعن أبي صالح قال: دخلت
على أم كلثوم بنت علي وإذا هي تمتشط
ستر بيني وبينها، فجاء حسن وحسين فدخلا
عليها وهي جالسة تمتشط، فقالت: ألا
تطعمون أبا صالح شيئا؟ قال: فأخرجوا
إلى قصعة فيها مرق بحبوب، قال: فقلت
تطعمون هذا وأنتم أمراء؟ فقالت أم
كلثوم: يا أبا صالح، كيف لو رأيت أمير المؤمنين
يعني عليا، وأتي بأترج، فذهب حسين فأخذ
منها أترجة فنزعها من يده ثم أمر به فقسم

ان کو ملاحظہ فرمایا جن میں آپ نے کمی محسوس
کی۔ آپ سے کہا گیا کہ ام کلثوم آئی تھیں اور
اس میں سے لے گئی تھیں۔ آپ نے وزن کرنے
والوں کے پاس مشک بھیج دی۔ انہوں نے
کہا اس میں پانچ درہم کی کمی ہے آپ نے ام
کلثوم کے پاس کسی کو بھیجا کہ پانچ درہم میرے پاس
بھیج دو۔

عاصم بن کلیب اپنے والد سے روایت کرتے
ہیں کہ حضرت علیؑ کے پاس اصفہان سے مال آیا۔
آپ نے اس کو سات حصوں پر تقسیم کر دیا اس
میں ایک روٹی تھی اس کو بھی سات حصوں میں
تقسیم فرمایا پھر آپ نے قرعہ ڈالا جس کا قرعہ نکلتا
اس کو مال پہلے مل جاتا۔

اعمش نے کہا کہ حضرت علیؑ اس مال پر گزارہ
کرتے جو آپ کے پاس مدینہ سے آیا کرتا تھا۔

ابو صالح کا بیان ہے کہ میں ام کلثوم کی خدمت
میں حاضر ہوا۔ آپ کنگھی فرما رہی تھیں، میرے
اور آپ کے درمیان پردہ حائل تھا، حسنؑ
اور حسینؑ تشریف لائے اور آپ کے پاس چلے
گئے آپ نے دونوں سے فرمایا ابو صالح کو کوئی چیز
کیوں نہیں کھلاتے؟ وہ پیالے میں شوربا لائے
جس میں دانے پڑے ہوئے تھے، میں نے عرض کیا
امیر ہو کر یہ چیز کھاتے ہو! ام کلثوم نے مجھ سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بين الناس؟

فرمایا۔ اگر امیر المومنین علی کو دیکھنے تو تجھے پتہ چلتا۔ ایک روز آپ کے پاس ترنج (لیموں کی قسم کا پھل) آئے۔ ان میں سے حسینؑ نے ایک ترنج اٹھا لیا، حضرتؑ نے ان سے چھین لیا اور حکم دیا کہ لوگوں میں تقسیم کیا جائے۔

ذكر عدله فى رعيه

تقدم فى ذكر ورعه آنفا طرف منه

وعن كريمة بنت همام الطائية

قالت: كان علي يقسم فينا الورس بالكوفة

قال فضالة: حملنا على العدل منه أخرجه أحمد فى المناقب

آپ کا رعیت میں انصاف کرنا

کریمہ بنت ہمام طائیہ نے کہا کہ علی علیہ السلام کوفہ میں ہمارے درمیان ورس تقسیم فرمایا کرتے تھے، فضالہ نے کہا ہم نے آپ کی اس بات کو انصاف پر محمول قرار دیا۔

ذكر تفقده احوالهم

عن أبي الصهباء قال: رأيت علي بن أبي طالب بشط الكلاء يسأل عن الأسعار

رعایا کے حالات دریافت کرنا

ابو الصہباء کا بیان ہے میں نے علی علیہ السلام کو شط الکلاء میں دیکھا آپ چیزوں کے بھاؤ دریافت فرما رہے تھے۔

حضرتؑ کے حالات ہمارے کتاب

علیؑ رسولؐ کی نگاہ میں

ایک دفعہ ضرور ملاحظہ فرمائیں

"مکتبۃ الساجد" ملتان نے شائع کی ہے!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذكر شفقته على أمة محمد صلى الله عليه وآله في الجاهلية والإسلام وتخفيف الله عز وجل عن الأمة بسببه

عن علي بن أبي طالب قال: لما نزلت يا أيها الذين آمنوا إذا ناجيتم الرسول فقدموا بين يدي نجواكم صدقة، قال لي رسول الله صلى الله عليه وآله: ما ترى دينارا قلت: لا يطيقونه، قال: فكم؟ قلت: شعيرة قال: إنك لزهيد، فنزلت: أأشفقتم أن تقدموا بين يدي نجواكم صدقات... الآية قال: فبي خفف الله عن هذه الأمة. أخرجه أبو حاتم. * وعن ابن عباس رضي الله عنهما أنه قال: ألا أخبركم بإسلام أبي ذر؟ قال: قلنا: بلى. قال: قال أبو ذر: كنت رجلا من غفار، فبلغنا أن رجلا قد خرج بمكة يزعم أنه نبي، فقلت لأخي: انطلق إلى هذا الرجل بمكة وائتني بخبره، فانطلق فلقيه ثم رجع، فقلت: ما عندك؟ قال: والله لقد رأيت رجلا يأمر بالخير وينهى عن الشر، فقلت: لم تشفني من الخبر، فأخذت جرابا وعصا ثم أقبلت إلى مكة

آپ کا محمدؐ کی اُمت پر مہربانی کرنا آپ کے سبب سے اللہ تعالیٰ نے اس اُمت پر تخفیف کی

علی علیہ السلام نے فرمایا جب آیت "اے ایمان والو جب رسولؐ سے راز کی بات کرو تو صدقہ دیا کرو" نازل ہوئی تو آنحضرتؐ نے مجھ سے پوچھا کہ صدقہ ایک دینار ہونا چاہیے عرض کیا لوگوں میں اس قدر طاقت نہیں ہے فرمایا پھر کس قدر ہونا چاہیے، عرض کیا "ایک جو" فرمایا "تم بہت زاہد ہو" یہ آیت نازل ہوئی ءاشفقتم .... فرمایا میری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس آیت پر تخفیف کی۔

ابن عباس نے کہا کیا میں ابوذرؓ کے اسلام لانے کے بارے میں آگاہ کردوں، ہم نے عرض کیا، کیوں نہیں۔ کہا کہ ابوذرؓ نے کہا میں غفار قبیلے کا آدمی ہوں، ہمیں معلوم ہوا کہ مدینہ میں ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے میں نے اپنے بھائی سے کہا مکہ میں جاکر اس شخص کے حالات معلوم کرو، اور مجھے آگاہ کرو۔ میرا بھائی گیا اور آنحضرتؐ سے مل کر واپس آگیا میں نے اس سے آپ کے حالات معلوم کئے کہا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فجعلت لا أعرفه وأكره أن أسأل عنه. وأشرب من ماء زمزم وأكون في المسجد. قال: فمر بي علي. فقال: كأن الرجل غريب؟ قال: قلت: نعم، قال: فانطلق الى المنزل. فانطلقت معه لا يسألني عن شئ ولا أخبره، فلما أصبحت غدوت الى المسجد لأسأل عنه وليس أحد يخبرني عنه بشئ: قال: فمر بي علي فقال: أما آن للرجل أن يعرف منزله؟ قال: قلت: لا. قال: انطلق معي، فذهبت معه ولا يسأل أحدنا صاحبه عن شئ حتى إذا كان اليوم الثالث فعل مثل ذلك فأقامه علي معه، ثم قال له: ألا تحدثني؟ قال فقال: ما أمرك وما أقدمك هذه البلد؟ قال: قلت له إن كتمت علي أخبرتك. قال: فعلت له: بلغنا أنه خرج ههنا رجل يزعم أنه نبي. فأرسلت أخي ليكلمه. فرجع ولم يشفني من الخبر فأردت أن ألقاه. فقال: أما إنك قد رشدت، هذا وجهي إليه فاتبعني وادخل حيث أدخل. فإني إن رأيت أحدا أخافه عليك قمت إلى الحائط كأني أصلح نعلي، وامض أنت فمضى

کریں نے آپ کو نیکی کا حکم کرتے اور برائی سے منع کرتے پایا ہے۔ مجھے بھائی کی بات سے تسلی نہ ہوئی۔ میں جراب اور عصا لیکر مکہ کی طرف روانہ ہو گیا۔ میں آنحضرتؐ کو جانتا نہ تھا کسی دوسرے سے آپکے بارے میں پوچھنا بھی پسند نہیں کرتا تھا۔ چاہ زمزم کا پانی پی کر مسجد میں آکر بیٹھ جاتا، ایک روز علی علیہ السلام میرے پاس سے گزرے، فرمایا تم مسافر ہو؟ میں نے عرض کیا ہاں۔ فرمایا میرے گھر چلو، میں آپ کے ساتھ چل پڑا۔ حضرت نے کوئی بات مجھ سے نہ پوچھی، اور نہ میں نے آپ کو کچھ بتایا صبح کو میں پھر مسجد میں آگیا، میں نے رسول اللہؐ کے بارے میں کسی سے نہ پوچھا اور نہ ہی کسی شخص نے آپ کے بارے میں مجھے آگاہ کیا پھر علی علیہ السلام کا گزر ہوا۔ فرمایا۔ اب تو تجھے اس شخص کے گھر کے بارے میں علم ہونا چاہیے۔ عرض کیا ابھی معلوم نہیں ہوا۔ فرمایا میرے ساتھ چلو میں آپکے ساتھ چل پڑا۔ ہم نے آپس میں کوئی بات نہ کی، تیسرے روز بھی ایسا ہی واقعہ ہوا۔ علیؑ نے ابوذرؓ کو ساتھ لیا۔ فرمایا تم مجھ سے بات کیوں نہیں کرتے، تمہارا کیا قصہ ہے اس شہر میں کیوں آئے ہو؟ عرض کیا اگر میری بات پوشیدہ رکھو گے تو بتاؤں گا۔ میں نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ومغنيت معه حتى دخلت معه على النبي صلى الله عليه وسلم فقلت له أعرض على الاسلام، فعرضه فأسلمت أخرجه البخاري

(وفي الحديث قصة ذكرناها مستوعبة في مناقب العباس

عرض کیا کہ یہاں ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے میں نے اپنے بھائی کو حالات معلوم کرنے یہاں بھیجا ہے۔ اس نے مجھے آکر حالات سے آگاہ کیا لیکن میری تسلی نہیں ہوئی، اب میں اس شخص سے خود ملنا چاہتا ہوں۔ فرمایا تم نے ہدایت پائی، تم میرے ساتھ چلے آؤ۔ اگر میں نے کسی ایسے شخص کو دیکھا جس سے تیرے بارے میں خطرہ لاحق ہوا، تو دیوار کے ساتھ کھڑے ہو کر اپنی جوتی ٹھیک کرنے لگ جاؤں گا تم چلتے رہنا۔ میں آپ کے ساتھ چل پڑا۔ ہم رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، میں نے آنحضرتؐ سے کہا، آپ مجھے اسلام کی تعلیم دیجیے، آپ نے اسلام پیش کیا، میں مسلمان ہو گیا

ذكر اسلام همدان على يديه

عن البراء بن عازب قال: بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم خالد بن الوليد إلى أهل اليمن يدعوهم إلى الاسلام، وكنت فيمن سار معه، فأقام عليهم ستة أشهر لا يجيبونه إلى شيء، فبعث النبي صلى الله عليه وسلم علي بن أبي طالب وأمره أن يرسل خالدا ومن معه إلا من أراد البقاء مع علي فيتركه، قال البراء: وكنت ممن

آپ کے ہاتھوں قبیلہ ہمدان کا اسلام لانا

براء بن عازب کا بیان ہے کہ رسول اللہ نے اہل یمن کی طرف خالد بن ولید کو اسلام کی دعوت دینے کے لئے روانہ فرمایا، میں بھی آپ کے ساتھ تھا۔ خالد چھ ماہ رہا۔ مگر ایک شخص بھی مسلمان نہ ہوا۔ رسول اللہ نے علیؑ کو بھیجا اور کہا کہ خالد اور ان لوگوں کو جو خالد کے ساتھ گئے ہیں واپس بھیج دو، مگر جو لوگ علیؑ کے ساتھ رہنا چاہیں ان کو رہنے دینا۔ براء نے کہا میں علیؑ کے ساتھ رہا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عقب مع علی. فلما انتهينا الی أوائل اليمن بلغ القوم الخبر، فجمعوا له فصلی بنا الفجر. فلما فرغ صففنا صفا واحدا ثم تقدم بين أيدينا فحمد الله وأثنی عليه، ثم قرأ عليهم كتاب رسول الله صلی الله عليه وسلم، فأسلمت همدان كلها في يوم واحد، وكتب بذلك إلی رسول الله صلی الله عليه وسلم. فلما قرأ كتابه خر ساجدا وقال: السلام

سوار۔ جب ہم یمن میں داخل ہوئے تو لوگوں کو اس بات کا علم ہوگیا۔ وہ حضرتؑ کی خاطر جمع ہوگئے، علی علیہ السلام نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی، جب فارغ ہوئے تو ہم ایک قطار میں کھڑے ہوگئے، آپؑ ہمارے سامنے تشریف لاکر خدا کی حمد و ثنا کے بعد اہل یمن کو رسول اللہ کا خط پڑھ کر سنایا، سارا اہل ہمدان ایک دن میں مسلمان ہوگیا۔ علی علیہ السلام نے خط کے ذریعہ اس بات سے آنحضرتؐ کو آگاہ کیا۔ رسول اللہ نے جب خط پڑھا تو سجدہ ریز ہوگئے اور دو دفعہ فرمایا۔

"اہل ہمدان پر سلام ہو"

ذکر إثبات أفضليته بقتل الخوارج

عن عبيدة السلماني قال: ذكر علي الخوارج فقال: فيهم رجل مخدج اليد، أو مودن اليد، لولا أن تبطروا لأخبرتكم بما وعد الله تعالی علی لسان نبيه محمد صلی الله عليه وسلم لمن قتلهم. قال فقلت لعلي: أسمعته من رسول الله صلی الله عليه وسلم؟ قال: أي ورب الكعبة، ثلاثا. أخرجه مسلم.

(شرح): البطر: الأشر وهو شدة المرح. تقول منه: بطر بالكسر يبطر، وأبطره

خارجیوں کو قتل کرنے میں آپکی فضیلت

عبیدہ سلمانی نے کہا کہ علی علیہ السلام نے خوارج کا ذکر کیا۔ فرمایا ان میں سے ایک شخص ناقص ہاتھ والا ہوگا۔ اگر تم نہ اتراتے تو میں تم کو اس بات سے ضرور آگاہ کرتا، جسکا اللہ نے اس شخص کے قتل کرنے والوں سے رسول اللہ کی زبانی وعدہ کیا تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے علی علیہ السلام سے پوچھا کیا آپنے اس بات کو رسول اللہ سے سنا تھا؟ آپنے تین دفعہ فرمایا "ربّ کعبہ کی قسم سنا تھا"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

المال. وتقول بطرك عيثك كما تقول رشدت أمرك ومخدج اليد: ناقصها ومنه حديث الصلاة: فهي خداج أي نال خدجت الناقة إذا ألقت ولدها لغير تمام. ومودن اليد، وودي مودون اليد ومعناها ناقصها أيضا، ومنه قول العرب ودنت الشيء وأودنته إذا انقصته وصغرته.

وعن عبد الله بن أبي رافع مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: أن الحرورية لما خرجت وهو مع علي، فقالوا: لا حكم إلا لله فقال علي: كلمة حق أريد بها باطل، إن رسول الله صلى الله عليه وسلم وصف لنا أناسا إني لأعرف وصفهم في هؤلاء. يقولون الحق بألسنتهم لا يجوز هذا منهم. وأشار إلى حلقه من أبغض خلق الله إلى الله. فيهم أسود إحدى يديه حلمة ثدي. فلما قتلهم علي عليه السلام قال: انظروا فلم يجدوا، فقال ارجعوا. فوالله ما كذبت ولا كذبت مرتين أو ثلاثا. ثم وجدوه في خربة فأتوا به حتى وضعوه بين يديه. قال عبد الله وأنا حاضر ذلك من أمرهم وقول علي فيهم. أخرجه أبو حاتم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام عبداللہ بن ابی رافع سے مروی ہے کہ جب خوارج نے خروج کیا، تو میں علیؑ کیساتھ تھا۔ خوارج نے کہا "حکم صرف خدا کا ہے" علیؑ نے فرمایا "یہ بات تو ٹھیک ہے مگر ان کا اس کلمہ سے مقصد باطل کی اشاعت ہے" رسول اللہ نے ہم سے ایسے اشخاص کی نشاندہی کی تھی جو ان لوگوں میں موجود ہیں۔ جو زبان سے حق بات کہتے ہیں مگر وہ بات ان کے حلق سے نیچے نہیں اترتی، ان میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ سیاہ شخص ہے جس کے ایک ہاتھ پر عورت کے پستان کے سر کی مانند ایک چیز ہوگی، علیؑ نے ان کو قتل کیا اور اپنے اصحاب سے فرمایا، ناقص ہاتھ والے شخص کو تلاش کرو، انہوں نے تلاش کیا، لیکن نہ پایا۔ فرمایا پھر تلاش کرو۔ دو یا تین مرتبہ فرمایا۔ میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا اور نہ ہی کبھی میری بات جھوٹی ثابت ہوئی۔ دوبارہ تلاش کرنے سے اس شخص کی لاش ایک ویرانہ میں مل گئی اس کی لاش کو لا کر حضرت کے سامنے رکھ دیا گیا۔ عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے ان لوگوں کی کاروائی کو دیکھا اور حضرتؑ کے فرمان کو ان کے بارے میں سنا۔"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(شرح) الحرورية: قوم ينسبون الى حوردا وهي بلد الخوارج، وعن زيد بن وهب الجهني انه كان في الجيش الذي كان مع علي بن أبي طالب الذين ساروا الى الخوارج، فقال علي: يا أيها الناس إني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: يخرج من أمتي قوم يقرؤن القرآن، ليس قراءتكم إلى قراءتهم بشيء، ولا صلاتكم الى صلاتهم بشيء، ولا صيامكم الى صيامهم بشيء، يقرؤن القرآن يحسبون انه لهم وهو عليهم لا تجاوز صلاتهم تراقيهم، يمرقون من الدين كما يمرق السهم من الرمية لو يعلم الجيش الذين يصيبونهم ما قضي لهم على لسان محمد صلى الله عليه وسلم لنكلوا عن العمل، وآية ذلك ان فيهم رجلا له عضد ليس له ذراع على رأس عضده مثل حلمة الثدي عليه شعرات بيض، فتذهبون الى معاوية وأهل الشام وتتركون هؤلاء يخلفونكم في ذراريكم وأموالكم، والله إني لأرجو أن يكونوا هؤلاء القوم فإنهم سفكوا الدم الحرام، وأغاروا في سرح

زید بن وہب جہنی نے کہا کہ میں اس لشکر میں موجود تھا، جو علی علیہ السلام کیسا تھ خوارج سے لڑنے کے لئے گیا تھا۔ علی علیہ السلام نے فرمایا "اے لوگو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت سے ایک قوم خروج کرے گی۔ جو قرآن کو پڑھتی ہوگی، مگر تمہاری قرأت اور ان کی قرأت میں کوئی نسبت نہیں ہوگی، تمہارے روزے سے ان کے روزے کو کوئی لگاؤ نہ ہوگا۔ وہ قرآن کو اس نیت سے پڑھتے ہوں گے کہ اس سے ان کو ثواب ملے گا۔ حالانکہ وہ الٹا ان کے لیے وبال ہوگا۔ ان کی نماز ان کے حلقوم سے نیچے نہیں جائے گی وہ دین سے اس طرح خارج ہو جائیں گے جس طرح تیر کمان سے خارج ہو جاتا ہے اگر اس لشکر کو اس بات کا علم ہو جائے جو ان کو قتل کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ کی زبانی ان کے لئے کس قدر اجر مقرر کیا ہے تو وہ لوگ عمل کرنا چھوڑ دیں۔ دین سے خروج کرنے والوں کی نشانی یہ ہوگی کہ ان میں ایک شخص ہوگا۔ جسکا بازو اور کلائی نہیں ہوگی اس کے بازو کے سرے پر عورت کے پستان کے سر کی مانند ایک چیز ہوگی۔ جس پر سفید

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الناس فيه واحد على اسم الله تعالى قال
سلمة بن كهيل: فلما التقينا وعلى الخوارج
يومئذ عبد الله بن وهب الراسبي
فقال لهم ألقوا الرماح، وسلوا سيوفكم
من جفونها، فإني أخاف أن يناشدو
كم كما ناشدوكم يوم حروراء، فرجعوا
فوحشوا برماحهم وسلوا السيوف
فشجرهم الناس برماحهم فقتل
بعضهم على بعض، وما أصيب من
الناس يومئذ إلا رجلان فقال علي
التمسوا فيهم المخدج، فالتمسوه
فلم يجدوه، فقام علي بنفسه حتى
أتى ناسا قد قتل بعضهم على بعض قال
أخروهم فوجدوه مما يلي الأرض، فكبر
علي ثم قال صدق الله وبلغ رسوله فقام
إليه عبيدة السلماني، فقال: يا أمير المؤمنين
والله الذي لا إله إلا هو لسمعت هذا
الحديث من رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال أي والله الذي لا إله إلا هو حتى
استحلفه ثلاثا وهو يحلف له. أخرجه مسلم
وفي رواية قال: فخروا سجودا عند
وجود المخدج، وخر علي ساجدا معهم
وفي رواية: قال أبو الوضي: فكأني أنظر

بال ہوں گے۔

سلمہ بن کہیل کا بیان ہے کہ ہم نے خوارج سے جہاد کیا اور خوارج کا سردار عبداللہ بن وہب راسبی تھا، عبداللہ نے اپنے لشکر سے کہا نیزے پھینک دو اور تلواریں میان سے نکال لو، انہوں نے نیزے پھینک دیئے اور تلواریں نکال لیں (علی علیہ السلام کے) لشکر نے ان کو نیزوں پر رکھ لیا اور قتل کر دیا، حضرتؑ کے لشکر سے صرف دو آدمی شہید ہوئے، علی علیہ السلام نے فرمایا، خوارج کے مقتولین میں لنجے ہاتھ والے کو تلاش کرو، انہوں نے تلاش کیا، مگر ان کو نہ ملا۔ حضرتؑ بذات خود لاشوں کے پاس تشریف لائے، جو ایک دوسرے پر پڑی ہوئی تھیں، فرمایا ان کو ہٹاؤ انہوں نے لاشوں کو ہٹایا تو لنجے ہاتھ والے کی لاش سب سے نیچے زمین پر پڑی ہوئی تھی۔ لاش کو دیکھ کر حضرتؑ نے تکبیر کی آواز بلند کی، فرمایا، خدا نے سچ کہا اور اس کے رسولؐ نے خدا کا پیغام پہنچایا۔

عبیدہ سلمانی نے عرض کیا "کیا یا امیرالمومنین اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں آپ نے اس حدیث کو رسول اللہ سے سنا تھا فرمایا" اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اليه حبشيا عليه ثديان، أحد ثدييه
مثل ثدى المرأة عليه شعرات مثل
شعرات تكون على ذنب اليربوع

وفى رواية: أنهم لما لم يجدوه
جاء على بنفسه فجعل يقول: أقلبوا ذا
واقلبوا ذا حتى جاء رجل من أهل الكوفة
فقال: هو ذا، فقال على: الله أكبر أخرجه
أحمد فى المناقب

وفى رواية أنهم لما وجدوه قال
على: هذا شيطان وهو، وهو أظلم أحرجا
أبو الخير القزويني الحاكمي

(شرح) دحشوا برماحهم، أى ألقوها
وعن أبى سعيد أنه قال: قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم: تمرق
مارقة من الناس تقتلهم أولى الطائفتين
بالله عز وجل * وعن ابن مسعود أن
رسول الله صلى الله عليه وسلم أتى منزل
أم سلمة، فجاء على فقال رسول الله
صلى الله عليه وسلم: يا أم سلمة. هذا
قاتل القاسطين والناكثين والمارقين من
بعدى أخرجهما الحاكمي

(شرح) القاسطون الجائرون من
القسط بالفتح والقسوط: الجور والعدول

نہیں، میں نے رسول اللہ سے اس حدیث
کو سنا تھا. اس نے آپ کو تین دفعہ قسم
دی، حضرتؑ نے تین دفعہ قسم کھا کر فرمایا، میں
نے رسول اللہ سے یہ حدیث سنی تھی)

ایک اور روایت میں ہے کہ جب ان
لوگوں نے لنجے ہاتھ والے کو تلاش کر لیا تو
سب کے سب سجدہ میں گر پڑے اور علی علیہ
السلام بھی ان کے ساتھ سجدہ ریز ہو گئے.

ایک اور روایت میں ہے کہ ابو الرضی
نے کہا، میں نے گویا اس حبشی شخص کو دیکھا
جس کے سینے پر دو پستان تھے، ایک پستان
عورت کے پستان کی مانند تھا. جس پر
(یربوع) چوہے کی قسم کے جانور کی دم کی
مانند بال موجود تھے،

ایک اور روایت میں ہے کہ جب
علی علیہ السلام کے لشکر کو ناقص ہاتھ والا
آدمی نہ ملا. تو آپ خود اس کی تلاش میں
مصروف ہو گئے، اور اپنے آدمیوں سے
فرماتے ان لاشوں کو الٹو، ان لاشوں کو الٹو،
کوفہ کے ایک آدمی نے عرض کیا وہ شخص
یہاں موجود ہے، حضرتؑ نے اللہ اکبر کا نعرہ
بلند فرمایا.

ایک اور روایت میں ہے کہ جب ناقص

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عن الحق، والقسط: بالكسر العدل

ہاتھ والا تلاش کرنے کے باوجود نہ ملا تو آپ نے فرمایا۔ وہ شخص شیطان تھا اور اس سے بھی زیادہ گمراہ تھا۔

ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مارقین دین سے نکل جائیں گے، ان کو وہ گروہ قتل کرے گا جو اللہ تعالیٰ پر صحیح معنوں میں ایمان لایا ہوگا۔

ابن مسعود سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بی بی ام سلمہ رضؓ کے گھر میں تشریف لائے، اور علی علیہ السلام آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے، رسول اللہؐ نے ام سلمہؓ سے فرمایا، یہ شخص قاسطین (صفین والے) ناکثین (جمل والے) اور مارقین (نہروان والے) سے میرے بعد جہاد کرے گا۔

ذكر السبب الموجب لقتال الخوارج عليا عليه السلام

علی علیہ السلام کی خوارج سے جنگ کرنیکی وجہ

عن ابن عباس قال: اجتمعت الخوارج في دارها، وهم ستة آلاف أو نحوها، قلت لعلي بن أبي طالب يا أمير المؤمنين، أبرد بالصلاة لعلي

ابن عباس نے کہا خوارج اپنے گھر میں جمع ہوئے جن کی تعداد چھ ہزار یا اس کے لگ بھگ تھی، میں نے علی بن ابی طالبؑ سے کہا۔ یا امیر المومنینؑ آپ نماز دیر سے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ألقى هؤلاء القوم، فقال: إني أخافهم
عليك. قال: فقلت: كلا. قال: ثم لبس
حلتين من أحسن الحلل. قال: وكان ابن
عباس جميلا جهيرا. قال فلما نظروا
إلي قالوا: مرحبا بابن عباس. فما هذه
الحلة؟ قال: قلت وما تنكرون من
ذلك؟ لقد رأيت على رسول الله صلى
الله عليه وسلم حلة من أحسن الحلل
قال: ثم تلوت عليهم: قل من حرم زينة
الله التي أخرج لعباده قالوا: فما جاء بك
قلت: جئتكم من عند أمير المؤمنين
ومن عند أصحاب رسول الله صلى الله
عليه وسلم ومن عند المهاجرين والأنصار
لأبلغكم ما قالوا ولأبلغهم ما تقولون. فما
تنقمون من علي ابن عم رسول الله صلى الله
وصهره؟ قال: فأقبل بعضهم على بعض
فقال بعضهم: لا تكلموه فإن الله تعالى
يقول: بل هم قوم خصمون. وقال
بعضهم: ما يمنعنا من كلام ابن عم
رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو
يدعونا إلى كتاب الله؟ قالوا: ننقم عليه
خلالا ثلاثا. قال وما هن؟ قالوا: حكم
الرجال في أمر الله عز وجل، وما

ادا فرمائیں، میں ان لوگوں (خوارج) سے ملتا
ہوں. حضرت نے کہا مجھے خطرہ لگتا ہے کہ
کہیں وہ آپ کو نقصان نہ پہنچائیں. میں نے
کہا ایسا ہرگز نہ ہوگا. ابن عباس نے دو
خوب صورت جوڑے زیب تن کئے. آپ ایک
خوب صورت اور بلند آواز والے آدمی تھے ابن
عباس نے کہا جب مجھے خوارج نے دیکھا
تو کہا ابن عباس کے لئے خوش آمدید ہے
آپ نے کیسا لباس پہن رکھا ہے؟ میں نے
کہا آپ لوگوں کو یہ کیوں ناگوار ہے، میں نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس سے
زیادہ خوب صورت لباس زیب تن کئے ہوئے
دیکھا تھا۔ پھر میں نے ان کے سامنے یہ آیت
تلاوت کی "کہدو کس نے خدا کی زینت کو
حرام قرار دیا. جس کو اس نے اپنے بندوں
کے لئے مہیا کیا" خوارج نے کہا آپ کیوں
تشریف لائے ہیں؟ میں نے کہا میں امیر المومنینؑ
کے ہاں سے تمہارے پاس آیا ہوں۔ اصحاب
رسولؐ اور مہاجرین اور انصار کی طرف سے آیا
ہوں تاکہ تم تک ان کا پیغام پہنچاؤں اور تمہارا
پیغام ان تک لے جاؤں۔ تم لوگ علیؑ ابن
عم رسولؐ اور داماد رسولؐ سے کیوں انتقام
لیتے ہو، یہ سُن کر وہ ایک دوسرے کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

للرجال وحكم الله؟ وقاتل ولم يسب ولم يغنم. فإن كان الذين قاتل قد حل قتالهم فقد حل سبيهم وأن لم يكن حل سبيهم فما حل قتالهم. ومحى اسمه من أمير المؤمنين. فإن لم يكن أمير المؤمنين فهو أمير المشركين. قال: فقلت لهم: غير هذا؟ قالوا: حسبنا هذا. قال: قلت: أرأيتم إن خرجت من هذا بكتاب الله وسنة رسوله أراجعون أنتم؟ قالوا: وما يمنعنا؟ قلت أما قولكم حكم الرجال في أمر الله فإني سمعت الله عزوجل يقول في كتابه: يحكم به ذوا عدل منكم في ثمن صيد أرنب أو نحوه يكون قيمة ربع درهم. فرد الله الحكم فيه إلى الرجال، ولو شاء أن يحكم لحكم. وقال تعالى: «وإن خفتم شقاق بينهما فابعثوا اهله وحكما من اهلها ان يريدا اصلاحا يوفق الله بينهما» أخرج

قالوا: نعم

قلت: وأما قولكم: قاتل ولم يسب ولم يغنم فإنه قاتل أمكم. وقال الله تعالى: «النبي أولى بالمؤمنين من أنفسهم وأزواجه أمهاتهم». فإن زعمتم أنها ليست بأمكم فقد كفرتم. وإن زعمتم أنها أمكم فما

طرف دیکھنے لگے، ایک شخص نے کہا اس (علیؑ) سے بات تک نہ کرو، اللہ تعالیٰ کہتا ہے یہ جھگڑالو قوم ہے، ایک اور خارجی نے کہا، ابن عم رسولؐ کیساتھ بات کرنے سے ہمیں کیا چیز روکتی ہے حالانکہ آپ کتاب خدا کی طرف دعوت دیتے ہیں، خوارج نے کہا ہم تین باتوں کی وجہ سے آپ سے بدلہ لینا چاہتے ہیں۔ ابن عباس نے پوچھا وہ تین باتیں کون سی ہیں؟ انہوں نے کہا آدمیوں نے خدا کے امر میں حکم قرار دیا۔ آدمی خدا کے حکم میں کیوں دخل دیں، جمل والوں سے جنگ کی لیکن ان کی شکست کے بعد ان کو قیدی نہیں کیا اور نہ ہی اُن کا مال لیا۔ اگر جمل والوں سے جنگ جائز تھی تو ان کو قید کرنا بھی درست تھا۔ اگر ان کا قید کرنا درست نہیں تھا۔ تو پھر ان سے لڑنا کیونکر جائز تھا، اپنے نام سے امیر المومنینؑ کا لفظ مٹا دیا، جب آپ امیر المومنینؑ نہ رہے تو امیر المشرکین ہو گئے۔ ابن عباس نے کہا، میں نے اُن سے پوچھا، کوئی اور بات انہوں نے کہا بس ہماری یہی باتیں ہیں۔ ابن عباس نے کہا اگر میں یہ باتیں کتاب خدا اور خدا کے رسولؐ کی سنت سے ثابت کردوں تو جو کام علیؑ نے کیا ہے وہ درست ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حل سباها، فأنتم بين منزلتين، أخرجت
من هذه؟ قالوا: نعم، قال: وأما قولكم
محا اسمه من أمير المؤمنين، فأنا أنبئكم
بذلك عمن ترضون، أما تعلمون أن
رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الحديبية
وقد جرى الكتاب بينه وبين سهيل
بن عمرو - قال: يا علي، اكتب: هذا
ما اصطلح عليه رسول الله صلى الله
عليه وسلم وسهيل بن عمرو، فقالوا
لو نعلم أنك رسول الله ما قاتلناك
ولكن اكتب اسمك واسم أبيك، فقال
اللهم إنك تعلم أني رسولك، ثم أخذ
الصحيفة فمحاها بيده، ثم قال:
يا علي اكتب: هذا ما صالح عليه محمد
بن عبد الله وسهيل بن عمرو، فوالله
ما أخرجه الله بذلك من النبوة، أخرجت
من هذا؟ قالوا: نعم. قال: فرجع ثلثهم
وانصرف ثلثهم، وقتل سائرهم على الضلالة
أخرجه بكار بن قتيبة في نسخته

توکیا تم اپنے عقیدہ سے باز آجاؤ گے، انہوں نے کہا کہ پھر باز نہ آجانے کی کوئی وجہ نہیں ہوگی، آپ نے کہا کہ تمہارا یہ قول کہ علیؑ نے خدا کے حکم میں لوگوں کو حکم بنایا تو اس بات کا ثبوت قرآن میں موجود ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ "خرگوش کے شکار کی قیمت یا اس قسم کی ایسی چیز جس کی قیمت چار درہم ہو، تم میں اس بارے میں صاحب عدل لوگ فیصلہ کریں"۔ خدا نے فیصلہ کا اختیار لوگوں کو دے دیا ہے اور کہا ہے تم میں اس بارے میں صاحب عدل لوگ فیصلہ کریں۔ اگر خدا چاہتا تو خود حکم صادر کرتا، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہو تو ایک حکم مرد کی جانب سے ہو اور ایک عورت کی طرف سے دونوں ان میں صلح کرا دیں اگر دونوں صلح کرنا چاہیں کیا میں نے اس بارے میں تمہاری تسلی کر دی ہے؟ انہوں نے کہا ہاں ایسا ہے تمہارا یہ قول کہ جنگ کی مگر لوگوں کو قید نہ کیا اور مال غنیمت نہ لوٹا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرتؑ نے تمہاری ماں سے جہاد کیا تھا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: نبیؐ مومنین کی جان سے افضل ہیں اور رسولؐ کی عورتیں مومنین کی مائیں ہیں۔ اگر تمہارا یہ عقیدہ ہو کہ بی بی عائشہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمہاری ماں نہیں تھی تو تم کافر ہو جاؤ گے، اگر تم یہ کہتے ہو کہ وہ ہماری ماں تھی تو پھر اس کا قید کرنا کیوں کر جائز ہوا، تم دو گمراہیوں کے درمیان ہاتھ پیر مار رہے ہو۔ کیا اب تمہاری تسلی ہو گئی؟ کہا ہاں۔ ابن عباس نے کہا کہ تمہارا یہ کہنا کہ علیؑ نے اپنے نام سے امیر المومنین کا لفظ کیوں مٹایا تو میں اس بات کے لئے ایسا ثبوت مہیا کر دوں گا جس کو تم مان جاؤ گے۔ کیا تمہیں علم نہیں کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر رسول اللہؐ اور سہیل بن عمرو کے درمیان خط و کتابت ہو رہی تھی، اس موقع پر مشرکین مکہ نے کہا کہ ہم اگر آپ کو رسول خدا مانتے تو آپ سے جنگ کیوں کرتے، آپ صرف اپنا اور اپنے باپ کا نام تحریر کریں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اے معبود! تو جانتا ہے کہ میں تیرا رسول ہوں۔ آپ نے صحیفہ ہاتھ میں لیا اور رسول اللہ کا لفظ اپنے ہاتھ سے مٹا دیا پھر علیؑ سے کہا لکھو یہ وہ عہد نامہ ہے جس پر محمد بن عبداللہ اور سہیل بن عمرو نے صلح کی اور رسول اللہ کا لفظ نہ لکھنے سے آپ نبوت سے خارج نہیں ہو گئے تھے، اب تسلی ہو گئی ہے، کہا ہاں، خوارج کے ہٹے نے توبہ کر لی، ہٹ کے چلا گیا باقی گمراہ ہو کر قتل ہو گئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

الفصل العاشر في خلافته

ذكر ما جاء في صحة خلافته والتنبيه عليها

تقدم في باب الأربعة طرف منه، وفي باب أبي بكر وعمر وعلي كذلك

وعن عمر أنه قال حين طعن وأوصى إن ولوها الأجلح سلك بهم الطريق المستقيم - يعني عليا - أخرجه أبو عمر

وعن عمرو بن ميمون قال كنت عند عمر إذ ولى الستة الأمر، فلما جاوزوا أتبعهم بصره، ثم قال: لئن وليتم هذا الأجلح ليركبن بكم الطريق - يعني عليا - أخرجه ابن الضحاك وفي لفظ: إن ولوها الأصيلع يحملهم على الحق وإن السيف على عنقه أخرجه القلعي

وقد تقدم في فصل مقتل عمر

وعن عبد الرحمن بن عبيد أن عمر سمع رجلا ينادي رجلا من الأنصار من بني حارثة فقال: تجدونه يستخلف، بعد الأنصار والمهاجرين ولم يذكروا أمركم ليحملكم على طريقة

آپ کی خلافت

حضرت عمرؓ کو جب نیزہ لگا تو آپ نے وصیت کی کہ اگر علیؑ کو خلیفہ بناؤ گے تو وہ تم کو سیدھے راستے پر چلائیں گے۔

عمرو بن میمون نے کہا کہ جب عمر نے چھ افراد کو خلافت کا مستحق قرار دیا تھا تو میں آپ کے پاس موجود تھا، اگر تم علیؑ کو خلیفہ بناؤ گے تو وہ تم کو سیدھی راہ پر لگائیں گے، ایک جگہ لفظ اصیلع کا آیا ہے کہ اگر تم علیؑ کو خلیفہ بناؤ گے تو وہ تمہیں راہِ حق پر سوار کریں گے اور تلوار آپ کی گردن میں لٹکی ہوئی ہو گی۔

عبدالرحمٰن بن عبید سے مروی ہے بنو حارثہ میں سے انصار کا ایک آدمی اعلان کر رہا تھا کہ حضرت عمرؓ انصار اور مہاجرین میں سے فلاں فلاں شخص کو خلیفہ نامزد کریں گے، ان لوگوں نے علیؑ کا نام نہ لیا۔ عمر نے جب سنا تو کہا علیؑ کا نام کیوں نہیں لیتے؟ خدا کی قسم اگر علیؑ کو خلیفہ بناؤ گے تو وہ تمہیں حق کے راستہ پر سوار کریں گے۔

حارثہ بن مضرب نے کہا میں نے عمر کے ساتھ حج ادا کیا، تو اونٹ کو ہانکنے والا کہتا تھا کہ عمر کے بعد عثمان خلیفہ ہو گا۔ میں نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحق. أخرجه ابن الضحاك

وعن حارثة بن مضرب قال: حججت مع عمر وكان الحادي يحدو إن إن الأمير بعده عثمان، فحججت مع عثمان، فكان الحادي يحدو: إن الأمير بعده علي. أخرجه البغوي في معجمه، وقد تقدم في ذلك أيضا في نظيره في مناقب عثمان

وعن فضالة بن أبي فضالة الأنصاري قال: خرجت مع أبي إلى ينبع عائدا لعلي بن أبي طالب فقال له: يا أبا حسن، ما يقيمك بهذا البلد، إن أصابك أجلك لم يلك إلا أعراب جهينة، فلو احتملت إلى المدينة فأصابك أجلك وليك أصحابك فصلوا عليك، فقال: يا أبا فضالة إن رسول الله صلى الله عليه وسلم عهد إلى أن لا أموت حتى أؤمر، ، ثم تخضب هذه - يعنى لحيته - من هذه - يعنى ناصيته. أخرجه أحمد في المناقب وأبو حاتم وقال: وقتل أبو فضالة مع علي بصفين. وخرجه الملاء في سيرته، وأخرجه ابن الضحاك

عثمان کے ساتھ حج کیا تو اونٹ ہانکنے والا کہتا تھا کہ عثمان کے بعد علی خلیفہ ہوں گے (میرے خیال میں یہ حدیث زیب داستان کے لئے ہے)

فضالہ بن ابی فضالہ انصاری نے کہا کہ میں ینبع کے چشمہ پر حضرت علی کی عیادت کے لئے گیا۔ میں نے عرض کیا۔ اگر آپ فوت ہو گئے تو آپ کی تجہیز و تکفین جہینہ قبیلہ کے دیہاتی کریں گے؟ فرمایا رسول اللہ نے مجھے بتایا تھا کہ مجھے اس وقت تک موت نہیں آئے گی جب تک میں خلیفہ نہ بنا لیا جاؤں پھر میری پیشانی کے خون سے میری داڑھی خضاب آلود ہو گی۔ ابو فضالہ صفین کی جنگ میں حضرت علی کی طرف سے شہید ہوا۔

ابن عمر نے کہا کہ مجھے زندگی میں جو چیز ہمیشہ تکلیف دیتی رہی وہ یہ تھی کہ میں نے علی علیہ السلام سے ملکر باغی گروہ سے جنگ کیوں نہ کی، وہ (علیؑ) سخت گرمی میں روزہ رکھتے تھے۔"

ابن عمر کے اس قول سے اس بات کی تائید ہوتی ہے کہ صحابہ کے نزدیک علی علیہ السلام کی خلافت درست تھی۔

عمر بن خاقان نے کہا کہ مجھے احنف بن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقال بعد قوله عائد العلي، وكان مريضا، ولم يقل حتى أوص. وقد تقدم ذكر كرامته * وعن ابن عمر أنه قال: ما آسى على شئ إني لم أقاتل مع علي الفئة الباغية، وعلى صوم الهواجر وفيه دليل على صحة خلافته عندهم

وعن عمر بن خاقان قال، قال لي الأحنف بن قيس: لقيت الزبير فقلت له: ما تأمرني به وترضاه لي؟ قال: آمرك بعلي بن أبي طالب، قلت: أتأمرني به وترضاه لي؟ قال: نعم أخرجه الحضرمي.

وعن عاصم بن عمر قال: لقي عمر عليا فقال: يا أبا الحسن، نشدتك بالله هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ولاك الأمر؟ قال: إن قلت ذاك فما تصنع أنت وصاحبك؟ قال أما صاحبي فقد مضى، وأما أنا فوالله لأخلعنها من عنقي في عنقك، قال: جدع الله أنف من أبعدك من هذا؟ لا، ولكن رسول الله صلى الله عليه وسلم جعلني علما، فإذا أنا قمت فمن خالفني ضل

وفي رواية أنه قال له: يا أبا

قیس نے کہا کہ میں زبیر سے ملا اور اس سے کہا کہ آپ میرے لئے کون سی بات پسند فرماتے ہیں؟ کہا میں تجھے علی علیہ السلام کا ساتھ دینے کا حکم دیتا ہوں، میں نے عرض کیا آپ مجھے اس بات کا حکم دیتے ہیں اور اس کو میرے لئے پسند کرتے ہیں۔ کہا ہاں ایسا ہی ہے،

عاصم بن عمر نے کہا کہ حضرت عمر نے علی علیہ السلام سے مل کر کہا "اے ابوالحسن میں آپ کو خدا کی قسم دیکر دریافت کرتا ہوں کیا رسول اللہ نے آپ کو خلیفہ نامزد کیا تھا؟ فرمایا اگر یہ بات کہتے ہو تو تم اور تمہارے ساتھی جو چلے گئے ہیں کرو گے؟ کہا میرا ساتھی فوت ہو چکا ہے، خدا کی قسم میں خلافت کو اپنی گردن سے اتار کر تمہاری گردن میں نہیں ڈالوں گا۔ فرمایا خدا تیری ناک کاٹے اس سے مجھے کس نے الگ رکھا ہوا ہے؟ مجھے رسول اللہ نے علم مقرر کیا تھا جب میں کسی بات کا دعویٰ کروں جو بھی میری مخالفت کرے گا، وہ گمراہ ہو گا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ عمر نے علیؑ سے کہا میں آپ سے خدا کی قسم دیکر دریافت کرتا ہوں کیا رسول اللہ نے آپ کو خلیفہ مقرر کیا تھا؟ فرمایا نہیں۔ مگر مجھے رسول

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحسن نشدتك بالله هل استخلفك
رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قال:
لا، ولكن جعلني رسول الله صلى الله
عليه وسلم علماً، فمتى قمت فمن خالفني
ضل. أخرجهما ابن السمان في الموافقة

نے علم مقرر کیا تھا، جب میں کسی بات کا دعویٰ
کروں اور جو شخص بھی میری مخالفت کرے گا وہ
گمراہ ہوگا۔

ذكر بيعته ومن تخلف عنها

تقدم في مقتل عثمان طرف من ذلك
وعن محمد بن الحنفية قال: أتى رجل
عثمان محصور، فقال: ان أمير المؤمنين
مقتول، ثم جاء آخر فقال: إن أمير
المؤمنين مقتول الساعة، قال فقام
علي فقال: يا محمد: فأخذت بوسطه تخوفا
عليه فقال: حل لا أم لك قال: فأتى علي
الدار وقد قتل الرجل، فأتى داره فد
خلها وأغلق عليه بابه، فأتاه الناس
فضربوا عليه الباب فدخلوا عليه فقال
إن هذا الرجل قد قتل، ولا بد للناس
من خليفة، ولا نعلم أحدا أحق بها منك
فقال لهم علي: لا تريدوني، فاني لكم وزير
خير مني لكم أمير. فقالوا: والله لا
نعلم أحدا أحق بها منك: قال: فإن
أبيتم علي فان بيعتي لا تكون سراً ولكن

آپکی بیعت اور بیعت نہ کرنیوالوں کا ذکر

محمد بن حنفیہ نے کہا کہ عثمان محصور تھے
ایک شخص نے آکر کہا امیر المومنین قتل کر دیئے
گئے ہیں، پھر ایک اور شخص نے آکر کہا امیر
المومنین کو ابھی ابھی قتل کر دیا گیا ہے، آپ
عثمان کے گھر آئے وہ قتل ہو چکے تھے حضرت
اپنے گھر آئے اور دروازہ بند کر کے بیٹھ گئے
لوگ دروازہ کھلوا کر آپ کی خدمت میں حاضر
ہوئے، عرض کیا عثمان قتل ہو گئے ہیں لوگوں
کے لئے خلیفہ مقرر کرنا نہایت ضروری ہے
اس بارے میں آپ سے زیادہ لائق کوئی آدمی نہیں
ہے۔ فرمایا مجھے میری حالت پر چھوڑ دو، میں
خلیفہ ہونے کی نسبت تمہارا وزیر بہتر ثابت
ہو سکتا ہوں۔ انہوں نے کہا خلافت کرنے
کا آپ سے زیادہ کوئی حقدار نہیں ہے۔ فرمایا
اگر تم لوگ میری بات نہیں مانتے تو میری
بیعت پوشیدہ نہ ہو، بلکہ مسجد میں جمع ہو جاؤ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أتى المسجد، فمن شاء أن يبايعني بايعني
قال: فخرج إلى المسجد فبايعه الناس
وعن المسور بن مخرمة قال: قتل عثمان
وعلي في المسجد، فمال الناس إلى طلحة
قال: فانصرف علي يريد منزله، فلقيه
رجل من قريش عند موضع الجنائز
فقال: انظروا إلى رجل قتل ابن عمه
وسلب ملكه، قال فولى راجعاً في
المنبر، فقيل: ذلك علي على المنبر، فمال
الناس إليه فبايعوه وتركوا طلحة
أخرجهما أحمد في المناقب، وغيره
ولا تضاد بينهما، بل يحمل على أن
طائفة من الناس أرادوا بيعة طلحة
والجمهور أتوا علياً في داره فسألوه ما
سألوه وأجابهم على ما تقدم تقريره
فخرج بعد انصرافهم عنه في بعض
شؤونه، فلما سمع كلام ذلك الرجل
خشي الخلاف بين الناس، فصعد المنبر
في وقته ذلك، وبادروا إلى البيعة لهذا
المعنى، لا لحب المملكة وخشية فواتها
وحية حين سمع كلام ذلك الرجل
قال ابن اسحاق: إن عثمان لما قتل
بويع علي ابن أبي طالب بيعة العامة

جو شخص میری بیعت کرنا چاہے وہ کرے
آپ مسجد میں تشریف لائے، لوگوں نے
آپ کی بیعت کی۔
مسور بن مخرمہ نے کہا جب عثمان قتل ہوئے
تو علیؑ مسجد میں تھے، لوگ طلحہ کی طرف رجوع
کرنے لگے، علیؑ اٹھکر گھر جارہے تھے، بمقام
جنائز پر قریش کا ایک آدمی آپ سے ملا اور کہا
اس شخص کو دیکھو جس کا ابن عم قتل ہوگیا ہے
اور اس کی حکومت پر قبضہ ہونے والا ہے یہ
سن کر حضرت علیؑ واپس مسجد میں تشریف لائے
اور منبر پر بیٹھ گئے، جب لوگوں کو یہ بات معلوم
ہوئی تو انہوں نے آپ کی بیعت کی اور طلحہ کو
چھوڑ دیا۔

ان دونوں باتوں میں کوئی تضاد نہیں ہے
ان میں تطبیق یوں ہوگی کہ ایک گروہ نے طلحہ
کی بیعت کی، جبکہ جمہور نے حضرت علیؑ کے
گھر میں حاضر ہو کر آپ کی بیعت کی، لوگوں کے
چلے جانے کے بعد آپ کسی وقت مسجد میں
تشریف لائے اور جب مسجد سے گھر کو جارہے
تھے تو ایک شخص کی بات کو سنا، تو آپ نے
محسوس کیا کہ خلیفہ کی نامزدگی پر لوگوں میں
اختلاف نمودار ہوگا۔ لہذا آپ اسی وقت منبر
پر تشریف لے گئے اور لوگوں سے اپنی بیعت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

في مسجد رسول الله صلى الله عليه وسلم وبايع له أهل البصرة، وبايع له بالمدينة طلحة والزبير

قال أبو عمر: واجتمع على بيعته المهاجرون والأنصار، وتخلف عن بيعته نفر، فلم يكرههم، وسئل عنهم فقال: أولئك قوم قعدوا عن الحق ولم يقوموا مع الباطل، وتخلف عنه معاوية ومن معه بالشام وكان منهم في صفين ما كان، فغفر الله لهم أجمعين. ثم خرج عليه الخوارج فكفروه وكل من معه إذ رضي بالتحكيم في دين الله بينه وبين أهل الشام، فقالوا: حكمت الرجال في دين الله عز وجل، والله تعالى يقول (إن الحكم إلا لله) ثم اجتمعوا وشقوا عصا المسلمين، ونصبوا راية الخلاف وسفكوا الدماء وقطعوا السبيل، فخرج إليهم بمن معه، ورام رجعتهم، فأبوا إلا القتال فقاتلهم بالنهروان، فقتلهم واستأصل جمهورهم، ولم ينج منهم إلا القليل. وقال أبو عمر: وبايع له أهل اليمن بالخلافة يوم قتل عثمان

یعنی شروع کر دی، آپ کو حکومت کا شوق نہیں تھا۔ بلکہ اس شخص کے غیرت دلانے پر ایسا کیا (آپ یوم ازل سے خلیفۂ رسولؐ تھے)

ابن اسحاق نے کہا عثمان کے قتل کے بعد علی علیہ السلام کی مسجدِ رسولؐ میں بیعت عامہ کی گئی، اہل بصرہ نے آپ کی بیعت کی، طلحہ اور زبیر نے مدینہ میں آپ کی بیعت کی (پھر بعد میں منحرف ہو گئے اور جمل کی جنگ میں بی بی عائشہ کیساتھ شرکت کی۔

ابو عمر نے کہا علیؑ کی بیعت متفقہ طور پر مہاجرین اور انصار نے کی۔ چند لوگ آپ کی بیعت سے باز رہے، آپ نے ان کو اپنی بیعت کرنے پر مجبور نہ کیا۔ اس بارے میں کسی نے آپ سے سوال کیا فرمایا ان لوگوں نے حق کا ساتھ نہیں دیا اور باطل کی بھی تائید نہیں کی، معاویہ اور اہل شام نے آپ کی بیعت نہیں کی تھی، بیعت نہ کرنے والے وہ تھے جو جنگِ صفین میں معاویہ کیساتھ مل کر آپ سے لڑ رہے تھے۔

خوارج نے آپ کے خلاف محاذ قائم کر لیا اور آپ اور آپ کے ساتھیوں پر کفر کا فتویٰ لگایا اور کہا کہ آپ نے دین خدا کے بارے میں لوگوں کو حکم قرار دیا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان الحکم للہ حکم صرف خدا کا ہے، یہ لوگ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپ کے خلاف جمع ہو گئے، مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کیا، آپ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا، انہوں نے مسلمانوں کا خون بہایا، رہزنی کی، حضرت کیسا نہ جو لوگ تھے کچھ خوارج سے جا کر مل گئے، حضرت نے انہیں توبہ کرنے کی دعوت دی، مگر انہوں نے جنگ کرنے کے سوا کوئی تجویز نہ مانی، آپ نے ان سے نہروان کے مقام پر جنگ کی، ان کی کمر کو توڑ دیا تھوڑے سے باقی رہ گئے باقی سب کو نیست و نابود کر دیا۔

ذکر حاجبه ونقش خاتمه

كان حاجبه قنبر مولاه. ذكره الخجندى، وكان نقش خاتمه (الله الملك) رواه أبو جعفر محمد بن علية، أخرجه السلفي وأخرجه الخجندى

(ذكر ابتداء شخوصه من المدينة وأنه لم يقم فيما قام فيه إلا احتسابا لله تعالى)

عن مالك بن الجون قال: قام على بن أبي طالب بالربذة، فقال: من أحب أن يلحقنا فليلحقنا، ومن أحب أن يرجع فليرجع ماذونا له غير حرج، فقام الحسن بن على فقال: يا أبة. أو يا أمير المؤمنين

آپ کے دربان اور انگوٹھی کے نقش کا ذکر

آپ کے دربان، آپ کے غلام قنبر تھے آپ کی انگوٹھی کا نشان اللہ الملک تھا۔

آپ جتنا عرصہ مدینہ میں رہے، صبر سے کام لیتے رہے، مدینہ سے روانگی

مالک بن جون نے کہا کہ علی علیہ السلام نے ربذہ میں فرمایا کہ جو شخص ہمارے ساتھ جانا پسند کرے وہ ہمارے ساتھ چلے اور جو شخص ہمیں چھوڑ کر جانا چاہے وہ جا سکتا ہے اسے اجازت ہے اس سے کوئی باز پرس نہ ہوگی، امام حسنؑ نے کھڑے ہو کر "بابا جان" "یا امیر المومنینؑ" کہکر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لو كنت في جحر دكان للعرب فيك حاجة
لاستخرجوك من جحرك. فقال:
الحمد لله الذي يبتلي من يشاء بما يشاء ويعافي
من يشاء بما يشاء، أما والله لقد ضربت
هذا الأمر ظهراً لبطن، أو ذنباً ورأساً
فوالله إن وجدت له إلا القتال أو الكفر
بالله، يحلف بالله عليه، اجلس يا بني
ولا تحزن على حنين الجارية. أخرجه أبو
الجهم

وقد تقدم في باب الشيخين قول
ابن الكواء وقيس بن عباد له في قتاله وأنه
هل هو بعهد من رسول الله صلى الله
عليه وسلم أو شيء من عندك؟ وجوابه
لهما فلينظر ثمة.

عرض کیا اگر عرب کو آپ کی ضرورت ہوگی تو
آپ چاہے کسی بل کے اندر ہی کیوں نہ چلے
جائیں وہ آپ کو تلاش کر کے نکال لائیں گے
فرمایا "خدا کا شکر ہے جو کسی چیز سے جسکا
چاہتا ہے امتحان لیتا ہے اور جس کو چاہتا
ہے کسی چیز کی وجہ سے معاف کر دیتا ہے
خدا کی قسم میں نے اس امر کا ظاہر اور باطن
میں جائزہ لیا ہے اور اس کے آغاز اور
انجام میں غور کیا، خدا کی قسم میں اس میں،
اس نتیجہ پہ پہنچا ہوں یا تو ان سے جنگ
کروں یا خدا کا منکر ہو جاؤں، بیٹے بیٹھ
جاؤ، لونڈی کے رونے پر توجہ نہ دو"

ذكر ما رواه أبو بكر في فضل علي وروى عنه

وقد ذكرنا ذلك مفرقاً في الأبواب
والفصول، ونحن ننبه عليه لتوفر
الداعية * فمنه حديث النظر إليه
عبادة في الفضائل، وحديث استواء
كفه وكف النبي صلى الله عليه وسلم
من ربه، وحديث: لا يجوز أحد

وہ احادیث جو حضرت ابوبکر نے حضرت علیؑ کے بارے میں فرمائیں

حضرت ابوبکر نے کہا، علیؑ کی طرف دیکھنا
عبادت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم اور علی علیہ السلام کی ہتھیلی برابر ہے"
علی علیہ السلام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم سے وہی نسبت ہے جو رسول خدا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

الخوارج الا بجواز یکتبه علی، کل ذلك فی الخصائص * وقوله: من سرہ أن ینظر إلی أقرب الناس قرابة، وإحالته علی علی لما سئل عن وصف رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فی الفضائل وحدیث مشاورة أبی بکر له فی قتال أهل الردة فی اتباعه للسنه

کو اللہ تعالی سے بخشی۔ جب تک علی علیہ السلام جنت کا ٹکٹ نہ دیں گے کوئی شخص پل صراط عبور نہ کر سکے گا۔
جو شخص یہ بات پسند کرے کہ تمام لوگوں سے زیادہ رسول اللہ کے قریبی شخص کو دیکھے تو وہ علی علیہ السلام کو دیکھے۔
اگر کوئی شخص حضرت ابوبکر سے رسول اللہ کا کوئی وصف دریافت کرتا تو آپ اسے علی علیہ السلام کے پاس بھیج دیتے۔
ابوبکر نے آپ سے مرتدین سے لڑنے کا مشورہ لیا۔

ذکر ما رواہ عمر فی علی وروی عنه مختصرا

وقد تقدم جمیع ذلك مفرقا فی أبوابه

فمنه حدیث الرایة یوم خیبر، وحدیث ثلاث: خصال لأن یکون لی واحدة منهن وحدیث أنه صلی اللہ علیه وسلم قال فی علی ثلاث خلال لوددت أن لی واحدة منهن، وحدیث: أنت منی بمنزلة هارون من موسی، وحدیث رجحان إیمانه بالسموات السبع والأرضین، وحدیث من کنت مولاہ فعلی مولاہ، وقوله

وہ احادیث جو حضرت عمر نے علی علیہ السلام کے حق میں بیان فرمائیں

مندرجہ ذیل احادیث حضرت عمر نے علی علیہ السلام کے حق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیں۔
حدیث رایت یوم خیبر، حدیث ثلاث خصال جس میں آپ کا خواہش کرنا کہ ان تین باتوں میں سے ایک بات مجھے حاصل ہوتی۔ حدیث تم کو مجھ سے وہ مرتبہ حاصل ہے جو ہارون کو موسیٰ سے حاصل تھا۔ حدیث اگر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ما أجبت الإمارة إلا يومئذ، لما قال لعلي: لأبعثنه إلى كذا وكذا، وقوله أصبحت مولى كل مؤمن ومؤمنة وقوله علي مولى من النبي صلى الله عليه وسلم مولاه، وقوله في علي: إنه مولاي، وإحالته في المسألة عليه غير مرة في القضاء * وقوله: أقضانا علي، ورجوعه إلى قوله في مسائل كثيرة. كل ذلك في الخصائص والفضائل مفرقاً في بابه

تمام آسمانوں اور زمینوں کا ایمان ترازو کے ایک پلڑے میں رکھ دیا جائے اور علی علیہ السلام کا ایمان دوسرے پلڑے میں تو علی علیہ السلام کے ایمان کا وزن زیادہ ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث جس کو آپ نے خم غدیر کے مقام پر بیان فرمایا کہ جس کا میں حاکم ہوں اس کے علیؑ حاکم ہیں

حضرت عمر کا قول کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر کی جنگ کے موقع پر فرمایا میں کل علم اس کو دوں گا جو مرد ہوگا اور بھاگنے والا نہیں ہوگا۔ اس روز مجھے سرداری کا شوق پیدا ہوا، حدیث غدیر کے موقع پر حضرت عمر کا علیؑ سے کہنا کہ آپ میرے اور ہر مومن اور مومنہ کے حاکم ہوگئے ہیں حضرت عمر کا کئی دفعہ مشکل مسائل علی علیہ السلام سے حل کرانا۔

حضرت عمر کا کہنا کہ علیؑ علیہ السلام ہم سب سے اچھا فیصلہ کرتے ہیں۔

حضرت عمر نے بہت سے مسائل میں علی علیہ السلام کی بات کو مان لیا۔

یہ تمام باتیں علی علیہ السلام کی خصوصیات اور فضائل کے ابواب میں الگ الگ بیان ہو چکی ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الفصل الحادی عشر فی

مقتله وما یتعلق به

ذکر إخباره عن نفسه أنه یقتل

تقدم فی الذکر قبله حدیث فضالة وفیه طرف منه

وعن زید بن وهب قال: قدم علی علی قوم من أهل البصرة من الخوارج فیهم رجل یقال له الجعد بن بعجة فقال له: اتق الله یا علی، فانك میت. قال علی بعویة علی هذه، تخضب هذه یعنی لحیته من رأسه. عهد معهود. وقضاً مقضی وقد خاب من افتری

وعن عبد الله بن سبع قال: خطبنا علی فقال: والذی خلق الحبة وبرأ النسمة لتخضبن هذه. قال: فقال الناس أعلمنا من هو لنبیره. أو لنبیرن عشیرته قال أنشدکم بالله أن یقتل بی غیر قاتلی قالوا: إن کنت قد علمت ذلك فاستخلف قال: لا ولکن أکلکم الی من وکلکم رسول الله

آپ کی شہادت

اس سے خود آگاہ کرنا

زید بن وہب نے کہا حضرت علی علیہ السلام بصرہ کے کچھ خوارج کے پاس آئے ان میں ایک شخص تھا، جس کا نام جعد بن بعجہ تھا اس نے حضرت سے کہا آپ ڈریں آپ مرنے والے ہیں، فرمایا اس پر ضرب لگے گی اور یہ اس خون سے خضاب ہو گی۔ یعنی ڈاڑھی سر کے خون سے خون آلود۔ یہ بات طے ہو چکی ہے، اور یہ فیصلہ مقدر ہو چکا ہے، جو اس بات کو غلط سمجھے گا وہ ناکام ہوگا۔

عبداللہ بن سبع نے کہا علی علیہ السلام نے خطبہ میں فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے دانے کو پیدا کیا اور روح کو خلق کیا، یہ اس سے ضرور رنگی جائے گی، لوگوں نے عرض کیا۔ ہمیں اس شخص سے آگاہ کریں جو یہ کام کریگا ہم اس کو اور اس کے کنبہ کو ہلاک کر دیں۔ فرمایا میں تمہیں خدا کی قسم دیکر کہتا ہوں ایسا نہ کرنا میری وجہ سے میرے قاتل کے سوا اور شخص قتل کیا جائے۔

حسین بن کثیر اپنے والد سے روایت کرتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صلى الله عليه وسلم أخرجهما أحمد
(شرح) لنبيره أى نهلكه، والبوار الهلاك
وقوم بور أى هلكى، وباد فلان: هلك
وأباده الله أهلكه. ذكره الجوهرى

عن سكين بن عبد العزيز العبدى
انه سمع أباه يقول جاء عبد الرحمن ابن
ملجم يستحمل عليًا فحمله ثم قال: أما
ان هذا قاتلى، قيل فما منعك منه قال
أنه لم يقتلنى بعد وقيل له إن ابن ملجم
يسم سيفه. وقال إنه سيقتلك به قتلة
يتحدث بها العرب، فبعث اليه وقال
لم تسم سيفك، قال لعدوى وعدوك
فخلى عنه وقال: ما قتلنى بعد. أخرجه
ابن عمر

وعن الحسين بن كثير عن أبيه
وكان قد أدرك عليًا قال فخرج على
إلى الفجر، فأقبل الاوز يصحن في وجهه
فطردوهن، فقال فانهن نوائح فضربه
ابن ملجم قلت له يا أمير المؤمنين خل
بيننا وبين مراد. فلا تقوم لهم ثاغية ولا
راغية أبدًا قال. لا ولكن احبسوا الرجل
فإن أنا مت فاقتلوه، وأن أعش فالجروح
قصاص. أخرجه أحمد في المناقب

ہیں جس نے علی علیہ السلام سے ملاقات کی
تھی کہ علی علیہ السلام صبح کی نماز کی خاطر
گھر سے باہر تشریف لائے اور بطخوں نے
آپ کا استقبال کیا اور آپ کو دیکھ کر چلانے
لگیں حضرت نے ان کو ہٹا دیا اور فرمایا کہ یہ
نوحہ خوانی کر رہی ہیں۔ جب ابن ملجم نے آپ
پر تلوار کا وار کیا تو میں نے عرض کیا یا امیرالمومنین
ہمیں اس نامراد سے نپٹ لینے دیجیے نہ بانس
رہے گا اور نہ ہی بانسری، فرمایا ایسا مت
کرو۔ اس شخص (ابن ملجم) کو قید کر لو، اگر میں
مرجاؤں تو اس کو قتل کر دینا، اگر میں زندہ
رہا تو زخم کا قصاص لینا ہوگا۔

سکین بن عبدالعزیز عبدی نے کہا کہ
میرے باپ نے کہا کہ عبدالرحمن بن ملجم حضرت
پر حملہ کرنا چاہتا تھا، اس نے آپ پر حملہ
کر دیا، فرمایا یہ میرا قاتل ہے، کسی نے کہا کہ
آپ نے اس سے اپنا بچاؤ کیوں نہ کیا۔
فرمایا اس وقت تک اس نے مجھے قتل
نہیں کیا تھا۔

کسی نے کہا عبدالرحمن تلوار زہر آلود
کئے ہوئے ہے، عنقریب اس سے آپ
کو قتل کر دے گا، جس سے عرب میں فساد
برپا ہو جائے، آپ نے کسی کو بھیج کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(شرح) ثاغية: شاة. راغية: بعير. يقال ثغت الشاة ثغو ثغاء، ورغا البعير يرغو رغاء

ذكر رؤياه في نومه ليلة قتله

عن الحسن البصري انه سمع الحسن بن علي يقول انه سمع اباه في سحر اليوم الذي قتل فيه يقول لهم: يا بني رأيت النبي صلى الله عليه وسلم في نومة نمتها، فقلت يا رسول الله ما لقيت من امتك من الأود واللدد؟ فقال ادع الله عليهم فقلت: اللهم أبدلني بهم خيرا منهم وأبدلهم بي من هو شر مني. ثم انتبه وجاء مؤذنه يؤذنه بالصلاة فخرج فقتله ابن ملجم. أخرجه أبو عمر والقلعي وغيرهما

عبدالرحمٰن کو بلوایا، تلوار کے زہر آلود کرنے کا سبب پوچھا، کہا میں اپنے اور آپ کے دشمن کو اس تلوار سے قتل کروں گا۔ آپ نے اس کو چھوڑ دیا۔

حضرتؑ کا قتل کی رات خواب دیکھنا

حسن بصری امام حسن علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو جس رات قتل ہوئے فرماتے ہوئے سنا "میرے بیٹے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے اور آپ کی خدمت میں عرض کیا ہے یا رسول اللہ میں نے آپ کی امت سے بہت زیادہ رنج والم اٹھائے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ان کے حق میں اللہ تعالیٰ سے بددعا کیجیے، میں نے کہا اے پالنے والے مجھے ان لوگوں کے بدلے ان سے اچھے انسان عطا فرمایئے، اور ان کو میرے بدلے بہت برا انسان مہیا کیجیے" پھر میں بیدار ہو گیا۔

آپ کے مؤذن نے اذان دی، آپ نماز کے لیے تشریف لائے تو ابن ملجم نے آپ پر ضرب لگائی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذكر قاتله وما حمله على القتل وكيفية قتله وأين دفن

قال زبير بن بكار: كان من بقي من الخوارج تعاقدوا على قتل علي ومعاوية وعمرو بن العاص، فخرج لذلك ثلاثة. فكان عبد الرحمن بن ملجم هو الذي التزم لهم قتل علي. فدخل الكوفة عازما على ذلك واشترى سيفا لذلك بألف، وسقاه السم فيما زعموا حتى نفضله وكان في خلال ذلك يأتي عليا يسأله ويستحمله فيحمله إلى أن وقعت عينه على قطام - امرأة رائعة جميلة كانت ترى رأي الخوارج وكان علي قد قتل أباها وأخوتها بالنهروان فخطبها ابن ملجم، فقالت له: آليت أن لا أتزوج إلا على مهر لا أريد سواه. فقال وما هو؟ قالت ثلاثة آلاف دينار، وقتل علي قال: والله لقد قصدت قتل علي والفتك به. وما أقدمني هذا المصر غير ذلك، ولكني لما رأيتك آثرت تزويجك فقالت: إلا الذي قلت لك قال: وما يغنيك أو يغنيني منك قتل علي وأنا أعلم أني إن قتلت عليا لم آتت؟ فقالت

آپ کے قاتل کا ذکر، اس نے آپ کو کیوں قتل کیا، قتل کی کیفیت اور آپ کہاں قتل ہوئے۔

زبیر بن بکار نے کہا کہ جو خوارج بچ گئے تھے انہوں نے حضرت علیؑ، معاویہ اور عمرو عاص کے قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ عبدالرحمٰن بن ملجم نے حضرت علیؑ کو قتل کرنا اپنے ذمہ لیا، اس لیے وہ کوفہ کو روانہ ہوا۔ ایک ہزار درہم میں تلوار خرید کر اس کو زہر آلود کیا، حضرت علیؑ کے پاس آیا اور آپ پر حملہ کرنا چاہتا تھا ایک دن اس کی نگاہ قطام پر پڑ گئی یہ ایک نہایت خوبصورت عورت تھی، یہ خوارج میں شامل ہو گئی تھی، کیونکہ حضرت علیؑ نے اس کے باپ اور بھائیوں کو جنگ نہروان میں قتل کیا ابن ملجم نے اس سے نکاح کی خواہش کی، اس نے کہا کہ میں صرف ایسے حق مہر پر نکاح کروں گی، جس کے سوا میں کسی اور حق پر نکاح نہیں کروں گی، اس نے پوچھا وہ حق مہر کیا ہے؟ کہا تین ہزار دینار اور علیؑ کا قتل، اس نے کہا خدا کی قسم میں نے علیؑ کو قتل کرنے کا مصمم ارادہ کر رکھا ہے اور میں یہاں حضرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

إن قتلته ورجعت فهو الذي أردت
فتبلغ شفاء نفسي ويهنيك العيش معي
وإن قتلت فما عند الله خير من الدنيا
وما فيها فقال لها: لك ما اشترطت. فقالت
له سألتمس لك من يشد ظهرك. فبعثت
إلى ابن عم لها يدعى وردان بن مجالد فأجابها
ولقى ابن ملجم شبيب بن بجرة الأشجعي
فقال يا شبيب هل لك في شرف الدنيا
والآخرة؟ قال: وما هو؟ قال: تساعدني
على قتل علي بن أبي طالب. قال ثكلتك
أمك لقد جئت شيئاً إدا.
كيف تقدر على ذلك؟ قال: إنه
رجل لا حرس له، ويخرج إلى المسجد
منفردا دون يحرسه. فنكمن له في المسجد
فإذا خرج إلى الصلاة قتلناه فإذا نجونا
نجونا، وإن قتلنا سعدنا بالذكر في الدنيا
والجنة في الآخرة. فقال: ويلك إن عليا
ذو سابقة في الإسلام مع النبي صلى الله عليه
وسلم والله ما تنشرح نفسي لقتله. قال ويلك
إنه حكم الرجال في دين الله عز وجل وقتل
إخواننا الصالحين. فنقتله ببعض من قتل
ولا تشكن في دينك فأجابه، وأقبلا حتى
دخل على قطام وهي معتكفة في المسجد

اسی لئے آیا ہوں، جب تجھے دیکھا تو تیرے
ساتھ شادی کرنے پر تیار ہو گیا ہوں، اور
کہا کہ میں جانتا ہوں اگر میں نے علیؑ کو قتل
کیا تو خود بھی نہیں بچ سکوں گا۔ کہنے لگی اگر
تم نے علیؑ کو قتل کر دیا اور بچ گیا تو تو اپنے
دل کی آگ بجھائے گا اور میرے ساتھ عیش
کرے گا، اگر تم خود قتل ہو گئے تو دنیا میں اس
سے بہتر تمہارے لئے اور کیا چیز ہو سکتی ہے
ابن ملجم نے اس سے کہا آپ کے شرائط
منظور ہیں۔ کہنے لگی اس کام میں میں تجھے
مدد کرنے والا شخص تلاش کر دوں گی اپنے
ابن عم وردان بن مجالد کو بلوا کر حالات
سے آگاہ کیا، اس نے اس کی بات مان لی
ابن ملجم شبیب بن بجرا شجعی سے ملا اس سے
کہا دنیا اور آخرت کی بھلائی چاہتے ہو؟
اس نے کہا وہ کیا چیز ہے؟ کہا میں علی
بن ابی طالبؑ کو قتل کرنا چاہتا ہوں آپ
اس بارے میں میری مدد کریں۔ اس نے کہا
تیری ماں تیرا ماتم کرے تو نے نہایت مکروہ
چیز کا مطالبہ کیا ہے، تم یہ کام کیسے کرو گے
کہا ایسے آدمی کا قتل کرنا نہایت آسان
ہے جس پر پہرہ نہیں ہے، اور اکیلا مسجد
میں نماز پڑھنے کے لئے جاتا ہے، اس کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الاعظم فی قبلة ضربتها النمها فدعت لهم
واحذوا آسیافهم، وجلسوا قبالة السدة
التی یخرج منها علی، فخرج علی الی الصلاة
الصبح فبدره شبیب فضربه فأخطأه
وضربه ابن ملجم علی رأسه وقال: الحکم
لله یا علی لا لك ولا لأصحابك فقال
علی: لا یفوتنکم الکلب فشد الناس
علیه من کل جانب لیأخذوه، وهرب
شبیب خارجا من باب کندة فلما آخذ
قال: احبسوه فان مت فاقتلوه ولا تمثلوا
به، وإن لم أمت فالأمر إلی فی العفو والقصاص
أخرجه أبو عمر.

ساتھ کوئی نگران نہیں ہوتا، جب نماز پڑھنے
جائے گا تو ہم اس کو قتل کر دیں گے۔ اگر بچ
گئے تو ٹھیک ورنہ دنیا میں نیک نامی سے
یاد کئے جائیں گے، اور آخرت میں جنت
میں جائیں گے، کہا تمہارے لئے ہلاکت ہو
علی سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
پر ایمان لائے، خدا کی قسم میرا دل آپ کے
قتل پر خوش نہیں ہوگا۔ کہا تمہارے لئے
ہلاکت ہو، علی نے خدا کے دین میں لوگوں
کو حکم مقرر کیا۔ ہمارے نیک بھائیوں کو قتل
ہم اپنے مقتولین کے بدلے اس کو قتل
کریں گے۔ اپنے دین میں شک نہ کرو۔ شبیب
نے ابن ملجم کی بات مان لی اور دونوں قطام کے پاس آ گئے۔ وہ مسجد اعظم میں قبہ لگا
کر اعتکاف میں بیٹھی ہوئی تھی، اس نے ان کو اندر بلا لیا اور اپنی تلواروں کو تیز کرنے
کے بعد مسجد کے دروازے کے سامنے بیٹھ گئے، یہ وہ جگہ تھی جہاں سے حضرت علیؑ صبح
کی نماز کے لئے تشریف لاتے تھے۔ شبیب نے حضرت پر ضرب لگائی جو خطا ہو گئی۔ اور
ابن ملجم نے آپ کے سر پر ضرب لگائی اور کہا:۔

"یا علیؑ! حکم اللہ کا ہے، نہ تیرا ہے اور نہ ہی تیرے اصحاب کا ہے"

حضرت علیؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا۔ "کتا جانے نہ پائے" ہر طرف سے لوگ
ان کے پیچھے دوڑ پڑے اور شبیب باب کندہ سے نکل کر بھاگ گیا۔ ابن ملجم پکڑا گیا، فرمایا
اس کو قید کر دو، اگر میں مر گیا تو اس کو قتل کر دینا اور اس کا ناک اور کان نہ کاٹنا، اگر میں
نہ مرا تو اس کا معاملہ میرے بس میں ہوگا، خواہ میں اس کو معاف کر دوں یا اس سے
قصاص لوں۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(شرح) . الفتك : أن يأتي الرجل وهو غار غافل حتى يشد عليه ويقتله وفيه ثلاث لغات : فتح الفاء وضمها وكسرها مع إسكان التاء كود وعم . إدا : الإد بالكسر والإدة الداهية والأمر الفظيع . ومنه قوله تعالى : لقد جئتم شيئا إدا . فتكمن له : أي تختفي ، تقول كمن كمونا ومنه الكمين في الحرب . والسدة : باب الدار ، وقد تقدم

وعن الليث بن سعد أن عبد الرحمن بن ملجم ضرب عليا في صلاة الصبح على دهش بسيف كان سمه بسم ، ومات من يومه ، ودفن بالكوفة ليلا . أخرجه البغوي في معجمه

واختلفوا في أنه : هل ضربه في الصلاة أو قبل الدخول فيها ؟ وهل استخلف من أتم الصلاة أو هو أتمها ؟ والأكثر على أنه استخلف جعدة ابن هبيرة يصلي بهم تلك الصلاة ، واختلفوا في موضع دفنه فقيل : في قصر الإمارة بالكوفة وقيل في رحبة الكوفة ، وقيل بنجف الحيرة ، قال الخجندي : والأصح عندهم أنه مدفون من وراء المسجد غير الذي يؤمه الناس اليوم

(شرح) النجف والنجفة : بالتحريك مكان لا يعلوه الماء مستطيل منقاد والجمع نجاف بالكسر ، والنجاف أيضا أسكفة الباب وهي عتبته العليا —

لیث بن سعد نے کہا کہ عبد الرحمن بن ملجم نے زہر آلود تلوار سے صبح کی نماز میں ضرب لگائی اور آپ اسی وقت فوت ہوگئے ، کوفہ میں رات کے وقت دفن ہوئے

لوگوں کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ ابن ملجم نے آپ کو حالت نماز میں ضرب لگائی یا نماز سے پہلے وار کیا ؟ آپ نے نماز تمام کرنے میں کسی کو اپنا قائم مقام کیا تھا یا خود نماز تمام فرمائی تھی ۔ اکثر حضرات کا خیال ہے کہ آپ نے جعدہ بن ہبیرہ کو اپنا نائب مقرر کیا جس نے حضرت کی ادھوری نماز تمام فرمائی ،

آپ کہاں دفن ہوئے اس میں بھی اختلاف ہے بعض نے کہا کہ آپ کوفہ کے قصر الامارہ میں دفن ہوئے ، کسی نے کہا کہ کوفہ کی مسجد کے صحن میں دفن ہوئے ، بعض نے کہا کہ حیرہ میں نجف کے مقام پر دفن ہوئے ، خجندی نے کہا لوگوں کے نزدیک درست بات یہ ہے کہ آپ مسجد کے باہر دفن ہوئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

والحيرة: بالكوفة مدينة بقرب الكوفة والنسبة اليها حيري وحاري أيضا على غير قياس، وكأنهم قلبوا الياء ألفاً

وعن أبي جعفر أن قبره جهل موضعه، وغسله الحسن والحسين وعبد الله بن جعفر: ذكره الخجندي

وصلى عليه الحسن بن علي وكبر عليه أربع تكبيرات. قال الخجندي وقيل: تسعا.

وروى هارون بن سعيد أنه كان عنده مسك أوصى أن يحنط به، وقال فضل حنوط رسول الله صلى الله عليه وسلم. أخرجه البغوي

وعن عائشة رضي الله عنها لما بلغها موت علي قالت: لتصنع العرب ماشاءت، فليس لها أحد ينهاها

(اس بارے میں ہماری کتاب "علیؑ ولی" ملاحظہ فرمائیں) امام حسن علیہ السلام نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھی اور چار تکبیریں کہیں خجندی نے کہا نو تکبیریں کہیں،

ہارون بن سعید نے کہا، آپ کے پاس مشک تھی، اور وصیت فرمائی کہ اس سے مجھے حنوط کیا جائے اور کہا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حنوط سے بچ گیا تھا۔

عائشہ کو جب آپ کی موت کا علم ہوا تو کہنے لگیں کہ

"عرب اب جو چاہیں کریں، اب ان کو کوئی ٹوکنے والا نہیں ہے"

ذكر تاريخ مقتله

وكان ذلك صبيحة يوم سبع عشرة من رمضان صبيحة بدر، وقيل ليلة الجمعة لثلاث عشرة - وقيل: لإحدى عشرة ليلة - خلت - وقيل بقيت من رمضان، وقيل: لثمان عشرة ليلة منه

آپ کے قتل کی تاریخ

۱۷ ماہ رمضان کی صبح کو قتل ہوئے، بعض نے کہا ۱۳ ماہِ رمضان جمعہ کی رات کو قتل ہوئے، بعض نے کہا ۱۱ کی رات کو قتل ہوئے، بعض نے ۱۸ ماہ صیام کی رات تحریر کی ہے سن چالیس تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سنة أربعين. ذكر ذلك كله ابن عبد البر

(صحیح تاریخ ۱۹ رماہ رمضان ۴۰ھ کو آپ کے سر پر ضرب لگی اور ۲۱ رماہ رمضان ۴۰ھ کو انتقال فرمایا)

ذكر ما ظهر من الآية في بيت المقدس لموت علي

عن ابن شهاب قال: قدمت دمشق وأنا أريد العراق، فأتيت عبد الملك لأسلم عليه، فوجدته في قبة على فرش تفوت القائم، وتحته سماطان فسلمت ثم جلست، فقال لي: يا ابن شهاب، أتعلم ما كان في بيت المقدس صباح قتل علي بن أبي طالب؟ قلت: نعم، قال: فقمت من وراء الناس حتى أتيت خلف القبة وحول إلي وجهه وأحنى علي فقال: ما كان؟ فقلت: لم يرفع حجر في بيت المقدس إلا وجد تحته دم، فقال: لم يبق أحد يعلم هذا غيري وغيرك فلا يسمعه أحد منك، فما حدثت به حتى توفي. أخرجه ابن الضحاك في الآحاد والمثاني.

علیؑ کی موت سے بیت المقدس میں معجزہ ظاہر ہوا۔

ابن شہاب نے کہا میں دمشق میں عراق کے جانے کے ارادہ سے آیا، عبد الملک کے پاس سلام کرنے کی غرض سے گیا، میں سلام کر کے بیٹھ گیا، مجھے کہا شہاب کے فرزند کیا تم کو اس بات کا علم ہے کہ جس صبح کو علی بن ابی طالبؑ قتل ہوئے اس وقت بیت المقدس میں کیا واقعہ پیش آیا؟

عرض کیا ہاں جانتا ہوں، کہا میں لوگوں کے پیچھے چل پڑا قبہ کے پیچھے آگیا، اس نے میری طرف منہ کر کے کہا کہ بتاؤ کیا ہوا؟ میں نے کہا بیت المقدس کا جو بھی پتھر اٹھایا جاتا تھا، اس کے نیچے سے خون جاری تھا کہا اس بات کو میرے اور آپ کے سوا کوئی نہ جانتے، اور کوئی شخص تم سے یہ بات نہ سنے، میں نے اس کی موت تک یہ بات کسی شخص کو نہ بتائی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذکر وصف قاتله بأشقى الآخرين

عن علي عليه السلام قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم، أتدري من أشقى الأولين؟ قلت الله ورسوله أعلم، قال: قاتلك. أخرجه أحمد في المناقب، وأخرجه ابن الضحاك وقال في أشقى الآخرين الذي يضربك على هذه فيبل منها هذه. وأخذ بلحيته

وعن صهيب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي، من أشقى الأولين يا علي؟ قال: الذي عقر ناقة صالح. قال صدقت. فمن أشقى الآخرين؟ قال الله ورسوله أعلم قال أشقى الآخرين الذي يضربك على هذه. وأشار إلى يافوخه فكان علي يقول لأهله، والله لوددت أن لو انبعث أشقاها أخرجه أبو حاتم والملاء في سيرته

وعن ابن سبع قال: سمعت عليا على المنبر يقول ما ينتظر أشقاها؟ عهد إلي رسول الله صلى الله عليه وسلم لتخضبن هذه من هذا. وأشار إلى لحيته ورأسه فقالوا، يا أمير المؤمنين، خبرنا من هو

آپ کا قاتل اشقی الآخرین ہے

علی علیہ السلام نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "یا علیؑ! کیا تم جانتے ہو اولین میں سب سے زیادہ بدبخت کون شخص ہے؟ عرض کیا، اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ اس بات کو بہتر جانتے ہیں، فرمایا وہ تمہارا قاتل ہے، فرمایا آخرین میں بدبخت وہ ہے جو تجھے اس پر تھوڑا سا پہلے ضرب لگائیگا۔ آپ نے آپ کی داڑھی کو پکڑا،

صہیب نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا یا علیؑ! اولین میں زیادہ بدبخت کون ہے؟ کہا یہ وہ شخص ہے جس نے صالح کی اونٹنی کی کونچیں کاٹ دی تھیں، فرمایا تم نے سچ کہا، فرمایا آخرین میں زیادہ بدبخت کون ہے؟ عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا یہ وہ شخص ہے جو اس پر ضرب لگائے گا۔ آنحضرتؐ نے آپ کے سر کی طرف اشارہ کیا، علیؑ اپنے گھر والوں سے فرمایا کرتے تھے، خدا کی قسم میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ اس امت کا بدبخت آدمی کھڑا ہو جائے (مجھے شہید کردے)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حتى نبتدره. فقال: أنشد الله رجلا قتل بي غير قاتلي. أخرجه المحاملي

ابن سبع نے کہا کہ میں نے علی علیہ السلام کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا اس امت کے بدبخت کو کس چیز کا انتظار ہے، مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ یہ اس سے خضاب ہوگی، آپ نے اپنی داڑھی اور سر کی طرف اشارہ کیا، لوگوں نے عرض کیا یا امیر المومنینؑ! ایسے شخص سے آگاہ فرمائیے ہم اس کو ہلاک کردیں۔ فرمایا میں ایسے شخص کو خدا کی قسم دیتا ہوں جو میری وجہ سے میرے قاتل کے علاوہ کسی اور کو قتل کرے۔

ذكر وصيته

روي أنه لما ضربه ابن ملجم أوصى إلى الحسن والحسين وصية طويلة في آخرها يا بني عبد المطلب لا تخوضوا دماء المسلمين خوضا. تقولون قتل أمير المؤمنين، ألا لا تقتلن بي إلا قاتلي: انظروا، إذا أنا مت من ضربته هذه فاضربوه ضربة ولا تمثلوا به. فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إياكم والمثلة ولو بالكلب العقور. أخرجه الفضائلي

وعن هثيم مولى الفضل قال: لما قتل ابن ملجم عليا قال للحسن والحسين

آپ کی وصیت

روایت ہے کہ جب آپ کو ابن ملجم نے ضرب لگائی تو آپ نے امام حسنؑ اور حسینؑ کو ایک لمبی وصیت فرمائی جس کے آخر میں فرمایا "اے اولادِ عبد المطلب مسلمانوں کا خون نہ بہانا، میرے قاتل کے سوا کسی اور کو قتل نہ کرنا، اچھی طرح جان لو، اگر میں اس ضربت سے مرجاؤں تو ابن ملجم کو صرف ایک ضرب لگانا اور اس کا ناک اور کان نہ کاٹنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، کہ تمہیں ناک اور کان کاٹنے سے بچنا چاہیئے، اگرچہ باؤلا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزمت عليكم لما حبستم الرجل، فان مت فاقتلوه، ولا تمثلوا به فلما مات قام اليه حسين ومحمد وقطعاه وحرقاه ونهاهم الحسن أخرجه الضحاك في الآحاد والمثاني

کتنا ہی کیوں نہ، ہیثم کے غلام فضل نے کہا جب ابن ملجم نے علیؑ کو قتل کیا، تو حضرتؑ نے حسنؑ اور حسینؑ سے فرمایا جب اس شخص کو قید کر لو تو میں تمہیں قسم دیتا ہوں اگر میں مر جاؤں تو اس کو قتل کر دینا اس کا مثلہ نہ کرنا، جب حضرتؑ فوت ہوئے تو حسینؑ اور محمدؒ نے ابن ملجم کے ٹکڑے ٹکڑے کئے اور اس کو جلا دیا، حسنؑ نے ان کو ایسا کرنے سے منع کیا۔

ذكر سنه يوم مات ومدة خلافته

واختلف في ذلك، فقيل: سنة وخمسون، وقيل: ثمان وخمسون وقيل ثلاث وستون، وقيل خمس وستون، وقيل ثمان وستون ذكره أبو عمر وغيره

وذكر أبو بكر أحمد بن الدارح في كتاب (مواليد أهل البيت) أن سنه خمس وستون، ولم يذكر وغيره صحب النبي صلى الله عليه وسلم منها بمكة ثلاث عشرة سنة، وعمره إذ ذاك اثنا عشرة سنة. ثم هاجر فصحبه بالمدينة عشر سنين وعاش بعده ثلاثين سنة

موت کے وقت آپکی عمر اور مدت خلافت

اس میں اختلاف ہے کہ موت کے وقت آپکی عمر کیا تھی، بعض نے کہا ۵۷ سال تھی بعض نے ۵۸ سال بعض نے ۶۳، بعض نے ۶۵ سال اور بعض نے ۶۸ سال بیان کی ہے، کتاب مولید اہل البیت میں تحریر ہے کہ موت کے وقت آپکی عمر ۶۵ سال تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیساتھ مکہ میں ۱۳ سال رہے، اس وقت آپ کی عمر ۱۲ سال تھی۔ ہجرت کرکے مدینہ میں آئے تو رسول اللہ کیساتھ دس سال رہے اور رسول اللہ صلعم کے انتقال کے بعد ۳۰ سال زندہ رہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الفصل الثانی عشر فی ذکر ولدہ

وکان لہ من الولد أربعۃ عشر ذکرا

أو ثمان عشرۃ أنثی

ذکر الذکور

الحسن والحسین، وقد استوعبنا ذکرهما فی مناقب ذوی القربی ولهما عقب

ومحسن، مات صغیرا، أمهم فاطمۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیها

ومحمد الأکبر، أمہ خولۃ بنت ایاس بن جعفر الحنفیۃ، ذکرہ الدار قطنی وغیرہ، وقال: وأخته لأمه، عوانۃ بنت أبی مکمل الغفاریۃ، وقیل: بل کانت أمہ من سبی الیمامۃ فصارت إلی علی، وأنها کانت أمۃ لبنی حنفۃ سندیہ سوداء، ولم تکن من انفسهم، وقیل: إن أبا بکر أعطی علیا الحنفیۃ أم محمد من سبی بنی حنیفۃ أخرجہ بن السیان، وعبد اللہ، قتلہ المختار، وأبو بکر قتل مع الحسین، أمهما لیلی بنت معوذ بن خالد النهشلی، وهی التی تزوجها عبد اللہ بن جعفر، خلف علیها بعد عمہ، جمع بین زوجۃ علی وابنتہ، فولدت لہ صالحا، وأم

حضرت کی اولادِ نرینہ کا ذکر

۱۷ فرزند

۱۔ امام حسنؑ (۲) امام حسینؑ ان دونوں حضرات کی اولادیں ہوئیں ۳۔ محسن بچپن میں فوت ہو گئے۔ ان حضرات کی والدہ فاطمہؑ بنتِ رسول اللہ صلعم ہیں۔ ۴۔ محمد اکبر جس کی والدہ خولہ بنتِ ایاس بن جعفر حنفیہ ہیں۔ (اس بات کو دار قطنی وغیرہ نے ذکر کیا ہے۔) آپ کی مادری بہن عوانہ بنتِ ابو مکمل غفاریہ ہیں۔ بعض نے کہا ہے بلکہ آپ کی ماں یمامہ کی قیدیوں میں سے تھیں جو علیؑ کے عقد میں آئی۔ جو بنو حنیفہ سندیہ سوداؑ کی لونڈی تھیں، بعض نے کہا کہ ابوبکر نے علیؑ کو حنیفہ دی تھی جو محمد کی ماں ہیں۔ جو بنو حنیفہ کی قیدیوں میں سے تھی (۵) عبداللہ جس کو مختار نے قتل کیا (۶) ابوبکر جو امام حسین علیہ السلام کے ساتھ شہید ہوئے، ان دونوں کی ماں لیلیٰ معوذ بن خالد نہشلی تھیں، یہ وہ مستورہ ہیں جن سے عبداللہ بن جعفر نے اپنے چچا کے انتقال کے بعد شادی کی، علیؑ کی زوجہ اور آپ کی بیٹی بیک وقت آپ کے عقد میں تھیں۔ (۷) عباس الاکبر (۸) عثمان (۹) جعفر (۱۰) عبداللہ امام حسینؑ کے ساتھ کربلا میں شہید ہوئے۔ ان کی ماں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابنها أم محمد بني عبد الله ابن جعفر، فهم
إخوة عبد الله وأبي بكر ابني علي لأمهما
ذكره الدارقطني والعباس الأكبر. و.
عثمان. وجعفر. و. عبد الله. قتلوا مع
الحسين أيضاً. أمهم أم البنين بنت حزام
بن خالد الوحيدية ثم الكلابية. و.
محمد الأصغر. قتل مع الحسين أيضاً أمه
أم ولد. ويحيى. وعون أمهما أسماء بنت
عميس. فهما أخوا بني جعفر بن أبي طالب
وأخوا محمد ابن أبي بكر لأمهم. وعمر الأكبر
أمه أم حبيب الصهباء التغلبية. سبية
سباها خالد في الردة فاشتراها علي. ومحمد
الأوسط. أمه بنت أبي العاص

ذكر الإناث

أم كلثوم الكبرى. و. زينب الكبرى
شقيقتا الحسن والحسين. ورقية. شقيقة عمر
الأكبر. و. أم الحسن. و. رملة الكبرى
أمهما أم سعد بنت عروة بن مسعود الثقفي و
أم هانئ. وميمونة. و. رملة الصغرى
و. زينب الصغرى. و. أم كلثوم الصغرى
و. فاطمة. و. أمامة. وخديجة. و. أم
الكرام. و. أم سلمة. و. أم جعفر. و

ام البنین بنت حزام بن خالد وحیدیہ ثم کلابیہ
(۱۱) محمد اصغر حسینؑ کے ساتھ شہید ہوئے آپ کی
والدہ ام ولد ہے (۱۲) یحییٰ (۱۳) عون، دونوں
کی ماں اسماء بنت عمیس ہیں (۱۴) عمر الاکبر آپ
کی والدہ ام حبیب صہبا تغلبیہ ہیں، جو
لونڈی تھیں، ان کو جنگ ردہ میں خالد نے
گرفتار کیا تھا حضرت علیؑ نے ان کو خریدا تھا
محمد اوسط جن کی ماں ابو العاص کی بیٹی ہیں۔

حضرت کی لڑکیاں

۱۸ بیٹیاں

(۱) ام کلثوم کبریٰ (۲) زینب کبریٰ، امام حسنؑ
اور حسینؑ کی حقیقی بہنیں (۳) رقیہ عمر اکبر کی
حقیقی بہن (۴) ام الحسن (۵) رملۃ الکبریٰ
دونوں کی والدہ ام سعد بنت عروہ بن مسعود
ثقفی ہے (۶) ام ہانی (۷) میمونہ (۸) رملۃ
الصغریٰ (۹) زینب الصغریٰ (۱۰) ام کلثوم
صغریٰ (۱۱) فاطمہ (۱۲) امامہ (۱۳) خدیجہ (۱۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

... ونقيه، لأمهات أولاد شتى، ذكرها ابن قتيبة وصاحب الصفوة

وعقبه من الحسن والحسين ومحمد بن الحنفية وعمر والعباس

وتزوج بنات علي بنو عقيل وبنو العباس ماخلا زينب بنت فاطمة كانت تحت عبدالله بن جعفر، وأم كلثوم بنت فاطمة كانت تحت عمر بن الخطاب، فمات عنها، فتزوجها بعده محمد بن جعفر بن أبي طالب، فمات عنها فتزوجها بعده عون بن جعفر بن أبي طالب، فمات عنده، وأم حسن تزوجها جعفر بن هبيرة المخزومي، وفاطمة تزوجها سعد بن الأسود من بني الحارث، والله أعلم

ام الکرام (۱۵) ام سلمہ (۱۶) ام جعفر (۱۷) جمانہ (۱۸) نقیہ، حضرتؑ کی لونڈیوں سے مختلف اولادیں تھیں۔

مندرجہ ذیل فرزندوں سے آپ کا سلسلہ نسب چلا، امام حسنؑ، امام حسینؑ، محمد بن حنیفہ، عمر اور عباس، علیؑ کی بیٹیوں کی شادی عقیل اور عباس کے بیٹوں سے ہوئی۔ زینب بنت فاطمہؑ کی شادی عبداللہ بن جعفر سے ہوئی، ام کلثوم کی شادی محمد بن جعفر سے ہوئی۔ محمدؒ کی موت کے بعد عون بن جعفر بن ابی طالب سے شادی کی، ام حسنؑ سے جعفر بن ہبیرہ مخزومی نے اور فاطمہؑ سے سعد بن اسود نے جو جس کا تعلق بنی حارث سے تھا شادی کی۔"

آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

صلی اللہ علی محمد وآلہ الطاہرین

حررہ

محمد شریف عفی اللہ عنہ

۸۵۔ شمس آباد کالونی، ملتان، پاکستان

۱۲ر جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ ۲۰ر اگست ۱۹۷۸ء

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صحت نامہ

غلط	درست	صفحہ	سطر
بن	بنت	۸	۱
فجندی اور سحلینی	جندی اور سلفی	//	۸
طا	طائی	//	۱۰
جبیب مری	حبیب بن مری	۹	۱۷
اپنی	آپکی	۱۰	۲۰
کر دیا کہو	کر دیا، کہا، کہو	۱۲	۱۹
ابوتراب پر ہے	ابوتراب پر	۱۲	۹
فجندی	جندی	۱۴	۹
رواستے	استے	۱۵	۱۱
ایک	×	//	۱۷
میں علیؑ	میں نے علیؑ	//	۱۹
اگر	آپ کے	۱۶	۹
ریش	ریش	۱۶	۱۵
شیبی	شیبی	//	۱۶
آپ کا لڑکا	آپ کا ایک لڑکا	۱۹	۱۰
اسے	×	۲۰	۱۳
اول المومنین	اول المسلمین	//	۱۴
راوی	مروی	۲۱	۱
پہلے لایا	پہلے اسلام لایا	//	۷
سلیمان	سلمان	//	۱۲
نقول	منقول	//	۱۵
اس شخص	اس شخص سے	۲۴	۲۰
کے ساتھ	×	۲۵	//
اقائم	اقام	۲۷	۷
سے علیؑ	کے بعد علیؑ	۲۷	۸
پلنے والے	پالنے والے	۲۹	۲
تشریف	تشریف لائے	۳۰	۱
پاس شخص	پاس اس شخص	۳۱	۲۰
طازمت	ملازمت	۳۱	۱۸
بھیج جو تمہارے اور جو	بھیج جو تمہارے اور	۳۱	۱۹
جنگلوں	جنگوں	۳۳	۱
علی گالیاں	علیؑ کو گالیاں	۳۴	۱۴
میرے بعد	تیرے بعد	۳۹	۲
بعض	بغض	۴۵	۵
بعض	بغض	۴۵	۱۳
تم تمہارا بھائی ہو	میں تمہارا بھائی	۵۰	۳
بات کے تیار	بات کیلئے تیار	۵۱	۱۴
ہاتھ پر مارا	ہاتھ پر اپنا ہاتھ مارا	//	۲۰
عبداللہ بن عمر	عمر بن عبداللہ	۵۲	۱۳
حدیث	سے	۵۷	۱
مدت	موت	//	۶،۴
حضرت نے	[illegible]	[illegible]	۱۱
عن	عنہ	//	۳
جہنم کو پل صراط کر	پل صراط کو جہنم پر	۶۳	۱۶
انہ	جعرانہ	۶۶	۲۰
نبی	بن کر	۶۷	۲۰
انہ	جعرانہ	۶۸	۱۱
سورہ برأت	سورہ برأت کی	۶۹	۲۴
غرا المحجلین	غرا المحجلین	۷۳	۵
غزا المجلیں	غر المحجلین	//	۱۴
آنحضرت کی	×	۷۵	۹
ایک	آپ	//	۱۷
ان کو	تو	۷۶	۶
دوست علی کو	دوست کو	۷۷	۱۹
گھوڑا	کہا، گھوڑا	۸۰	۶
فرمایا	فرمایا، ہاں	//	۲۲
مردود کی	مردود سے	۸۱	۷
ریجھ	اچھا	۸۲	۷
اپنی	آپکی	۸۴	۱۴
اس ارحام کو دلایا	اس نے ارحام کو دلایا	۸۷	۱
مجھے نے	مجھے اللہ نے	//	۲۲
نصب	نسب	//	۵
تم دونوں کو	تم دونوں سے	۸۸	۲۳
جس سے	جس کے ہاتھ پہ	۹۰	۶
جائیں	جائیں فرمایا	//	۲۰
ٹکرے	ٹکڑے	۹۵	۳
نیزہ لگا	نیزہ لگاتا	//	۱۰
کل	فرمایا کل	۹۶	۱۳
طرف	طرف بھیجا	۹۸	۲
آشوب چشم	آشوب چشم میں	۹۸	۱۲
خصوصیات	خصوصیت	۱۰۰	۱۵
کو ذلیل	اس کو ذلیل	۱۰۲	۱۷
نے	نے فرمایا	۱۰۳	۵
ان	×	//	۸
کمرے	خیمے	//	۱۳
جوڑ کو	جن کی	//	۱۵
لگایا	میری آنکھوں میں لگایا	۱۰۴	۷
اور مجھے	جب مجھے	//	۱۲
ایسا شخص	ایسا شخص جلد	۱۰۶	۴
نعمر	معمر	۱۰۹	۹
نازل پہ	نازل ہونے پہ	۱۱۱	۸
عمر نے فرمایا	عمر نے عرض کیا	//	۱۰
ماسوائے علی	×	۱۱۲	۱۸
رسول اللہ	رسول اللہ نے	۱۱۳	۲
کے حکم ارشاد	×	//	۴،۳
عمر	×	//	۲۴
میں مزار	میں نے مزار	۱۱۵	۱۳
بڑھا	بڑھے	۱۱۶	۷
تنفس	متنفس	۱۱۸	۱۶،۱۳
دریافت	دریافت کرو	۱۲۱	۱۵
لور	لوار	۱۲۴	۱۵
نہ ہوا	ہوا	۱۲۷	۵
عمر علیہ السلام	علی علیہ السلام	۱۳۱	۹
ہدایت	ایت	۱۳۲	۲۱
کے	کے پاس	۱۳۵	۱۶
سب	بہت	۱۳۷	۹
ماننے	اس نے ماننے	۱۳۶	۹
دیت	ایت	۱۴۰	۱
دیت کو دوسری دیت	آیت کو دوسری آیت	//	۶
انکار کیا	انکار دیا	۱۴۲	۱۷
حاکمی نے علی	حاکمی نے کہا	//	۱۰
سب سے پہلے قیامت میں حساب ہوگا	سب سے پہلے قیامت میں حساب لیا جائیگا	۱۴۴	۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غلط	درست	صفحہ	سطر
لوار احمد کے	لوا احمدؐ آپ	۱۴۹	۵
صی	حیّ	۱۵۱	۱
صہ	طرح	۱۵۲	۴
تم نے	تم یہ	۱۵۳	۱۲
طوال نے	طوال میں	″	۱۴
اپنی	آپ کی	۱۵۴	۷
نے محمدؐ	نے کہا محمدؐ	۱۵۵	۱۰
بابغہ	نابغہ	″	۱۴
دلی	ولی اللہ	۱۶۰	۱
جولیٰ	کی	۱۶۱	۴
[illegible]	[illegible]	۱۶۳	۱۰
جاجنتی	جنتی	۱۶۵	۱۷
اس امت	آپ اس امت کے	۱۶۶	۱۰
کر تفسیر	کی تفسیر	″	۱۶
ذوالقرنین	ذوالقرنین نے	″	″
عنبر	×	۱۶۹	۳
کا	اس کا	۱۷۲	۱۳

غلط	درست	صفحہ	سطر
صرار	ضرار	۱۷۳	۱۰
اگر	اگر بیان	″	۱۳
مساکین	قوی	۱۷۴	۹
صاحب نفل	صاحب فضل	۱۷۵	۷
میں حضرت	میں نے حضرت علیؑ	۱۷۷	۹
صحبت	محبت	۱۷۸	۶، ۸
رکھا	رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا	″	۱۲
دلوں	دونوں	″	۱۴
گا	بغض رکھے گا	۱۷۹	۵
خلق	×	۱۸۰	۶
ہے	نے	″	۱۱
منفاقین	منافقین	″	۱۷
ہے	جیسے طرح آگ لکڑی کو	۱۸۱	۱۰
صحبت	محبت	۱۸۲	۲
سنا	سنائی	۱۸۳	۵
خوشرہ	کوثرہ	۱۸۳	۱۰

غلط	درست	صفحہ	سطر
بوجھ	بوجھ ختم	۱۸۴	۱۶
نیکر	نکیر	۱۸۵	۶
دیا	×	۱۸۹	۱۴
طرف	طرف دیکھتے ہوئے	۱۹۵	۴
پاس	پاس سے گئے	۱۹۶	۱۷
ہو	ہو کہا	۱۹۷	۷
آپ	آپ کو	۲۰۰	۱
ابوہرا	ابوالزہرا	۲۰۱	۱
جعفری	حضرمی	″	۱۰
عرب	عرب سعید	۲۰۲	۱۶
بعلام	کلام	۲۰۴	۳
اب	متوقفی	۲۰۵	۱۵
محمد بن جعفر	جعفر بن محمد	۲۱۷	۷
ابجر	ابو ابجر	۲۲۳	۱۱
کرے گا	کرے گی	۲۴۶	۶
رقم کا	تو	۲۹۵	۱۳

فوق بلگرامی کی اہم تصانیف

اسوۃ الرسول (اول)

اسوۃ الرسول (دوئم)

اسوۃ الرسول سوئم

اسوۃ الرسول (چہارم)

سراج المبین فی تاریخ امیر المومنین

ذبح عظیم

ماثر الباقریہ

آثار جعفریہ

الزہراءؑ

در مقصود

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas